www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 26 رجب 1447ھ 16 جنوری 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 193

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

گیس کی عدم فراہمی اور کم پریشر سے بلوچستان کے عوام سخت پریشان، وزیراعظم کو تشویش سے آگاہ کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ

شدید سرد موسم میں لوگوں کو اس طرح مشکلات سے دوچار کرنا کسی صورت قبول نہیں، گیس کی محدود فراہمی ناانصافی کے مترادف ہے، جس کے باعث عوام شدید اذیت میں مبتلا ہیں

افسوس کا مقام ہے کہ سوئی جہاں سے ملک بھر کو گیس فراہم کی جاتی ہے، وہاں آج بھی گیس کے سنگین مسائل موجود ہیں اور خواتین لکڑیوں پر روٹی پکانے پر مجبور ہیں، میر سرفراز بگٹی

اس سنگین صورتحال سے وزیراعظم پاکستان کو باضابطہ طور پر خط لکھ کر آگاہ کیا جائے گا، پی پی ایل اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام گیس بحران کو ہر صورت حل کریں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شدید سردی کے دوران کوئٹہ، زیارت، سوئی اور قلات میں گیس کی کم پریشر اور عدم دستیابی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو اس شدید سرد موسم میں اس طرح مشکلات سے دوچار کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پی پی ایل اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام کا اعلیٰ سطحی اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں اراکین بلوچستان اسمبلی نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں مختلف علاقوں میں گیس پریشر میں کمی، طویل بندش اور عدم فراہمی سے متعلق شکایات پر تفصیلی غور کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے گیس حادثات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکام کو ہدایت کی کہ حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر، سخت اور نتیجہ خیز بنایا جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ صارفین کے لیے گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر ناقابل قبول ہے اور اس کا فوری، مستقل اور قابل عمل حل نکالا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وفاقی وزارت توانائی کی جانب سے بلوچستان کے لیے گیس کی محدود ایلوکیشن صوبے کے عوام کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے جس کے باعث عوام شدید اذیت میں مبتلا ہیں انہوں نے کہا کہ اس سنگین صورتحال سے وزیراعظم پاکستان کو باضابطہ طور پر خط لکھ کر آگاہ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ سوئی، جہاں سے ملک بھر کو گیس فراہم کی جاتی ہے، وہیں آج بھی گیس......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی ورکر عمران خان کی امانت ہیں، سہیل آفریدی

آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ

کراچی (مڈ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور آزادی عدلیہ کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا اور بانی......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی پی ٹی آئی کارکن بلال محسود کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خاران میں پولیس اسٹیشن اور سرکاری املاک پر حملہ، 4 دہشتگرد ہلاک

فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے ہلاک دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا

گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر سوار 30 سے 40 دہشت گردوں نے بینک لوٹنے کی کوشش کی، شہر میں شدید فائرنگ

سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں دیگر حملہ آور فرار ہوگئے، رات گئے تک جھڑپیں جاری رہیں، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے خاران بازار میں دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم بی ایل اے کے چار دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ بھاری تعداد میں اسلحہ قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر چوہدری سالک صوبائی وزراء سردار کوہیار ڈومکی، نور محمد دمڑ و دیگر تقریب میں شریک ہیں

کے پی میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں، 13 بھارتی حمایت یافتہ خارجی ہلاک

بنوں میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرکے 8 خارجیوں کو ہلاک کیا، دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر طور پر نشانہ بنایا گیا

کرم میں فورسز کی دوسری کارروائی کے دوران 5 خوارج ہلاک ہوئے، آپریشن خفیہ اطلاع پر کیئے گئے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران 13 بھارتی حمایت یافتہ خارجی ہلاک کردیئے گئے۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر خارجیوں کے خلاف دو مختلف کارروائیاں کیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بنوں میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرکے 8 خارجیوں کو ہلاک کیا، کارروائی کے دوران......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی دہشتگردی کیخلاف قربانیاں عالمی سطح پر تسلیم شدہ، بھارتی آرمی چیف کے الزامات خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہیں، پریس بریفنگ

ایران پر امریکی حملہ، پاکستان فضائی حدود استعمال کرنیکی اجازت نہیں دیگا، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان ایران کی صورتحال سے متعلق پیشرفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، ایرانی قیادت اور عوام پر یقین، خطے میں امن، خوشحالی اور استحکام چاہتے ہیں

امریکی امیگرنٹ ویزا کی پروسیسنگ سے متعلق امریکی حکام سے رابطہ ہے، امید ہے امیگرنٹ ویزا کی معمول کی آن لائن پروسیسنگ جلد بحال ہو جائے گی

معاہدہ ابراہیمی پر پاکستان کا بینچ مارک ایک آزاد اور خودمختار ریاست فلسطین کا قیام ہے، پاکستان عرب ممالک کے گروپ کے ذریعے غزہ امن عمل میں شریک ہے

پاکستان پر بھارت کے الزامات سیاسی مقاصد کے لیے گھڑی گئی من گھڑت کہانی ہیں، الزامات دنیا میں خود بھارت کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہے ہیں، طاہر اندرابی

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان نے کہا ہے کہ ایران کی صورت حال پر نظر ہے، ایران کیخلاف اپنی سرزمین و فضا استعمال نہ ہونے دینے کے موقف پر کاربند ہیں، ایران کے مسئلہ کا پرامن حل چاہتے ہیں، امن کے لئے کردار ادا کرتے رہیں گے، خطے میں......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی گیس سے متعلق شکایات اور مسائل کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہداء کے خون کا ہر قطرہ ملکی تحفظ کی ضمانت ہے، محسن نقوی

میجر انور کاکڑ نے وطن کے دفاع میں جان قربان کرکے شہادت کا اعلیٰ ترین رتبہ حاصل کیا، قربانی فراموش نہیں کی جاسکتی

پاکستان کے بہادر سپوت کی باہمت والدہ پر پوری قوم کو فخر ہے، بات چیت، شہید کی والدہ بچوں و بھائیوں سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو یہاں میجر انور کاکڑ شہید کی رہائش گاہ پہنچے جہاں انہوں نے شہید کی والدہ، بھائیوں اور کمسن بیٹوں سے ملاقات کرکے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اس موقع پر......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کسٹمز نے سرکاری بینک ریٹس کے مطابق شپنگ چارجز نافذ کردیے

شپنگ چارجز کے نتیجے میں حد سے زیادہ بلنگ کی پریکٹس کا خاتمہ ہوگیا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف بی آر کے ادارے پاکستان کسٹمز نے تاریخی کامیابی حاصل کرتے ہوئے جہاز رانی کی صنعت کے لیے سرکاری بینک ایکس چینج......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پاک سعودی اور ترکیہ دفاعی معاہدے کا مسودہ تیار ہوگیا، رضا حیات

مسودہ تینوں ممالک کے پاس موجود ہے، حتمی شکل دینے کے لیے تینوں ممالک کے درمیان مکمل اتفاق رائے ضروری ہے، گفتگو

تمام علاقائی ممالک کو سیکورٹی معاملے پر ایک مشترکہ تعاون کے پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا چاہیے، ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے دفاعی پیداوار رضا حیات ہراج کا کہنا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے تقریباً ایک سال کی بات چیت کے بعد دفاعی معاہدے کا ایک مسودہ تیار کرلیا ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے رضا حیات ہراج کا کہنا تھا کہ تینوں علاقائی طاقتوں کے درمیان یہ ممکنہ معاہدہ گزشتہ سال اعلان کیے گئے پاکستان اور سعودی عرب کے دوطرفہ معاہدے سے الگ ہے۔ ان کے مطابق معاہدے کو حتمی......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں بارش و برفباری کا نیا سسٹم داخل، الرٹ جاری

کوئٹہ، چمن، قلات، قلعہ سیف اللہ و دیگر علاقوں میں شدید برفباری کا امکان

مغربی ہواؤں کا طاقتور سلسلہ صوبے میں داخل ہو رہا ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں بارشوں اور برفباری کا نیا سسٹم داخل ہوگیا، محکمہ موسمیات نے الرٹ جاری کردیا تفصیلات کے مطابق محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے بالائی اور وسطی اضلاع میں بارش اور برفباری کے نئے سلسلے کی پیشگوئی کی ہے۔ پاکستان میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری الرٹ کے مطابق مغربی ہواؤں کا ایک......

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان میں غربت و جبر، عوامی غصے میں اضافہ

معاشی بدحالی اور مسائل کو نظر انداز کرنے سے عدم استحکام بڑھ رہا ہے

طالبان سے بحرانوں پر جوابدہی کی توقع رکھتے ہیں، سابق افغان وزیر

کابل (مڈ) افغانستان میں بڑھتی ہوئی غربت، بیروزگاری اور سیاسی بحران کے باعث طالبان حکومت کے خلاف عوامی غصے میں اضافے اور ممکنہ بغاوت کے خدشات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔ افغان میڈیا کے مطابق سابق افغان وزیر انوارالحق احادی نے خبردار کیا ہے کہ طالبان کی جانب سے جابرانہ حکمرانی، معاشی بدحالی اور عوامی مسائل کو نظر انداز کرنے کے باعث ملک میں عدم استحکام بڑھ رہا ہے۔ انوارالحق احادی کا کہنا تھا کہ افغان عوام شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں اور طالبان سے اقتصادی، بحران اور روزگار کے مسائل پر جوابدہی کی توقع رکھتے ہیں......

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

جدید معاشرے میں تعلیم کا مقصد امن و رواداری کا فروغ ہے، گورنر

کانووکیشن صرف ڈگریاں تقسیم کرنے کا نام نہیں، ہمارے نوجوانوں کے خوابوں کی تکمیل اور عملی زندگی میں قدم رکھنے کا دن ہے

جامعہ تربت نے مختصر عرصے میں قابل فخر مقام پیدا کیا، جعفر خان مندوخیل، گولڈ میڈلز جیتنے والوں کو نقد رقم دینے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف تربت کے تیسرے کانووکیشن میں گولڈ میڈلز جیتنے والے گریجویٹس کیلئے ایک ایک لاکھ کیش رقم دینے کا اعلان کیا جس سے یونیورسٹی کے تمام اسٹوڈنٹس اور وہاں موجود والدین میں خوشی کی لہر دوڑی۔ تربت یونیورسٹی اپنے قیام سے ہی جنوبی بلوچستان میں بہت اہم کردار ادا کرتی آرہی ہے۔......

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ کے 11 ایڈیشنل ججز کو مستقل کرنے کی منظوری

جوڈیشل کمیشن کا اجلاس، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت فیصلے

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) جوڈیشل کمیشن نے لاہور ہائیکورٹ کے 11 ایڈیشنل ججز کو مستقل کرنے کی منظوری دیدی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر......

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

صنعتوں کی گیس کم کرکے گھریلو صارفین کو فراہمی بڑھانے پر غور

گھریلو گیس سپلائی 691 سے بڑھا کر 746 ایم ایم سی ایف ڈی کر دی، وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے سردی میں اضافے کے باعث گیس کی فراہمی میں کمی کا نوٹس لیتے ہوئے گھریلو صارفین کو فوری......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

چین پاکستان کیساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، شہباز شریف

پاک چین سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کی تقریب دونوں ممالک کیلئے نہایت اہم ہے

چین کے بین الاقوامی شعبے کی نائب وزیر کا دورہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، استقبال کے موقع پر گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے چین کی کمیونسٹ پارٹی کے بین الاقوامی شعبے کی نائب وزیر سن ہائی یان سے ملاقات میں کہا کہ پاکستان کا چین......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن کو طلباء کیلئے بس کی چابیاں دے رہے ہیں

راولپنڈی: اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کو تبدیل کردیا گیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل راولپنڈی عبدالغفور انجم کو تبدیل کردیا گیا۔ راولپنڈی عبدالغفور انجم کو سپرنٹنڈنٹ فیصل آباد جیل تعینات کردیا گیا۔ راولپنڈی سپرنٹنڈنٹ فیصل آباد جیل......

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن، پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد

گجرات (مڈ) گجرات میں ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کیس میں سابق وزیراعلیٰ پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کردی گئی۔ لاہور کی احتساب عدالت میں گجرات میں ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کیس کی سماعت ہوئی......

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر امریکی حملے کا خطرہ ٹل گیا، رانا ثناء اللہ

عقیدے، مذہب، نظریے کی بنیاد پر بننے والی مزاحمت خطے کو لپیٹ میں لے گی

ہمیں آپس میں صلح کرنی چاہیے، جو صلح کرنے سے انکاری ہے قصور اس کا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم کے مشیر اور سینئر رہنما رانا ثناء اللہ نے سماء ٹی وی کے پروگرام "ندیم ملک لائیو" میں خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران پر امریکا کا حملہ ٹل گیا ہے، ایران پر حملے کے حالات نہیں رہے، ایران میں اتحاد آیا، حکومت کی حمایت میں......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید میجر انور کاکڑ کی والدہ سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

تربت و گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) تربت اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے زلزلہ پیما مرکز کے مطابق جمعرات کو تربت اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس......

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے پاکستان آسان خدمت مرکز کا افتتاح کر دیا

عوام کو ایک ہی چھت تلے مختلف سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان آسان خدمت مرکز کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب......

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایم ڈی سی روز نئے قانون بنارہی ہے، فارن ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

نیشنل رجسٹریشن امتحانات کے نتائج تسلیم نہیں کرتے، رہنماؤں کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان فارن ڈاکٹرز میڈیکل گریجویٹس ایسوسی ایشن نے پی ایم اینڈ ڈی سی کے نیشنل رجسٹریشن امتحانات کے نتائج مسترد کردیے......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر کی تعیناتی، سپیکر نے آئینی ماہرین سے مشاورت مکمل کرلی

قائد حزب اختلاف کے تقرر کا اعلان ایوان کے اندر ہی کیا جائے، ماہرین کی رائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کی تعیناتی کے معاملے پر سپیکر سردار ایاز صادق نے اسمبلی حکام اور آئینی ماہرین سے مشاورت مکمل کرلی، قانونی ماہرین نے سپیکر کو محمود اچکزئی کا نام ایوان میں ہی اعلان کرنے کی رائے دیدی۔......

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی وی میں تمام اینکرز میرٹ پر تعینات ہوئے، وفاقی وزیر اطلاعات

پی ٹی وی اسپورٹس پر اشتہارات بھی حاصل ہو رہے ہیں، اسپورٹس چینل کامیابی سے چل رہا ہے، عطاء تارڑ

تمام ملازمین کو تنخواہوں اور پنشن کے واجبات ادا کیے جاچکے ہیں، ادارے کے نہ چلنے کا تاثر درست نہیں، گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی وی میں تمام اینکرز میرٹ پر تعینات ہوئے کوئی سفارش نہیں، پی ٹی وی اسپورٹس چینل بہتر انداز میں چل رہا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت کی آصف زرداری، نواز شریف، عمران خان کے ناموں کی مجوزہ نمبر پلیٹس 27 جنوری کو نیلام کی جائیں گی

نہیں چاہتے کچھ ایسا ہو جس سے پاکستان کو نقصان پہنچے، سلمان اکرم راجہ

تمام لوگوں کو پتا چل چکا ہے کہ ملک غلط سمت میں جا رہا ہے، ہوشمندی کا تقاضا ہے بات کی جائے، سیکرٹری جنرل

26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدلیہ کو بے وقعت کیا گیا ہے، ہائیکورٹ میں میڈیا نمائندوں سے گفتگو

پشاور (مڈ) تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ ہوشمندی کا تقاضا ہے بات کی جائے، ہم نہیں چاہتے کچھ ایسا ہو جس سے پاکستان کا نقصان ہو۔ ہائی کورٹ میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا......

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری، بحرینی وزیر داخلہ ملاقات، سیکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال

منشیات سمگلنگ کیخلاف مشترکہ اقدامات پر اتفاق، منظم جرائم کیخلاف مشترکہ حکمت عملی پر زور

منامہ (مڈ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے منامہ میں بحرینی وزیر داخلہ سے ملاقات کی جس میں سیکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان......

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

زرمبادلہ کے ذخائر میں ایک کروڑ 61 لاکھ ڈالرز کا اضافہ ریکارڈ

ایک ہفتے میں مجموعی ذخائر کی مالیت 21 ارب 24 کروڑ 84 لاکھ ڈالر کی سطح پر آگئی

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں گزشتہ ہفتے کے دوران ایک کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 16 ارب 5 کروڑ......

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

نامزد ملزم عاطف ریاض کے وکیل پیش نہیں ہوئے، 10 ہزار جرمانہ عائد

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے علیمہ خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کرلی۔ جمعرات کو عدالت میں علیمہ خان......

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ منصوبے کا دوسرا مرحلہ شروع، امریکا کا حماس کو غیر مسلح کرنے کا اعلان

جنگ بندی کے بعد غزہ کو غیر فوجی علاقہ بنانا، تکنیکی حکومت قائم کرنا اور تعمیر نو شامل ہے، خصوصی ایلچی ٹرمپ

جنگ کے بعد کے انتظامات کیلئے 15 رکنی فلسطینی تکنیکی کمیٹی قائم کی جائے گی جو غزہ کے انتظامی امور سنبھالے گی

حماس کی ذمہ داریوں میں یرغمالیوں کی فوری واپسی شامل، تعاون نہ کیا تو سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (مڈ) امریکا نے اعلان کیا ہے کہ غزہ سے متعلق جنگ بندی منصوبہ اب دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جس کا بنیادی مقصد حماس کو غیر مسلح کرنا ہے۔ خبر......

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ہم نہیں چاہتے جمہوریت ڈی ریل ہو، ترجمان بانی پی ٹی آئی

ملاقات نہیں کرائی جاتی، معلوم نہیں بانی پی ٹی آئی کس حالت میں ہیں، نیاز اللہ

اسلام آباد ہائی کورٹ کے لارجر بینچ کے احکامات ہیں ملاقات کرائیں، گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان سے اڈیالہ جیل میں کسی بھی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی......

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے ایران پر زوردار حملہ کرنیکی تیاری مکمل کرلی، امریکی ٹی وی کا دعویٰ

سیکورٹی صورتحال کے سبب اسپین، پولینڈ اور اٹلی نے اپنے شہریوں کو ایران فوری چھوڑنے کی ہدایت کردی

ایران میں ہنگامہ آرائی توڑ پھوڑ کے دوران گرفتار سرغنہ خاتون کا اسرائیلی وزیراعظم سے رابطوں کا اعتراف

امریکی فہرست میں سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے سیکرٹری علی لاریجانی کے علاوہ فوج کے اعلیٰ کمانڈر اور وزارت خزانہ کے حکام شامل

واشنگٹن، تہران (مڈ) امریکی ٹی وی نے صدر ٹرمپ کی جانب سے ایران پر زوردار حملے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ امریکی ٹی وی کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ ایران پر زوردار......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

سبی: نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، خاتون جاں بحق

خاتون مسماۃ (ر) بیٹے کو اسکول چھوڑنے آئی، مسلح افراد نے فائرنگ کردی

خاتون سردار نور احمد بنگلزئی کی کزن اور اے سی بختیار آباد کی ہمشیرہ تھیں

سبی (نمائندہ مشرق) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اللہ آباد کے گیٹ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئی، جبکہ حملہ آور واردات......

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

خورد برد کا الزام، گورنمنٹ سکول کا سابق پرنسپل گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن نے فلسر بجٹ میں لاکھوں روپے کی خورد برد کے الزام میں گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول موسیٰ خیل کے سابق پرنسپل کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان کو پرنسپل گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول موسیٰ......

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

متنازع ٹوئٹ، ایمان مزاری و ہادی چٹھہ کی ضمانت منسوخ

ملزمان کا جرح کا حق ختم، گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم جاری



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مقامی عدالت نے متنازع ٹوئٹ کیس میں ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کی ضمانت منسوخ کردی۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف متنازع ٹوئٹس......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان، پولیس چیک پوسٹ پر حملہ ناکام، 2 دہشت گرد ہلاک

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) پولیس نے چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام بناتے ہوئے 2 خوارج کو جہنم واصل کر دیا۔ ڈی پی او صاحبزادہ سجاد احمد......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

گاڑیوں کی درآمد سے متعلق پالیسی میں بڑی تبدیلیاں

گاڑی ایک سال تک کسی دوسرے شخص کے نام پر منتقل نہیں ہوسکے گی

اب گاڑی درآمد کرنے کی مدت بڑھا کر 850 دن کر دی گئی، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے بیرون ملک سے گاڑیوں کی درآمد کے حوالے سے درآمدی پالیسی آرڈر 2022 میں اہم ترامیم کی منظوری دے دی ہے۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کی منظوری کے بعد وزارت تجارت نے ترمیم شدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اب پرسنل بیگیج اسکیم کے تحت گاڑیوں کی درآمد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ بیرون ملک سے گاڑیاں صرف ٹرانسفر آف ریذیڈنس اسکیم اور تحفہ اسکیم کے تحت......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی: مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

حوالدار علی گوہر مگسی کو ہائی سکول روڈ پر نشانہ بنایا گیا، ملزمان کی تلاش جاری

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس حوالدار کو شہید کردیا اور فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے ہائی......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کی طالبان حکومت عملی طور پر دو دھڑوں میں تقسیم

اعلیٰ قیادت میں سخت اندرونی اختلافات منظر عام پر آگئے، ہیبت اللہ اخوندزادہ سخت گیر اسلامی امارت کے قائل

کابل میں موجودہ دھڑا افغانستان کیلئے خلیجی ریاستوں جیسا ماڈل چاہتا، لڑکیوں کی تعلیم کا بھی حامی ہے، رپورٹ

کابل (مڈ) افغان طالبان کی اعلیٰ قیادت میں سخت اندرونی اختلافات منظر عام پر آئے ہیں اور یہ کہا جا رہا ہے کہ افغانستان کی طالبان حکومت اب عملی طور پر دو دھڑوں میں تقسیم ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی ایک حالیہ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق طالبان......

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے طالب علم کی تحقیق کی عالمی سطح پر پذیرائی

اعلیٰ معیار کا فائبر تیار کرنے کیلئے چار سال تک تحقیق کی، طالب علم محمد سرفراز

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے طالب علم محمد سرفراز کی تحقیق کو عالمی سطح پر نمایاں اعزاز حاصل ہوا ہے۔ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے نوجوان محقق کے کیلے کے تنے سے فائبر تیار کرنے کے تحقیقی منصوبے کو ماحول دوست فائبرز کے فروغ کے لیے......

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بلوچستان گرینڈ الائنس کی مرکزی کال پر مختلف محکموں میں ہڑتال کے باعث دفاتر بند ہیں

نکوٹین پاؤچز کے فروغ کیلئے اشتہاری مہم روکی جائے، بلوچستان سول سوسائٹی

بچوں اور نوجوانوں کے لیے سنگین خطرات، عوامی صحت اور تحفظ کو لاحق خدشات کا نوٹس لیا جائے،

تجارتی مفادات کے لیے بچوں کے مستقبل کو تباہ نہ کیا جائے، بہرام لہڑی، کوآرڈینیٹر، سی آر ایم

بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے کسی بھی ایسی پالیسی کو قبول نہیں کیا جاسکتا جو ضابطہ کاری کے نام پر نشہ آور مادوں کو جائز قرار

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کی سول سوسائٹی تنظیموں، بچوں کے حقوق کے کارکنان، نوجوانوں کے نیٹ ورکس اور میڈیا نمائندگان نے وفاقی حکومت کی جانب سے کوٹین پر مشتمل تمباکو سے پاک زبانی مصنوعات (نکوٹین پاؤچز) کے لیے لازمی معیارات کو تیزی سے نافذ کرنے کے اقدام کو مسترد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان حلقوں نے واضح کیا ہے کہ یہ قدم عوامی صحت، بچوں کے تحفظ اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے نقصان دہ ہے اور اس سے تجارتی مفادات کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ اجتماعی موقف اختیار کرتے ہوئے سول سوسائٹی کے نمائندگان نے کہا کہ مجوزہ معیارات ایک ایسے صوبے میں نکوٹین کے استعمال کو معمول بنا سکتے ہیں جو پہلے ہی شدید سماجی و معاشی مسائل، کمزور ریگولیٹری نفاذ اور بچوں و نوجوانوں کی زیادہ کمزوری کا شکار ہے۔ ان کے مطابق ایسی مصنوعات کو باقاعدہ یا قانونی حیثیت دینا، خواہ تکنیکی ضوابط کے نام پر ہی کیوں نہ ہو، تمباکو سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کے بجائے نکوٹین کی لت میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ ''بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے کسی بھی ایسی پالیسی کو قبول نہیں کیا جاسکتا جو ضابطہ کاری کے نام پر نشہ آور مادوں کو جائز قرار دے،'' بہرام لہڑی، کوآرڈینیٹر، چائلڈ رائٹس موومنٹ بلوچستان نے کہا۔ ''بچوں اور نوعمروں کو نکوٹین کی ہر شکل سے محفوظ رکھنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، اور یہ اقدام اس ذمہ داری کو کمزور کرتا ہے۔'' انسانی ہمدردی اور سول سوسائٹی کے رہنماؤں نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ پالیسی بحث میں برآمدی اعداد و شمار اور صنعت کے بیانیے کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، جبکہ صحت اور سماجی اثرات کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ''عوامی پالیسی کی بنیاد انسانی فلاح اور عوامی صحت ہونی چاہیے، نہ کہ منڈی کی توسیع،'' عادل جہانگیر، رکن نیشنل ہیومینیٹیرین نیٹ ورک اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ایڈ بلوچستان نے کہا۔ ''نکوٹین پاؤچز کے معیارات کو لازمی بنانا ان کمپنیوں کے لیے مزید مارکیٹ کا دروازہ کھول سکتا ہے جہاں صحت کے مؤثر حفاظتی نظام پہلے ہی ناکافی ہیں۔'' ''میڈیا نمائندگان اور سول سوسائٹی مبصرین نے نکوٹین کے استعمال کو معمول بنانے کے وسیع سماجی اثرات پر بھی سخت تحفظات کا اظہار کیا۔'' اسے ضابطہ کاری کہنا اس حقیقت کو نہیں بدلتا کہ نکوٹین ایک نشہ آور اور نقصان دہ مادہ ہے، میر بہرام بلوچ، سینئر صحافی اور ای وی اے ڈبلیو ایڈ جی الائنس بلوچستان کے رکن نے کہا۔ ''سماجی سطح پر یہ اقدام خاص طور پر نوجوانوں کے لیے ایک خطرناک پیغام دیتا ہے۔'' نوجوانوں کے احتسابی پلیٹ فارمز نے بھی ان خدشات کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے فیصلوں کے طویل المدتی نتائج براہ راست بلوچستان کے نوجوانوں کو بھگتنا پڑیں گے۔ رخسانہ عبدالحق، فوکل پرسن، یوتھ پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم بلوچستان نے کہا، ''روک تھام، آگاہی اور صحت مند متبادل میں سرمایہ کاری کے بجائے یہ پالیسی نوجوانوں کو ایک نئی قسم کی لت کی طرف دھکیل سکتی ہے۔'' بلوچستان کی سول سوسائٹی تنظیموں نے متفقہ طور پر مطالبہ کیا کہ نکوٹین پاؤچز کے لیے لازمی معیارات کے نفاذ سے متعلق تمام اقدامات فوری طور پر روکے اور واپس لیے جائیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی صحت سے متعلق فیصلے صنعت کے اثر و رسوخ سے پاک ہوں اور بچوں کے حقوق، نوجوانوں کے تحفظ اور شواہد پر مبنی صحت پالیسی کو ترجیح دی جائے۔

صوبائی دارالحکومت میں گیس بندش و پریشر کی کمی کا مسئلہ بدستور برقرار

گیس نہ ہونے کے برابر ہے، اہل علاقہ احتجاج پر مجبور، گیس دفتر کے سامنے دھرنے معمول بن گئے

وزیراعلیٰ اور چیف سیکرٹری بلوچستان کوئٹہ میں گیس کی بندش کا نوٹس لیکر مسلسل فراہمی کیلئے اقدامات کریں، شہریوں کی اپیل

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں سردیوں کی آمد کیساتھ ہی غائب ہونیوالی گیس تاحال بحال نہ ہو سکی۔ متعدد علاقوں میں پریشر کے مسائل حل نہ ہو سکے۔ شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مختلف علاقوں کے عوام احتجاج پر مجبور ہوگئے، آئے روز شاہراہیں بند کرنا اور گیس دفتر کے سامنے دھرنے معمول بن گئے گزشتہ روز سرکاری اداروں میں بھی گیس مکمل بند رہی، دیگر علاقوں میں تو گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے نہ ہونے کے برابر ہے، کاسی روڈ، عدالت روڈ، جناح روڈ و دیگر علاقوں میں گیس مکمل طور پر غائب ہے۔ امور خانہ داری شدید متاثر ہونے لگی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے شہری مصور اچکزئی، زبیر خان اچکزئی، رفیع اللہ کاکڑ، نقیب اللہ کاکڑ و دیگر نے بتایا کہ گیس پریشر میں کمی کے مسائل نے عوام کو ذہنی مریض بنا دیا ہے، سردی کی شدت میں اضافے کیساتھ ہی غائب ہونیوالی گیس تاحال بحال نہ ہو سکی۔ گیس حکام کے دعوے ہر سال کی طرح بے سود ثابت ہوگئے اور حسب روایت صوبائی دارالحکومت گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ متعدد علاقوں میں گیس مکمل غائب ہے جبکہ جہاں گیس موجود ہے وہاں پریشر نہ ہونے کے برابر ہے۔ سردی کی شدت میں معمولی اضافے کیساتھ ہی گیس بند کر دی جاتی ہے جس کی وجہ سے بزرگ، بچے اور مریض ٹھٹھرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ دوسری جانب امور خانہ داری بھی شدید متاثر ہو جاتی ہے، انہوں نے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گیس حکام کی جانب سے دانستہ گیس کی بندش کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب بھاری بھرکم بلوں کی ترسیل کا سلسلہ جاری ہے تو دوسری جانب گیس بھی فراہم نہیں کی جاتی۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے اپیل کی کہ گیس کی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور پریشر میں کمی کا فوری نوٹس لیکر متعلقہ حکام کو گیس کی فراہمی کا پابند کیا جائے تاکہ شہریوں کو اذیت سے نجات مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری ہونیوالے الرٹ کے باعث شہری قبل از وقت ہی میں تشویش میں مبتلا ہیں کہ سردی کی شدت میں اضافے کیساتھ گیس غائب ہو جائیگی لہٰذا حکام سردی میں گیس کی بحالی کیلئے اقدامات کریں۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کوئٹہ آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے مصافحہ کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کا حکم، مقصود احمد کے شناختی کارڈ میں عمر کا درست اندراج کر دیا گیا

بغیر وکیل کے بروقت منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار مقصود احمد نے بتایا کہ ان کے شناختی کارڈ میں ان کی عمر غلط تھی، جس کو ٹھیک کروانے کے لیے انہوں نے متعدد بار نادرا آفس کے چکر کاٹے۔ نادرا نے انہیں میڈیکل بورڈ بھیجا، کمیٹیوں میں پیش ہونے کا کہا۔ یہ سب کچھ کرنے کے باوجود ان کا مسئلہ حل نہ ہوا۔ وہ تین برس تک خوار ہوتے رہے۔ آخر کار مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے شناختی کارڈ میں انکی عمر درست کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے شناختی کارڈ میں عمر کی درستگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا بے حد شکریہ ادا کیا۔

رکن اسمبلی اسفندیار کاکڑ کی تحصیل آفس میں مداخلت روکی جائے، رحیم کاکڑ

ایم پی اے کے چند حامی افسروں کو بلیک میل کرتے ہیں، ڈی جی اینٹی کرپشن نوٹس لیں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ اور عبداللہ ایڈووکیٹ نے چیف جسٹس ہائی کورٹ، ڈی جی نیب، ڈائریکٹر ایف آئی اے اور ڈی جی اینٹی کرپشن سے مطالبہ کیا ہے کہ حلقہ 47 کے ایم پی اے اسفندیار کاکڑ کی مبینہ غیر قانونی مداخلت کی تحقیقات کی جائیں۔ رہنماؤں کا کہنا ہے کہ ایم پی اے کے چند حامی افسروں کو بلیک میل کرتے ہیں اور تحصیل نانا صاحب میں تعینات تحصیلدار محمود ترین کو ایم پی اے کی ہدایت پر منتقل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم پی اے کا کہنا ہے کہ ورکروں سے اجازت لینے کے بعد ہی تحصیلدار کو برقرار رکھا جائے گا، ورنہ تحصیل بند کر دی جائے گی۔

پی پی پی کے جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کی والدہ آبائی علاقے قلعہ عبداللہ میں سپرد خاک

صوبائی صدر محمد عمر گورگیج، سردار سربلند جوگیزئی، سمیت دیگر رہنماؤں کی جنازے میں شرکت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری حاجی ربانی خان کاکڑ کی والدہ کی نماز جنازہ ان کے آبائی علاقے قلعہ عبداللہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں پیپلزپارٹی بلوچستان کے صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج، پی پی پی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی، حاجی ربانی خان کاکڑ، شہزادہ عبدالغفور جعفر، ملک عبدالعزیز زرکون، ضلع قلعہ عبداللہ کے صدر نذیر خان کاکڑ سمیت پیپلز پارٹی کے رہنماؤں، سیاسی و قبائلی عمائدین اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

آئندہ ہفتے بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری متوقع ہے، محکمہ موسمیات

بارشوں اور برفباری کے باعث سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوجائے گا

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے آئندہ ہفتے کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کی پیشگوئی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بارشوں اور برفباری کے باعث سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ اور بعض علاقوں میں نظام زندگی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ 16 جنوری سے بارشوں کا ایک کمزور موسمی نظام ملک میں داخل ہو رہا ہے، جو ابتدائی طور پر بلوچستان کے مختلف علاقوں کو متاثر کرے گا، جبکہ 20 جنوری کو یہ سسٹم شدت اختیار کر سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ مغربی ہواؤں کے زیر اثر 21 اور 22 جنوری کو صوبے کے متعدد اضلاع میں بارش اور بالائی علاقوں میں برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ، پشین، زیارت، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ اور ہرنائی میں بارش متوقع ہے، جبکہ ان علاقوں میں درجہ حرارت میں واضح کمی واقع ہو سکتی ہے۔ اسی طرح چمن، نوشکی، قلات، بارکھان، سبی، لورالائی، تربت اور گوادر میں بھی وقفے وقفے سے بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ لسبیلہ، کیچ، پنجگور، جیوانی، چاغی، آواران، واشک اور خاران میں بھی بارشیں متوقع ہیں، جس سے سرد موسم کی شدت میں مزید اضافہ ہوگا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سمیت زیارت، چمن، پشین، قلعہ عبداللہ اور قلعہ سیف اللہ میں برفباری کا بھی امکان ہے، جبکہ نوشکی، ہرنائی، ژوب اور گردونواح میں بھی برف پڑنے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ برفباری کے باعث بالائی اور پہاڑی علاقوں میں سڑکوں کی بندش، پھسلن اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ موجود ہے، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر کوئٹہ اور شمالی اضلاع کے شہریوں اور مسافروں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بارشوں اور برفباری کے دوران دن کے درجہ حرارت میں نمایاں کمی متوقع ہے، جس کے باعث سردی کی لہر میں اضافہ ہوگا۔ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے

محمد انیس بیگ، ایس ڈی او پی ٹی سی ایل بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) فوڈ ڈپارٹمنٹ کے محمد آفاق بیگ، محمد امجد بیگ، پی ٹی وی کے محمد الطاف بیگ، گورنمنٹ کنٹریکٹر محمد انجم بیگ کے بھائی، جنید مدثر اور عمر دراز بیگ کے برادر نسبتی، محمد انیس بیگ، ایس ڈی او پی ٹی سی ایل بقضائے الٰہی انتقال کر گئے۔ مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی مرحوم کی رہائش گاہ R-331 بلاک 3 سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ میں ہفتہ اور اتوار مورخہ 17 اور 18 جنوری کو ہوگی رابطہ نمبر 03218003332

کوئٹہ: جرنلسٹ پینل کی جانب سے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات کیلئے چیئرمین الیکشن کمیٹی یعقوب شاہوانی کے پاس کاغذات جمع کرائے جا رہے ہیں

نیو سبزل روڈ پر نئے فلائی اوور کی تعمیر کا کام جاری ہے،

ٹریفک دباؤ کو کم کرنے اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ کو کم کرنے اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے نیو سبزل روڈ پر ایک نئے فلائی اوور کی تعمیر کا کام جاری ہے، جس سے کوئٹہ کے اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی میں نمایاں بہتری آنے کی توقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیو سبزل روڈ پر تعمیر کیا جانے والا یہ فلائی اوور سمنگلی روڈ کے اوپر سے گزرے گا اور اکاشی روڈ سے آنے والی ٹریفک کو براہ راست ایئرپورٹ روڈ جانے والی مرکزی شاہراہ سے منسلک کرے گا۔ اس منصوبے کا مقصد شہر کے مصروف ترین علاقوں میں ٹریفک جام کے مسائل کو کم کرنا اور سفر کے دورانیے کو مختصر بنانا ہے۔ نیو سبزل روڈ پر تعمیر ہونے والے اس فلائی اوور کی مجموعی لمبائی ایک اعشاریہ صفر آٹھ (1.08) کلومیٹر ہوگی، جو شہر کے بنیادی انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ فلائی اوور کی تکمیل کے بعد اکاشی روڈ، سمنگلی روڈ، ایئرپورٹ روڈ اور ملحقہ علاقوں کے شہریوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ فلائی اوور کی تعمیر کا کام گزشتہ ایک ماہ سے جاری ہے، جس میں ابتدائی مراحل مکمل کیے جا چکے ہیں۔ منصوبے کو ایک سال کے اندر مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، تاکہ شہریوں کو جلد از جلد سہولت فراہم کی جا سکے۔ شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ فلائی اوور کی تعمیر سے نہ صرف ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی بلکہ حادثات میں بھی کمی آئے گی اور شہر کے مجموعی انفراسٹرکچر میں بہتری آئے گی۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف تربت کے احاطے میں درخت لگا رہے ہیں

حاجی محمد ابراہیم میزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) حاجی محمد ابراہیم میزئی انتقال کر گئے وہ حاجی گل خان مرحوم کے بیٹے، شیر زمان گل زمان اور دلاور زمان کے والد ڈاکٹر حیدر خان مرحوم ڈاکٹر محمد کلیم کاکڑ مرحوم کے بھائی نثار احمد سعید احمد فرید احمد تحصیلدار اور شاہ زمان کے چچا حاجی حضرت علی کاکڑ، حاجی عبدالخالق، حاجی جمیل حاجی ذکریا اور حاجی رشید مرحوم کے چچازاد بھائی تھے مدفین اُن کے آبائی علاقے گلی کستیر کچلاک میں ادا کر دی گئی ان کی فاتحہ خوانی گارڈن ٹاؤن چشمہ مکان نمبر 10 مکان نمبر C-151 میں جاری ہیں۔

رہنماؤں کے گھروں پر چھاپوں، گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں، طارق کدیزئی

صوبائی حکومت انتقامی کاروائیاں بند کر کے ملازمین کے بنیادی مسائل کو حل کرے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر محمد طارق کدیزئی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت بلوچستان اپنی ہی بنائی گئی مذاکراتی کمیٹی کے طے شدہ معاہدے پر فوری عملدرآمد کر کے ملازمین کے بنیادی مسائل کو حل کر کے انتقامی اقدامات ترک کریں، انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین میں ریاستی مشینری کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مگر مہنگائی کے موجودہ کمر توڑ دور میں ملازمین کے لیے سفید پوشی کا بھرم رکھنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ صوبائی صدر نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ ملازمین کی تنخواہیں 100 فیصد بڑھائی جاتیں مگر اس کے برعکس حکومت نے نہ صرف ڈی آر اے کے معاہدے پر عملدرآمد سے گریز کیا بلکہ مذاکرات کے نام پر ملازمین کو دھوکہ دے کر احتجاج ختم کرایا اور اب دوبارہ انہیں سڑکوں پر آنے پر مجبور کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی بدامنی، معاشی بدحالی اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ ایسے میں سرکاری ملازمین کا دوبارہ احتجاج پر آنا کسی طور پر نیک شگون نہیں، انہوں نے کہا کہ چیسا 2076 مطالبہ کرتی ہے کہ گرفتار ملازمین کو رہا کیا جائے، ان پر قائم مقدمات واپس لیے جائیں، معطلی ختم کی جائے اور ڈی آر اے سمیت تمام مطالبات پر کیے گئے معاہدے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ چیسا 2076 ملازمین کی اس جائز اور پرامن جدوجہد کی مکمل حمایت کرتی ہے اور ہر فورم پر ان کے حق میں آواز بلند کرتی رہے گی۔

محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ سپروائزر سینئر استاد راجا احمد خان شاہوانی انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) محکمہ تعلیم کے ریٹائرڈ سپروائزر سینئر استاد راجا احمد خان شاہوانی انتقال کر گئے، وہ سلطان احمد شاہوانی، سابق ایڈیشنل ایس ایچ او حاجی فیاض احمد شاہوانی، اعجاز احمد شاہوانی کے والد، سابق ایس ایچ او نقیب شاہوانی، سراج احمد شاہوانی کے چچا، ماسٹر اسحاق شاہوانی حاجی گل محمد شاہوانی محمد اکبر شاہوانی عبدالقیوم شاہوانی کے کزن، NRSP کے ڈسٹرکٹ منیجر کامریڈ رشید بلوچ، میر محمد حنیف عمرانی اور رشید مغل کے سسر تھے، مرحوم کی تدفین مقامی قبرستان میں کر دی گئی جبکہ فاتحہ خوانی شاہوانی ہاؤس قلات میں ہو رہی ہے۔

ادائیگی کا جدید نظام راست کامیابی سے چل رہا ہے

یہ نظام اسٹیٹ بینک نے 2021 میں متعارف کرایا تھا

کوئٹہ (آن لائن) مبادلہ کمپنیوں کی ڈیجیٹل فعالیت ایک جدید اور جامع ڈیجیٹل مالی خدمات کے نظام کا قیام بینک دولت پاکستان کے اسٹریٹجک پلان 2023 تا 2028 کے بنیادی اہداف میں سے ایک ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے اسٹیٹ بینک نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے انفرا اسٹرکچر کو مضبوط بنانے، جدت کو فروغ دینے اور محفوظ، انٹرآپریبل اور صارف کی ضروریات سے ہم آہنگ سلوشنز کے ذریعے اقوام کی سرحد پار منتقلی کو آسان بنانے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔ راست ادائیگی کا ایک جدید نظام ہے جسے اسٹیٹ بینک نے 2021 میں متعارف کرایا تھا، تاکہ ملکی ترسیلات زر بھیجنے اور وصول کرنے والوں کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ اس سہولت سے، مبادلہ کمپنیز کے ذریعے ترسیلات زر وصول کرنے والے افراد اپنی رقوم محفوظ اور مؤثر انداز میں بینکوں، مائیکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) یا الیکٹرانک منی اداروں (ای ایم آئیز) میں موجود اپنے اکاؤنٹس میں وصول کر سکیں گے۔ یہ سہولت ''کیش لیس معیشت'' کے مجموعی قومی مقصد کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس حوالے سے ہدایات ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 02 بتاریخ 15 جنوری 2026 کے ذریعے جاری کر دی گئی ہیں۔

بی این پی کا غلام بخش مری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ممبر سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی و ضلعی صدر بی این پی کوئٹہ غلام نبی مری نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں ممتاز و معروف سیاسی و قبائلی شخصیت، سابق بلوچ جلاوطن رہنما حاجی غلام بخش مری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حاجی صاحب نے بلوچ قوم اور بلوچستان کے لئے بے شمار قربانیاں دیں اور طویل جدوجہد سے وابستہ رہے جس کے پاداش میں انہیں جلاوطنی پر مجبور کیا گیا اور انہوں نے تمام تکالیف اور اذیتوں کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا۔ وہ آخر دم تک ایک قابل اور سچے رہنما کی حیثیت سے اپنے نظریات اور سیاسی مقصد پر ڈٹے رہے اس کے علاوہ اپنے علاقے کے عوام کی ترقی اور سماجی پیشرفت کے لئے انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ وہ ایک خیر خواہ اور دور اندیش انسان تھے ان کی ناگہانی انتقال سے علاقے کے عوام اور بلوچ قوم ایک انتہائی مخلص رہنما سے محروم ہو گئے ان کی رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ مدتوں تک پُر نہیں ہو سکے گا انہوں نے مرحوم کی سیاسی و سماجی خدمات کو بھرپور انداز میں خراج تحسین اور خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے بڑے فرزند اور بی این پی کے ممبر سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی و ضلعی صدر کوہلو ملک گامن خان مری اور خاندان کے دیگر اراکین کے ساتھ اظہار تعزیت اور غم کی گھڑی میں اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی ہے

طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی ایچ او

بنیادی صحت مراکز میں بہتری اور شفاف نگرانی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈاکٹر یاسر دشتی

گوادر (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر نے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی کے ہمراہ ایچ ایس پی پاکستان کا مشترکہ مانیٹرنگ دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے طبی مراکز میں دستیاب سہولیات اور جاری صحت خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ مانیٹرنگ کے دوران عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائیٹس، ایم این سی ایچ سینٹر اور پی ایچ یو سے متعلق دیگر اہم ریکارڈز کی جانچ پڑتال کی گئی۔ اس موقع پر مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات ڈسپنسیشن کے عمل، ماں اور بچے کی صحت سے متعلق خدمات اور مجموعی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر یاسر طاہر اور ڈاکٹر مرشد دشتی نے عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حاضری کو یقینی بنائیں، ریکارڈ کی بروقت تکمیل کریں اور عوام کو معیاری و بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی صحت مراکز میں بہتری اور شفاف نگرانی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر علاج میسر آ سکے۔

صدر آل کاکڑ قبائل فیڈریشن سیاسی و سماجی رہنما سندھ و بلوچستان سردار منظور احمد خان کاکڑ مقامی ہوٹل کراچی میں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں، سید تنویر احمد میر واعظ خلجی شیراز خلجی محمد زکریا اعوان شبیر مہدی حسن و دیگر موجود ہیں۔

متحدہ لوکل بس فیڈریشن کے حاجی اختر جان کاکڑ آج پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) متحدہ لوکل بس فیڈریشن کے سرپرست اعلیٰ حاجی اختر جان کاکڑ، صدر حاجی شیر محمد آج دوپہر 2:30 بجے کلاک پھاٹک کے قریب اہم پریس کانفرنس کریں گے اور لوکل بسوں کی بندش سمیت شہریوں کو سفری سہولیات سے مشکلات کے حوالے سے آگاہ کریں گے میڈیا کے نمائندوں سے درخواست ہے کہ وہ پریس کانفرنس کی کوریج کو یقینی بنائیں۔

ڈاکٹر ہدایت اللہ، سینئر رجسٹرار کو ریڈیو تھراپی اینکولوجی کا سربراہ مقرر کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بولان میڈیکل کالج کے پرنسپل کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ صحت کے احکامات کی روشنی میں ڈاکٹر ہدایت اللہ، سینئر رجسٹرار کو ریڈیو تھراپی اینکولوجی ڈیپارٹمنٹ کا سربراہ مقرر کر دیا گیا۔ وہ فوری طور پر بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ میں مذکورہ شعبے کی سربراہی کے فرائض انجام دیں گے اور یہ تقرری تاحکم ثانی مؤثر رہے گی

صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (آن لائن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق جمعرات کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ہے، جبکہ شمالی اضلاع میں موسم شدید سرد رہے گا۔ جمعہ کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے، جبکہ شمالی اضلاع میں شدید سردی برقرار رہے گی۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور سرد رہا، جبکہ شمالی اور شمال مغربی اضلاع میں رات اور صبح کے اوقات میں شدید سردی ریکارڈ کی گئی۔ زیارت میں سب سے کم درجہ حرارت منفی 3.7 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

کوئٹہ میں صفائی کا نظام ابتر سے ابتر ہوتا جا رہا ہے،

قمبرانی روڈ پر طویل عرصے سے کچرا جمع ہے جسے اٹھایا نہیں جا رہا

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں صفائی کی بہتر صورتحال کے دعووں کے برعکس کوئٹہ کے اکثر علاقوں میں صفائی کی حالت ابتر ہوتی جا رہی ہے، جبکہ قمبرانی روڈ پر کچرے کے انبار شہریوں کے لیے شدید اذیت کا سبب بن گئے ہیں اور روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق قمبرانی روڈ پر طویل عرصے سے کچرا جمع ہے جسے اب تک اٹھایا نہیں گیا، جس کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے بلکہ پیدل چلنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ کچرے سے اٹھنے والی بدبو اور گندگی نے ماحول کو آلودہ کر دیا ہے اور مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ تاہم عملی طور پر قمبرانی روڈ کی حالت انتہائی خراب ہے، جو ان دعووں کی نفی کرتی ہے، جس سے مسئلہ مزید سنگین ہو گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق کچرے کے باعث یہاں سے گزرنا محال ہو چکا ہے، خاص طور پر طلبہ، خواتین اور بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ متعدد بار شکایات کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے کوئی مستقل حل سامنے نہیں آیا۔ شہریوں اور علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ فوری طور پر قمبرانی روڈ اور ملحقہ علاقوں میں صفائی کے موثر انتظامات کرے، کچرا اٹھانے کا مستقل نظام قائم کیا جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے۔ مقامی شہریوں نے ضلعی انتظامیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ شہر بھر میں صفائی کے بلند بانگ دعوے تو کیے جاتے ہیں،

ٹرانسپورٹرز بدترین معاشی بحران کا شکار ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

بائی روڈ سفر میں کمی مسافروں کی قلت سے ٹرانسپورٹ نظام مفلوج ہو چکا ہے

کوئٹہ (یو این اے) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ٹرانسپورٹرز شدید معاشی بحران سے دوچار ہو چکے ہیں۔ بائی روڈ سفر میں نمایاں کمی کے باعث مسافروں کی تعداد نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے، جس سے بس مالکان اور ڈرائیوروں کی آمدن بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسافروں کی عدم دستیابی کے باعث ٹرانسپورٹرز نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں۔ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے، ٹیکسوں اور دیگر اخراجات نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو مکمل طور پر مفلوج کر دیا ہے، جبکہ گاڑیوں کی اقساط کی ادائیگی بھی ممکن نہیں رہی، جس سے ٹرانسپورٹرز کو دیوالیہ کے خطرات لاحق ہیں۔ ظاہر شاہ کاکڑ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کے لیے جامع ریلیف پیکج کا اعلان کرے، جس میں ٹیکسوں میں رعایت، اقساط میں آسانی اور ایندھن کی قیمتوں میں کمی شامل ہو۔ انہوں نے کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو ٹرانسپورٹ کا شعبہ مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا، جس کے اثرات عوام اور ملکی معیشت دونوں پر پڑیں گے۔

کوئٹہ: ریڈ زھی یابان کاسی روڈ پر سردیوں کی مناسبت سے جرابیں فروخت کر رہا ہے

کوئٹہ: وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے زیر اہتمام ماما قدیر بلوچ کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، ڈاکٹر اسحاق بلوچ و دیگر شریک ہیں

کوئٹہ: سریاب کے علاقے میں بچے ریلوے ٹریک پر کھیل کود میں مصروف ہیں

اوتھل، گڈانی کراس پر واقع شراب خانے پر فوری پابندی کا مطالبہ

مین شاہراہ پر سرعام شراب فروخت ہونا قابل برداشت ہے، مولانا محمد

اوتھل (یو این اے) گڈانی کراس پر واقع شراب خانے پر فوری پابندی کی جائے ایک اقلیتی کو لائسنس جاری کیا گیا ہے وہ کھلو کا تاثر جا رہا ہے مین شاہراہ پر واقع اس شراب خانے کی وجہ سے روڈ حادثات روز کا معمول بن گئے ہیں کیونکہ اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ ڈرائیور حضرات یہ سرعام مین شاہراہ پر بڑی دیدہ دلیری سے مسلمانوں کو پانی کی طرح شراب فروخت کرنے میں مصروف عمل ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع لسبیلہ وحب کے سابق سیکرٹری جنرل مولانا محمد عمر عادل نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محتسب اعلیٰ کے نوٹس کو خیر مقدم کرتے ہیں مگر اس پر فوری طور پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ جس کی وجہ سے نوجوان نسل اس غیر قانونی اور غیر اخلاقی کاروبار سے شدید متاثر ہو رہی ہے جس کی وجہ سے آئے روز علاقے میں چوری ڈکیتی اور بدامنی میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ کی والدہ کی فاتحہ خوانی کلی مٹی زئی میں جاری

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ربانی کاکڑ کی والدہ انتقال کر گئی مرحومہ کے وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ کلی مٹی زئی قلعہ عبداللہ میں جاری ہے صحافی فضل محمد جاجک اچکزئی عصمت اللہ کاکڑ اور دیگر نے مرحومہ کے وفات پر ربانی کاکڑ سے فاتحہ خوانی کی

حکومتی پالیسیوں نے ملکی صنعت، برآمدات کو شدید نقصان پہنچایا ہے، شمس کرد

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی ترجمان میر شمس کرد نے کہا ہے کہ حکومت کی ناکام معاشی پالیسیوں نے ملکی صنعت، برآمدات اور عوام تینوں کو شدید نقصان سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی تشویشناک امر ہے کہ حکومت عالمی منڈی سے ایل این جی محض 8 ڈالر فی یونٹ میں خرید کر ملکی صنعتوں کو 15 ڈالر میں فروخت کر رہی ہے، جس کے باعث صنعتی لاگت میں بے پناہ اضافہ ہوا اور پیداواری شعبہ مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ میر شمس کرد نے کہا کہ رواں مالی سال کے پہلے چھ ماہ میں پاکستانی برآمدات میں 8 اعشاریہ 7 فیصد کمی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومتی دعووں کے برعکس معیشت درست سمت میں نہیں جا رہی۔ انہوں نے کہا کہ جب صنعتوں کو سستی توانائی فراہم نہیں کی جائے گی تو برآمدات کیسے بڑھیں گی اور روزگار کے مواقع کیسے پیدا ہوں گے؟ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی سطح پر تیل اور توانائی کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود پاکستان میں نہ صرف بجلی اور گیس سستی نہیں ہوئیں بلکہ ملک کی شرح ترقی میں بھی کوئی خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں نہیں آ رہا، جو حکومتی نااہلی اور ناقص معاشی حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ میر شمس کرد نے کہا کہ موجودہ حکومت کی پالیسیاں عوامی مفاد کے بجائے چند مخصوص طبقات کے فائدے کے لیے بنائی جا رہی ہیں

بارڈرز کی بندش نے بلوچستان کو معاشی بحران میں دھکیل دیا، پروفیسر حلیم

ہزاروں خاندان فاقہ کشی کے قریب پہنچ گئے، صوبائی جنرل سیکرٹری اے پی پی

حکومت فوری طور پر سرحدی تجارت بحال کرے، عوام پاکستان پارٹی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بارڈرز کی طویل بندش نے صوبے کو شدید معاشی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ سرحدی گزرگاہوں کی بندش کے باعث ہزاروں افراد بے روزگار ہو چکے ہیں جبکہ سینکڑوں خاندانوں کا واحد ذریعہ معاش ختم ہو کر رہ گیا ہے، جس سے غربت اور بے چینی میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفتان اور چمن سمیت دیگر بارڈرز نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان راستوں سے منسلک مزدور، تاجر، ڈرائیور، ہوٹل انڈسٹری اور چھوٹے کاروباری افراد شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ بارڈر بندش کی وجہ سے تجارتی سرگرمیاں مفلوج ہو چکی ہیں اور مقامی مارکیٹس میں کساد بازاری کا راج ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور پر تفتان، چمن اور دیگر تمام بارڈرز کو کھولنے کے لیے عملی اور سنجیدہ اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت کی بحالی نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کرے گی بلکہ ریاستی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے جائز حقوق کے لیے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھے گی۔

20 جنوری کے بعد تمام دفاتر بند کر دیں گے، ایپکا محکمہ صحت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ایپکا محکمہ صحت کے ترجمان نے بتایا ہے کہ گرینڈ الائنس کے قائدین کے حکم پر آج پندرہ جنوری کو پورے بلوچستان کے افسز میں مکمل ہڑتال رہا جس کا مطلب ہے کہ موجودہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کیساتھ ملازمین بالکل چلنے کے لیے تیار نہیں ہے وہ تو تین جنہوں نے بلوچستان پر وزیر اعلیٰ کو مسلط کیا ہے ان سے گزارش ہے کہ ملازمین کی بہتری اور عوام کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ملازمین کے تمام جائز مسائل بمع ڈی آر اے کو فی الفور حل کریں تاکہ گورنمنٹ کے مثبت احکامات ملازمین اور عوام سب کو نظر آئیں بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حکم پر بنائی گئی کمیٹی کے سفارشات کو بھی وزیر اعلیٰ نہیں مانتے ہیں ہم بار بار وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے مسائل کو حل کریں جیسے بھی ہو اور جہاں ہے بھی ہو بصورت دیگر گرینڈ الائنس اپنا جدوجہد قانونی آئینی جمہوری طریقہ کار کے مطابق جاری رکھے گی جس میں قلم چھوڑ لاک ڈاؤن مظاہرے دھرنے جیل بھرو تحریک سب کچھ جاری رہے گی

قلات، پرنس آغا یحییٰ جان احمدزئی کی صاحبزادی کراچی کے نجی ہسپتال میں انتقال کر گئیں

قلات (آن لائن) پرنس آغا یحییٰ جان احمدزئی کی صاحبزادی کراچی کے نجی ہسپتال میں انتقال کر گئیں، وہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر پرنس آغا موسیٰ جان احمدزئی کی بھتیجی، پرنس آغا یعقوب جان احمدزئی، سابق سٹی ناظم قلات پرنس آغا ذکی جان احمدزئی کی ہمشیرہ، سابق صوبائی وزیر و ضلع کونسل قلات کے چیئرمین پرنس آغا عرفان کریم احمدزئی کی بھانجی، پرنس آغا محمد احمدزئی، سابق وزیر اعلیٰ جام کمال خان عالیانی، پرنس آغا قلندر خان احمدزئی کی کزن تھی، مرحومہ کی تدفین رات کو شاہی قبرستان قلات میں ہوگی جبکہ فاتحہ بروز جمعہ سے شاہی محل قلات میں ہوگی۔

آئندہ ہفتے کے دوران بارش اور برف باری کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

بارشوں اور برفباری کے باعث سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوجائے گا

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے آئندہ ہفتے کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کی پیشگوئی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بارشوں اور برفباری کے باعث سردی کی شدت میں نمایاں اضافہ اور بعض علاقوں میں نظام زندگی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ 16 جنوری سے بارشوں کا ایک کمزور موسمی نظام ملک میں داخل ہو رہا ہے، جو ابتدائی طور پر بلوچستان کے مختلف علاقوں کو متاثر کرے گا، جبکہ 20 جنوری کو یہ سسٹم شدت اختیار کر سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ مغربی ہواؤں کے زیر اثر 21 اور 22 جنوری کو صوبے کے متعدد اضلاع میں بارش اور بالائی علاقوں میں برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ، پشین، زیارت، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ اور ہرنائی میں بارش متوقع ہے، جبکہ ان علاقوں میں درجہ حرارت میں واضح کمی واقع ہو سکتی ہے۔ اسی طرح چمن، نوشکی، قلات، بارکھان، سبی، لورالائی، تربت اور گوادر میں بھی وقفے وقفے سے بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ لسبیلہ، کیچ، پنجگور، جیوانی، چاغی، آواران، واشک اور خاران میں بھی بارشیں متوقع ہیں

ٹریفک دباؤ کو کم کرنے کیلئے نیو سبزل روڈ پر فلائی اوور کی تعمیر شروع

سمنگلی روڈ کے اوپر سے گزرے گا اکاشی روڈ سے آنے والی ٹریفک کراس کرے گی

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ کو کم کرنے اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے نیو سبزل روڈ پر ایک نئے فلائی اوور کی تعمیر کا کام جاری ہے، جس سے کوئٹہ کے اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی میں نمایاں بہتری آنے کی توقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیو سبزل روڈ پر تعمیر کیا جانے والا یہ فلائی اوور سمنگلی روڈ کے اوپر سے گزرے گا اور اکاشی روڈ سے آنے والی ٹریفک کو براہ راست ایئرپورٹ روڈ جانے والی مرکزی شاہراہ سے منسلک کرے گا۔ اس منصوبے کا مقصد شہر کے مصروف ترین علاقوں میں ٹریفک جام کے مسائل کو کم کرنا اور سفر کے دورانیے کو مختصر بنانا ہے۔ نیو سبزل روڈ پر تعمیر ہونے والے اس فلائی اوور کی مجموعی لمبائی ایک اعشاریہ صفر آٹھ (1.08) کلومیٹر ہوگی، جو شہر کے بنیادی انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے

پنجگور، بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر قلم چھوڑ ہڑتال

ڈی آر اے کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا، رہنما گرینڈ الائنس

پنجگور (یو این اے) پنجگور بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی کال پر پنجگور میں سرکاری دفاتر میں تالہ بندی اور قلم چھوڑ ہڑتال اسپتالوں میں ایمرجنسی سروس کے علاوہ دیگر تمام شعبہ جات او پی ڈی بند بلوچستان گرینڈ الائنس نے اپنے مطالبات کے حق میں 15 جنوری کو مکمل لاک ڈاؤن کا اعلان کیا تھا تفصیلات کے مطابق بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی کال پر پنجگور میں بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر لاک ڈاؤن ہڑتال سرکاری دفاتر بند ملازمین نے قلم چھوڑ ہڑتال کر کے دفاتر میں تالہ بندی کیا ہے پنجگور میں اسپتالوں میں ایمرجنسی کے علاوہ تمام شعبہ جات او پی ڈی بند ہو گئے ہیں اور ملازمین دفتروں کے سامنے بیٹھ کر احتجاج کر رہے ہیں واضح رہے کہ بلوچستان گرینڈ الائنس نے اپنے چارٹر آف ڈیمانڈ ڈی آر اے کی منظوری تک بھرپور احتجاج شروع کیا ہے پنجگور میں بلوچستان گرینڈ الائنس کی قیادت گرینڈ الائنس کے ضلعی آرگنائزر عبدالجبار بلوچ ڈپٹی آرگنائزر ظہور احمد بلوچ پیرامیڈیکل کے صدر جاوید کچکول اور دیگر کر رہے ہیں انہوں نے فوری طور پر چارٹر آف ڈیمانڈ ڈی آر اے منظور کر کے ملازمین میں بے چینی کے خاتمے کا اعلان کرنے کا مطالبہ کیا انہوں نے گرفتاری معطلی اور دیگر مظالم سے ملازمین اپنے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے۔

کوئٹہ میں صفائی کی حالت ابتر ہو چکی ہے

قمبرانی روڈ پر کچرے کے انبار مکینوں کے لیے اذیت بنے ہوئے ہیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں صفائی کی بہتر صورتحال کے دعووں کے برعکس کوئٹہ کے اکثر علاقوں میں صفائی کی حالت ابتر ہوتی جا رہی ہے، جبکہ قمبرانی روڈ پر کچرے کے انبار شہریوں کے لیے شدید اذیت کا سبب بن گئے ہیں اور روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق قمبرانی روڈ پر طویل عرصے سے کچرا جمع ہے جسے اب تک اٹھایا نہیں گیا، جس کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے بلکہ پیدل چلنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ کچرے سے اٹھنے والی بدبو اور گندگی نے ماحول کو آلودہ کر دیا ہے اور مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ مقامی شہریوں نے ضلعی انتظامیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ شہر بھر میں صفائی کے بلند بانگ دعوے تو کیے جاتے ہیں، تاہم عملی طور پر قمبرانی روڈ کی حالت انتہائی خراب ہے۔

صادق خان اچکزئی کی سوئی گیس حکام سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے چیئرمین صادق خان اچکزئی نے کوئٹہ میں گیس کی سنگین صورتحال پر عوامی شکایات کے پیش نظر جمعرات کو پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے ہمراہ گیس آفس کا دورہ کیا اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مجوب چیئرمین صادق خان اچکزئی نے گیس حکام کو کوئٹہ میں گیس پریشر میں شدید کمی اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ پر عوامی غم و غصہ سے آگاہ کیا اور بتایا کہ کوئٹہ کے عوام کے ساتھ اس سال گیس کے حوالے سے بڑی زیادتی ہو رہی ہے اور یہ عمل عوام کو احتجاج پر مجبور کر رہا ہے۔ گیس حکام نے چیئرمین مشر صادق خان اچکزئی کو یقین دہانی کرائی کہ وہ اس مسئلے پر فوری غور کریں گے اور ہر ممکن کوشش کی جائیگی کہ گیس پریشر اور لوڈ شیڈنگ کے مسئلے کو حل کیا جائے۔ اس موقع پر گیس حکام نے مشر صادق خان اچکزئی کی خواہش پر پشتون آباد میں حاجی اناز گلی میں گیس پریشر کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے پہلے سے موجود دو انچ پائپ لائن کو چار انچ کرنے کے احکامات بھی جاری کئے۔ جبکہ پشتون آباد، مشرقی بائی پاس اور سیٹلائٹ ٹاؤن میں گیس کے بحران کو حل کرنے کا وعدہ کیا۔ مجوب چیئرمین مشر صادق خان اچکزئی کے ساتھ پارٹی رہنماؤں خیر محمد شاہین، عرفان خلجی، روف آزاد اور دیگر شامل تھے

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ روحانہ گل کاکڑ محکمہ معدنیات کے بجٹ 2026/27 کے ایس این ای اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کوئٹہ: پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ سے سردار داؤد خلجی، میر یعقوب سنگوٹی، میر روف لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

بلوچستان ایک پرامن صوبہ، اقلیتوں کو مکمل آزادی حاصل ہے، سینیٹر دھنیش کمار

بابا گرکھ داس کے میلے نے ثابت کر دیا ہم اپنے تہوار جوش جذبے سے مناتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری بجے کمار

بلوچستان کے بارے میں جو باتیں ہوتی ہیں وہ صرف پروپیگنڈا ہے، ایم پی اے رنی کمار، سردار نانک سنگھ

بلوچستان میں تاحال ہزاروں اسکول غیر فعال اور بند

با اثر شخصیات سرکاری اسکولوں کی عمارتوں پر قبضہ جمائے بیٹھی ہیں

شعبہ تعلیم کے اندر ایک اور خطرناک مسئلہ گھوسٹ ٹیچرز کا ہے جو حل نہیں ہوا

...کی عمارتوں پر قبضے کیے ہوئے ہیں، جس سے وہ اسکول تعلیم کے بجائے ذاتی استعمال یا دفاتر کی طرح استعمال ہو رہے ہیں، یہ معاملہ صوبے کے دارالحکومت سمیت دیگر اضلاع میں رپورٹ ہوا، جہاں سینکڑوں اسکولوں پر بااثر افراد کے قبضے کا انکشاف ہوا ہے کوئٹہ اے این این بلوچستان حکومت نے بار بار تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان کیا اور تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کا اعلان کیا، مگر زمینی حقائق مختلف ہیں ہزاروں اسکول غیر فعال یا بند ہیں، بنیادی سہولیات جیسے بجلی، پانی اور بیت الخلا نہ ہونے کی وجہ سے بچے تعلیم سے محروم ہیں مالی وسائل اور بجٹ آئے روز بڑھنے کے دعووں کے باوجود تعلیمی معیار میں بہتری نظر نہیں آتی، تعلیم کے اندر ایک اور خطرناک مسئلہ گھوسٹ ٹیچرز کا ہے، ایسے اساتذہ جن کے نام پر تنخواہیں لی جا رہی ہیں مگر وہ درحقیقت کلاس روم میں موجود نہیں ہوتے، بعض ... دعووں کے برعکس زمین پر تعلیم کی حالت خراب ہے اور احتساب کا فقدان ہے۔ طاقتور حلقے اسکولوں کو قبضے میں لے کر یا اثر و رسوخ کے باعث ذاتی استعمال میں بدل کر اسکولوں کو تعلیم کی جگہ بیٹھک بناتے ہیں، جس سے عوام کا پیسہ تعلیم کے بجائے ذاتی مفادات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان رسمی طور پر تو ہوا، لیکن مثبت تبدیلیاں ہفتہ یا مہینوں میں نظر نہیں آتیں اساتذہ کی کمی، دستاویزی اسکولوں کا حقیقت میں وجود نہ ہونا، اور طاقتور افراد کا قبضہ، یہ سب مل کر بلوچستان کے بچوں کے مستقبل کو تاریک کر رہے ہیں ایسے وقت میں تعلیمی ایمرجنسی کے دعوے صرف الفاظ تک محدود نہیں رہنے چاہئیں اصلاحات کا عملی اور شفاف نفاذ ضروری ہے، بصورت دیگر بلوچستان میں تعلیم صرف ایک نام بن کر رہ جائے گی

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے خاتون کو زخمی کر دیا

مہنگائی نے غریب عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کر دیا ہے، خان زمان

بلوچستان سمیت ملک بھر میں کمرتوڑ مہنگائی سے محنت کش طبقہ اور غریب عوام شدید متاثر ہیں، بشیر احمد رند

بڑے زرعی ملک کے دعوے کے باوجود مہنگی چینی اور آٹا خریدنے پر مجبور ہیں، قاسم خان، عبدالعزیز شاہوانی

مہنگائی کی وجہ سے مزدور اور غریب عوام اپنے بچے فروخت کرنے پر مجبور ہیں، مہنگائی کنٹرول کی جائے، عابد بٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین حاجی بشیر احمد رند سیکرٹری جنرل قاسم خان سینئر نائب صدر حاجی عبدالعزیز شاہوانی۔ عابد بٹ محمد عمر بنگش ظفر خان رند دین محمد محمد حسنی عارف خان بجاری فضل محمد یوسفزئی۔ ملک وحید کاسی ملک محمد حسین منگوئی۔ منظور احمد حبیب اللہ لانگو محمد حیات لہڑی سید اسماعیل شاہ محمد پناہ جانڈیو حبیب اللہ شیخ۔ نجیب اللہ مری طاہر وکٹر سہوترا۔ حاجی ممتاز نے بیان میں بلوچستان سمیت ملک بھر میں کمرتوڑ مہنگائی سے متاثرہ محنت کش طبقہ اور مزدوروں سمیت غریب عوام کے بڑھتے ہوئے معاشی و سماجی مسائل پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹا چینی دالیں اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے نے مزدور طبقہ اور غریبوں کو پیٹ کاٹنے پر مجبور کر دیا ہے۔ مزدور طبقہ اور عوام کو منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے بڑے زرعی ملک کے دعوے کرنے کے باوجود مزدور اور غریب عوام مہنگا آٹا اور چینی خریدنے پر مجبور ہیں اور یہ متعلقہ محکموں کی نا اہلی ہے۔ آج مہنگائی کی وجہ سے غریب خودکشیوں پر مجبور ہیں اور سر عام اپنے بچے فروخت کر رہے ہیں جو کسی المیے سے کم نہیں انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر مہنگائی کو کنٹرول کرے

اورماڑہ، گرینڈ الائنس کی کال پر تعلیمی ادارے اور فشریز دفتر بند

ملازمین کا معاہدے پر فوری عملدرآمد اور گرفتار ساتھیوں کی رہائی کا مطالبہ

اورماڑہ (یو این اے) بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر اورماڑہ میں تعلیمی ادارے اور فشریز کا دفتر بند بلوچستان گرینڈ الائنس کی مرکزی کال پر 15 جنوری 2026 کو بلوچستان بھر کی طرح اورماڑہ میں بھی ملازمین کے مطالبات کے حق میں فشریز آفس سمیت تمام تعلیمی ادارے بند رہے۔ ڈی آر اے کے حصول، رہنماؤں کی گرفتاریوں اور ملازمین کی معطلی کے خلاف سرکاری مشینری مکمل طور پر جام رہی اور ملازمین نے دفاتر کو تالے لگا کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔ تفصیلات کے مطابق اورماڑہ میں گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن اور بلوچستان فشریز ایمپلائز ایسوسی ایشن کی جانب سے ہڑتال کی بھرپور حمایت کی گئی۔ فشریز ایمپلائز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے محکمہ فشریز اورماڑہ کے دفتر کو تالا لگا کر کام بند کر دیا جبکہ جی ٹی اے کی کال پر اورماڑہ کے تمام بوائز اور گرلز اسکولوں میں اساتذہ نے تدریسی سرگرمیوں کا مکمل بائیکاٹ کیا۔ تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی بائیکاٹ کے باعث تدریسی عمل مکمل طور پر معطل رہا۔ اس موقع پر جی ٹی اے اورماڑہ کے صدر ماسٹر الٰہی بخش اور دیگر نے حکومت سے طے شدہ معاہدے پر فوری عملدرآمد کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین ریاست کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مگر موجودہ کمرتوڑ مہنگائی میں ان کا سفید پوشی کا بھرم رکھنا مشکل ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری ملازمین ملکی انتظامی ڈھانچے میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں، لیکن آسمان چھوتی مہنگائی نے ان کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ جس کے باعث اب عزت نفس برقرار رکھنا بھی محال ہو چکا ہے۔ انہوں نے ملازمین کے گھروں پر چھاپوں اور بلاجواز گرفتاریوں کو حکومتی بوکھلاہٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں مذاکرات کے بہانے دھوکہ دیا گیا لیکن اب حقوق کے حصول تک پسپائی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ احتجاجی ملازمین کا مطالبہ ہے کہ گرفتار ساتھیوں کو فوری رہا کیا جائے ان پر قائم مقدمات واپس لیے جائیں اور ڈی آر اے سمیت تمام مطالبات پر کیے گئے معاہدے کو یقینی بنایا جائے۔ اورماڑہ کے ملازمین نے عزم ظاہر کیا کہ مرکزی قیادت کے فیصلے کے مطابق پرامن تحریک اس وقت تک جاری رہے گی

جامعہ گوادر میں ایم ایس کے داخلہ ٹیسٹ کا شیڈول جاری

گوادر (آن لائن) یونیورسٹی آف گوادر نے ایم ایس مینجمنٹ سائنسز پروگرام میں داخلوں کے لیے انٹری ٹیسٹ کے باضابطہ شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ جاری کردہ تفصیلات کے مطابق انٹری ٹیسٹ بروز پیر، 19 جنوری 2026 کو یونیورسٹی کے بلاک ون میں منعقد ہوں گے۔ تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مقررہ ٹیسٹ سینٹر میں صبح 09:30 بجے رپورٹ کریں۔ یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں کے لیے انٹری ٹیسٹ سلپ 16 جنوری 2026 کو براہ راست ان کے واٹس ایپ نمبر پر فراہم کی جائیں گی۔

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم چور گھر سے دو موٹر سائیکل اور دیگر سامان چوری کر کے فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم افراد نے گھر سے دو موٹر سائیکل اور دیگر گھریلو سامان چوری کر کے فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانے کی پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کی والدہ کی نماز جنازہ آبائی علاقے قلعہ عبداللہ میں ادا کر دی گئی

جھل مگسی میں نامعلوم چور 8 بھیڑ بکریاں لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے سے نامعلوم چور آٹھ بھیڑ بکریاں چوری کر کے فرار ہوگئے پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے تحصیل پور گاؤں رونگھاں میں گزشتہ شب نامعلوم چور خدا بخش جویا کے گھر گھس کر آٹھ بھیڑ بکریاں چوری کر کے فرار ہوگئے واقعے کے بارے میں میرپور پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

لورالائی میں موٹر سائیکل اور مزدا ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں موٹر سائیکل اور مزدا ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو لورالائی میں کوئٹہ روڈ پر تیز رفتار موٹر سائیکل سوار مزدا ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

اسسٹنٹ سب انسپکٹر جمیل عالیزئی ایڈیشنل ایس ایچ او سٹی تھانہ قلات تعینات

قلات (آن لائن) اسسٹنٹ سب انسپکٹر جمیل عالیزئی ایڈیشنل ایس ایچ او سٹی تھانہ قلات تعینات، نوٹیفکیشن جاری، ایس پی قلات زاہد حسین شاہ کے دفتر سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اسسٹنٹ سب انسپکٹر جمیل احمد عالیزئی کو ایڈیشنل ایس ایچ او سٹی تھانہ قلات تعینات کر دیا گیا، عوامی حلقوں نے جمیل عالیزئی کی تعیناتی کا خیر مقدم کیا ہے۔

سونمیانی، ڈام بندر کے کھلے سمندر میں ٹرالر مافیا کا حملہ، ایک ماہی گیر زخمی

غیر قانونی ٹرالنگ اور تشدد اب برداشت نہیں کریں گے، ڈی جی فشریز کی کارروائی کی یقین دہانی

سونمیانی وندر (یو این اے) ڈام بندر کھلے سمندر میں ٹرالر مافیا ایک بار پھر بے قابو چھوٹے ماہی گیری کشتی پر حملہ پتھروں اور برف کے گولوں کی بارش کر دی ایک ماہی گیر زخمی حملہ آور ماہی گیروں کے جال اور دیگر آلات کاٹ کر ساتھ لے گئے جس پر چھوٹے ماہی گیروں کی بڑی تعداد احتجاجاً ڈام بندر جیٹی پر پہنچ گئی۔ معاملے کی سنگینی پر ڈی جی فشریز بلوچستان عتیق الرحمن نے واقعے کا نوٹس لے لیا۔ اور فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی بلوچستان کے وائس چیئرمین ایڈووکیٹ ارشاد پارس مگسی سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے یقین دہانی کرائی کہ زیادتیوں کا سلسلہ بند ہوگا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر وندر سیف علی مغل، فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی بلوچستان کے وائس چیئرمین ایڈووکیٹ ارشاد پارس مگسی، نمائندہ فشریز شکور احمد رونجھ، کونسلر وڈیرہ بشیر محمود ابی و دیگر ڈام بندر پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز ضلع حب کی ساحلی بستی ڈام بندر کے کھلے سمندر میں ٹرالر مافیا کی غنڈہ گردی چھوٹے ماہی گیروں کو پر حملہ کر دیا جس کے باعث ایک ماہی گیر معمولی زخمی ہوگیا۔ اس موقع پر ماہی گیروں نے شکایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم غیر قانونی ٹرالنگ اور مسلسل زیادتیوں سے تنگ آچکے ہیں۔ اس موقع پر ڈی جی فشریز بلوچستان عتیق الرحمن نے کہا ہے کہ اب زیادتیاں نہیں ہوگی فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے وائس چیئرمین ارشاد پارس مگسی کے ساتھ ڈی جی فشریز نے فون پر گفتگو کی اور اسسٹنٹ کمشنر وندر سیف علی مغل نے چھوٹے ماہی گیروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے وائس چیئرمین ارشاد پارس مگسی نے کہا کہ صوبائی حکومت کی معاونت فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی چھوٹے ماہی گیروں کی ہر ممکن مدد کیلئے تیار ہے

کوئٹہ: بی یو جے کے انتخابات کیلئے پروگریسو پینل کی جانب سے کاغذات جمع کرائے جا رہے ہیں

چمن شہر کی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے، حبیب اللہ اچکزئی

تاجر برادری معاشی سرگرمیوں کو بحال رکھنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں، چیئرمین

حکومتی سطح پر سہولتیں فراہم کی جائیں تو چمن میں کاروبار کو دوبارہ فروغ پا سکتا ہے، خطاب

چمن (پ ر) فوجی مارکیٹ میں محمد ولی رائس ڈیلر اینڈ جنرل اسٹور کا شاندار افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی سینئر صحافی اور چیئرمین تاجران حبیب اللہ اچکزئی تھے جنہوں نے فیتہ کاٹ کر دکان کا باضابطہ افتتاح کیا تقریب میں پریس سیکرٹری حاجی عبدالباری اسحاق مولوی مرتضیٰ سرپرست اعلیٰ حاجی لالئی نورزئی نائب صدر حیات اللہ کلیوال ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی لاکو جان حاجی احمد شاہ فوجی مارکیٹ صدر حاجی امین آغا حاجی علاؤالدین سرور خان محمد حنیف بہادر خان حاجی عبدالہادی امان اللہ خان ممتاز تاجر حاجی محمد نبی تاجر محمد ولی و دیگر تاجر رہنماؤں، دکانداروں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرحدی شہر چمن میں کاروباری حالات بدستور خراب ہیں اور شہر کی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے مقررین کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے عوام اور تاجر طبقے کے لیے کوئی واضح کاروباری پالیسی یا سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں انہوں نے کہا کہ اس کے باوجود تاجر برادری شہر میں کاروبار کے فروغ اور معاشی سرگرمیوں کو بحال رکھنے کے لیے دن رات کوششیں کر رہی ہے جو ایک قابل تحسین اقدام ہے۔ مقررین نے امید ظاہر کی کہ اگر حکومتی سطح پر سہولتیں فراہم کی جائیں تو چمن میں کاروبار کو دوبارہ فروغ دیا جا سکتا ہے آخر میں تقریب میں شریک مہمانوں اور شرکاء کی تواضع بریانی سے کی گئی۔

تربت میں ایم ایٹ روڈ پر پروبکس گاڑی الٹنے سے تین افراد شدید زخمی

تربت (یو این اے) ایم ایٹ روڈ پر ہیرونک کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث پروبکس گاڑی الٹ گئی، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار تین افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کی شناخت فیض اللہ ولد نواب خان، آبسر ولد بسم اللہ خان اور اشرف خان ولد نور محمد، ساکنان کراچی کے طور پر کی گئی ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد موقع پر پہنچے اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس اور متعلقہ حکام نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔

موٹر وے پولیس ایم 5 کی کارروائی، نان کسٹم پیڈ گاڑی برآمد، ملزم گرفتار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) موٹروے پولیس ایم 5 نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے نان کسٹم پیڈ گاڑی برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سنٹرل ریجن موٹروے پولیس سید عمران احمد کے مطابق نے خاہر پیر کے قریب مشکوک ویگن آر گاڑی کو روکا جو نان کسٹم پیڈ پائی گئی، برآمد ہونے والی گاڑی کی مالیت تقریباً 30 لاکھ روپے بتائی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کوئٹہ سے ملتان نان کسٹم پیڈ گاڑی منتقل کر رہا تھا، کسٹمز حکام نے گاڑی کو باقاعدہ طور پر نان کسٹم پیڈ قرار دے دیا ہے۔ حکام کے مطابق ملزم، گاڑی اور موبائل فون کسٹمز حکام کے حوالے کر دیئے گئے ہیں جبکہ ملزم کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی

پاک افغان بارڈر کی بندش سے کینو سستے، شہری خوش، باغبان پریشان

رواں سیزن آلو کی پیداوار ایک لاکھ 20 ہزار ٹن، کینو کی پیداوار 40 لاکھ ٹن ہونے کا امکان

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان کی ہمسایہ ملک افغانستان کے ساتھ سرحدی گزرگاہوں کی بندش کے باعث برآمد نہ ہونے پر آلو کے بعد کینو بھی سستے ہوگئے ہیں جس سے شہری خوش اور کاشت کار مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور افغانستان کے درمیان سالانہ اربوں ڈالر کی تجارت ہوتی رہی ہے، افغان پیداوار کی بڑی منڈی پاکستان جبکہ پاکستانی اشیاء کی منڈی افغانستان بھی جاتی ہے، پاکستان میں کئی ماہ سے سرحدیں بند ہونے سے سب سے زیادہ زرعی شعبہ متاثر ہو رہا ہے۔ کسان اتحاد پاکستان کے چیئرمین خالد باٹھ نے بتایا کہ پہلے آلو کی برآمدت ہونے پر کاشت کاروں کو اربوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا، اب کینو منڈیوں میں رل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ حکومت پنجاب نے کاشت کاروں کو برآمدات کی اجازت دینے کا دعویٰ کیا ہے تاہم کاشت کاروں کے لیے اپنی فصلیں برآمد کرنا ممکن نہیں بلکہ حکومت بھارت اور افغانستان کی متبادل مارکیٹوں تک رسائی ممکن بنائے، اگر فوری طور پر دوسرے ممالک میں برآمدات شروع نہ ہوئیں تو زراعت تباہ ہو جائے گی۔ حکام نے دعویٰ کیا کہ زرعی اشیاء کی بنگلہ دیش، سری لنکا، انڈونیشیا اور فلپائن تک رسائی کو ممکن بنانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔

بنو قابل پروگرام کے تحت ہزاروں نوجوانوں کو ہنر مند بنائیں گے، الخدمت فاؤنڈیشن

آغوش سینٹر یتیم اور بے سہارا بچوں کی کفالت، تعلیم و تربیت، و نگہداشت کے بہترین و مثالی فلاحی ادارے ہیں

بلوچستان لسبیلہ میں یتیم بچوں کی کفالت تعلیم و تربیت کیلئے آغوش سینٹر کا افتتاح بہت جلد ہوگا، عبدالمجید سربازی

کوئٹہ (آن لائن) صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی نے کہا کہ بلوچستان میں الخدمت بنو قابل سمیت دیگر پراجیکٹس میں بہتری اور وسعت لائیں گے کراچی الخدمت کی خواتین، مردانہ نظم سمیت تاجر برادری مخیر حضرات نے ہمیشہ ساتھ دیا تاجر برادری، عوام، مخیر حضرات اور رضاکار و ذمہ داران ہمارے اثاثے ہیں۔ بنو قابل پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے ہزاروں نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر باعزت روزگار کے قابل بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کراچی کے دوران الخدمت کراچی دفاتر میں ذمہ داران سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا ان کے ہمراہ الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے ذمہ داران بھی تھے۔ انہوں نے الخدمت خواتین ٹرسٹ کے تحت قائم آغوش سینٹر کراچی کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ادارے کے تجربات سے آگاہی حاصل کی گئی۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان لسبیلہ میں بھی یتیم بچوں کی کفالت تعلیم و تربیت کیلئے آغوش سینٹر کا افتتاح بہت جلد ہوگا آغوش سینٹر یتیم اور بے سہارا بچوں کی کفالت، تعلیم و تربیت، صحت و نگہداشت اور اخلاقی تربیت کے حوالے سے ایک بہترین مثالی فلاحی ادارے ہیں، جہاں ماں کی آغوش سے محروم بچوں کو محبت، تحفظ اور باوقار ماحول فراہم کیا جاتا ہے۔ صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی نے آغوش سینٹر میں جاری بہترین خدمات، موثر انتظامات اور الخدمت خواتین ٹرسٹ کی ٹیم کی خلوص پر مبنی محنت کو سراہا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ترقیاتی کام کے نام پر کوئٹہ کھنڈر میں تبدیل ہوگیا، لالہ یوسف

اکثر علاقوں میں فٹ پاتھ بڑے اور سڑکیں چھوٹی کردی گئیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ ترقیاتی کاموں کے نام پر کوئٹہ شہر کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے ترقیاتی کام شہر میں کہیں بھی نظر نہیں آ رہے ہیں جبکہ کوئٹہ شہر کے اکثر علاقوں میں فٹ پاتھ بڑے اور سڑکیں چھوٹی کر دی گئیں ایسا کرنے والے انجینئرز سے پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا دارالخلافہ ہونے کے باوجود تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہے کوئٹہ شہر کی ترقی کیلئے آنے والے فنڈز خرچ ہونے کی بجائے خورد برد کی نظر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں ترقیاتی کاموں کے نام پر سڑکوں کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا ہے سڑکیں توڑنے کے باعث اٹھنے والے گرد و غبار کی وجہ سے شہری سانس کی تکلیف میں مبتلا ہو رہے ہیں دنوں کا کام کئی ماہ گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہو رہا ہے۔ جس نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر کے رکھ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں اکثر سڑکوں کو توڑ کر چھوڑ دیا گیا ہے جبکہ جو کچھ سڑکیں دوبارہ بنی ہیں وہاں فٹ پاتھ بڑے کر دیئے گئے ہیں جبکہ سڑکیں چھوٹی کر دی گئی ہیں، جس سے عوام کے کروڑوں روپے کے فنڈز ضائع کیے گئے ہیں لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے انجینئرز کو سخت سزا دی جانی چاہئے جنہوں نے سڑکوں کو چھوٹا اور فٹ پاتھ بڑے بنائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان ترقی کے بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں لیکن ترقی زمین پر کہیں نظر نہیں آ رہی ہے کوئٹہ شہر کے عوام پینے کے صاف پانی، بجلی، گیس، صحت سمیت دیگر سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے اگر حکمرانوں نے عوامی فنڈز کا صحیح استعمال نہیں کیا تو وہ دن دور نہیں جب حکمرانوں کے گریبان اور عوام کے ہاتھ ہوں گے اور انہیں عوام سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔

گیس لیکج کے واقعات، بزرگ جوڑا جاں بحق، دس جھلس گئے

الیکٹرک ہیٹر سے رضائی کو آگ لگ گئی 90 سالہ گاما مائی اور 88 فلک شیر جاں بحق

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے مختلف شہروں میں گیس لیکج کے واقعات میں تشویشناک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جہاں پیش آنے والے الگ الگ حادثات میں ایک بزرگ جوڑا جاں بحق اور خواتین اور بچوں سمیت دس افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ حاصل پور میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں ایک گھر کے اندر الیکٹرک ہیٹر سے رضائی کو آگ لگ گئی، جس کے نتیجے میں 90 سالہ گاما مائی اور 88 فلک شیر شدید جھلس گئے، دونوں فوری طبی امداد نہ ملنے کے باعث جانبر نہ ہو سکے اور موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ سرگودھا میں ایک اور واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک گھر میں گیس لیکج کے باعث اچانک آگ بھڑک اٹھی، آگ لگنے سے میاں بیوی اور ان کے پانچ بچے جھلس کر زخمی ہو گئے، اہل محلہ نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پایا اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ اسی طرح حافظ آباد کی تحصیل پنڈی بھٹیاں میں گیس لیکج کے باعث زوردار دھماکا ہوا

نوکنڈی: ریکوڈک مائننگ کمپنی کے زیر اہتمام اسکالرشپ ایوارڈ تقریب میں طلباء و طالبات کا گروپ فوٹو

وندر پولیس کی کارروائی، 3 مسروقہ گاڑیاں برآمد، 4 ملزمان گرفتار

سونمیانی وندر (یو این اے) وندر پولیس کی مختلف کارروائیوں میں 3 مسروقہ گاڑیاں برآمد کر لی گئیں اور 4 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر دیئے گئے۔ ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس حب کے مطابق ایس ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی ہدایات پر ڈی ایس پی وندر محمد جان ساسولی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ وندر راشد علی بزنجو نے اپنی ٹیم کے ساتھ کامیاب کارروائیاں کیں۔ کارروائیوں میں سوزوکی آلٹو NCP CBA-061 ملزم تاوز خان سے، موٹر سائیکل KTD-2561 ملزم تیمور شاہ سے اور ٹویوٹا کرولا BBT-657 ملزمان عمران ولد یونس اور ادریس ولد محمد نور سے برآمد کی گئی۔ پولیس نے تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

پنجگور میں نیشنل پارٹی کے کارکن زوہیب بلوچ کے قتل کی شدید مذمت

بہیمانہ قتل سے پارٹی اور علاقے میں شدید صدمہ، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، نیشنل پارٹی

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کی زوہیب بلوچ کے قتل کی شدید مذمت نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ اور مرکزی رہنما و سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد اسلام بلوچ نے نیشنل پارٹی پنجگور کے سینئر کارکن زوہیب ولد محمد اعظم بلوچ کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ زوہیب بلوچ نیشنل پارٹی کے ایک مخلص، متحرک اور نظریاتی کارکن تھے، جن کا بہیمانہ قتل نہ صرف پارٹی بلکہ پورے علاقے کے لیے گہرا صدمہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے۔

میر عبید گورگیج کیخلاف پروپیگنڈہ سستی شہرت کی کوشش ہے، ترجمان

بینظیر ہسپتال کیلئے زمین دستیاب نہ ہونے پر وزیراعلیٰ کی منظوری سے فنڈز منتقل کیے گئے

لفاظی الزامات سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا عوام میر عبید گورگیج سے مطمئن ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان نے واضح کیا ہے کہ حلقہ پی بی 44 میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبے کسی دعوے یا وعدے نہیں بلکہ زمینی حقائق کے طور پر عوام کے سامنے موجود ہیں۔ میر عبید کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرنے والے عناصر سورج کی روشنی کو انگلی سے چھپانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، تاہم عوام باشعور ہیں اور حقیقت کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ ترجمان نے وضاحت کی کہ بینظیر ہسپتال کے لیے زمین دستیاب نہ ہونے کے باعث اس منصوبے کے لیے مختص فنڈز وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کی منظوری سے دیگر اہم اور فوری عوامی ترقیاتی کاموں پر منتقل کیے گئے، تاکہ وسائل ضائع ہونے کے بجائے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچایا جا سکے۔ اس فیصلے کا مقصد حلقے کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانا تھا۔ انہوں نے کہا کہ محض لفاظی اور بے بنیاد الزامات کے ذریعے عوام کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان پیپلز پارٹی عملی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور ترقیاتی کام ہی اس کی پہچان ہیں۔ ترجمان نے سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے کیچڑ اچھالنے والوں کو خبردار کیا کہ وہ منفی سیاست سے باز رہیں اور عوامی مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح دیں۔

لڑکی کی لاش کیساتھ بے حرمتی کرنیوالا مبینہ ملزم مقابلے میں ہلاک

ملزم نے لاش کو مبینہ طور پر بے حرمتی کے بعد قریبی کھیتوں میں پھینک دیا گیا تھا

بہاولپور (بیورو رپورٹ) ضلع بہاولپور کی تحصیل خیرپور ٹامیوالی میں پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ نوجوان لڑکی کی قبر کھود کر اس کی لاش کی بے حرمتی کرنے والا ملزم مقابلے کے دوران اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق بستی سرداراں کا رہائشی ملزم عبدالواحد عرف کالا اپنے تین ساتھیوں کے ہمراہ گرفتاری کے خوف سے حمید آباد کے علاقے میں چھپا ہوا تھا، رات گئے پولیس پارٹی نے اس جگہ پر چھاپہ مارا، چھاپہ مار پارٹی کو دیکھ کر ملزمان نے مبینہ طور پر فائرنگ کر دی۔ پولیس ترجمان نے دعویٰ کیا کہ فائرنگ رکنے کے بعد پولیس نے ملزم کو شدید زخمی حالت میں پایا جب کہ اس کے ساتھی فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہوگئے۔ ترجمان نے کہا کہ کراس فائر کے دوران ملزمان کی جانب سے چلائی گئی گولی ہیڈ کانسٹیبل علی رضا کو لگی تاہم بلٹ پروف جیکٹ پہننے کی وجہ سے وہ محفوظ رہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے ریسکیو 1122 کی ٹیم کو جائے وقوعہ پر بلایا جس نے زخمی ملزم کی جان بچانے کی کوشش کی تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ پولیس نے بتایا کہ فرار ہونے والے ملزمان کے خلاف ایف آئی آر نمبر 9/26 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے اور ان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق قبر اور لاش کی بے حرمتی کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق اتوار کی شام 16 سالہ لڑکی کی تدفین کی گئی تھی تاہم پیر کی صبح قبر سے لاش غائب تھی۔ لڑکی کی لاش کو مبینہ طور پر بے حرمتی کے بعد قریبی کھیتوں میں پھینک دیا گیا تھا، پولیس نے کہا کہ لڑکی کے اہل خانہ سمیت علاقہ مکینوں سے بھی تفتیش کی جبکہ لڑکی کی موت کرنٹ لگنے سے ہوئی یا اسے قتل کیا گیا

این یو ایم ایس کو نیشنل رجسٹریشن امتحان کی ذمہ داری سونپ دی گئی

مقصد امتحان کی ساکھ و شفافیت کو یقینی بنانا ہے، این آر ای دو مراحل پر مشتمل، سال میں کم از کم دو مرتبہ منعقد کیا جاتا ہے

پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل امیدواروں کو نتائج کی ری ٹوٹلنگ کے لیے درخواست دینے کا موقع بھی فراہم کیا گیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) نیشنل یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز راولپنڈی کو این آر ای کے انعقاد کی ذمہ داری سونپی گئی ہے تاکہ امتحان کی ساکھ، دیانت داری اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ جامعہ گزشتہ دو برسوں سے این آر ای منعقد کر رہی ہے اور پیپر سیٹنگ، کمپائلیشن اور حتمی نتائج کے اعلان کی ذمہ دار ہے۔ این آر ای دو مراحل پر مشتمل ہے اور کم از کم سال میں دو مرتبہ منعقد کیا جاتا ہے، جو منظور شدہ این آر ای معیار، ساخت اور نصاب کے مطابق ہوتا ہے۔ این آر ای کا انعقاد پاکستان میں ایم بی بی ایس / بی ڈی ایس کے مساوی نصاب کے مطابق کیا جاتا ہے۔ امیدواروں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی قسم کی شکایات یا تحفظات آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کروائیں۔ نیشنل رجسٹریشن امتحان (این آر ای) خصوصی طور پر نیشنل یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز (NUMS)، راولپنڈی کے زیر اہتمام منعقد کیا جاتا ہے۔ این آر ای اسٹیپ-I کے لیے پیپر سیٹنگ، امتحان کے انعقاد، جانچ، کمپائلیشن اور نتائج کے اعلان سمیت تمام ذمہ داریاں NUMS کے پاس ہیں۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) کا این آر ای کے پیپر کی تیاری، امتحان کے انعقاد یا نتائج کی تیاری میں کوئی براہ راست کردار نہیں ہے۔ این آر ای کے نتائج سے متعلق پالیسی واضح اور متعین ہے NUMS بروقت امتحان کے انعقاد اور نتائج کا اعلان کرتی ہے۔ حالیہ این آر ای اسٹیپ-I کے نتائج PM&DC کی ویب سائٹ پر شائع کر دیئے گئے ہیں، جبکہ تفصیلی نمبرز PM&DC کے سرکاری آن لائن پورٹل کے ذریعے بھی دستیاب ہیں۔ این آر ای کے لیے کامیابی کا معیار 60 فیصد ہے، اور اس میں نیگیٹو مارکنگ نہیں ہے۔ مزید برآں، پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) امیدواروں کو نتائج کی ری ٹوٹلنگ کے لیے درخواست دینے کا موقع فراہم کیا گیا۔ دسمبر 2025 میں منعقد ہونے والے این آر ای کے لیے صرف دو امیدواروں نے ری ٹوٹلنگ کی درخواستیں جمع کروائیں۔ بطور قومی ریگولیٹری اتھارٹی PM&DC اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ امتحانی عمل کے کسی بھی مرحلے پر کوئی امتیازی سلوک نہیں برتا گیا۔ تمام طریقہ کار مضبوط اور شفاف انداز میں انجام دیے جاتے ہیں تاکہ انصاف، جوابدہی اور قومی و بین الاقوامی بہترین معیارات سے ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ امتحان کی شفافیت سے متعلق تمام الزامات مکمل طور پر بے بنیاد ہیں۔ غیر ملکی میڈیکل گریجویٹس کے لیے نیشنل رجسٹریشن امتحان (این آر ای) پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے تحت ایک لازمی تقاضا ہے، جس کا مقصد پاکستان میں طبی و دندان سازی کی تعلیم اور پیشہ ورانہ عمل میں شفافیت اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنانا ہے۔

جمعیت کے صوبائی نائب و ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کلی ابراہیم زئی سیدان میں جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

اے ایس پیز کو 1 ماہ کی تربیت کیلئے چین بھیجا جائیگا، محسن نقوی

موجودہ پچ کو عالمی معیار کے مطابق تیار کیا جائیگا، نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے تعاون سے جدید سہولیات فراہم کی جائینگی

چاہتا ہوں کہ ہر افسر کی تنخواہ بہتر ہو، مالی مشکلات دور کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، خطاب، این پی اے کا دورہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اکیڈمی کی تزئین و آرائش کے کام کا معائنہ کیا اور اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی محمد ادریس کو ضروری ہدایات دیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کانفرنس ہال، ڈائننگ ہال اور دیگر رومز کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیر تربیت اے ایس پیز سے خطاب کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ زیر تربیت اے ایس پیز کو پاسنگ آؤٹ پر پلاٹ دیئے جائیں گے۔ موجودہ پولیس پچ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کیا جائے گا۔ زیر تربیت اے ایس پیز کو ایک ماہ کی تربیت کیلئے بیجنگ چین بھیجا جائے گا۔ اے ایس پیز کی ٹریننگ میں مزید جدید تقاضوں کے مطابق تربیتی ماڈیولز شامل کریں گے۔ افسران کی پیشہ ورانہ قابلیت اور عملی مہارت بڑھانے کے لیے اقدامات یقینی بنائے جائیں گے۔ پولیس افسران کی مالی مشکلات دور کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چاہتا ہوں کہ ہر افسر کی تنخواہ بہتر ہو۔ نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے تعاون سے افسران کے لیے جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ افسران کی پروموشن کے مسائل حل کیے جائیں گے۔ کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔

کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 2 ملزم ہلاک، 7 گرفتار

سیکٹر بی فائیو عید گاہ گراؤنڈ کے قریب مقابلے میں ایک ملزم ہلاک، ساتھی فرار ہوگئے

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان ہلاک اور چھ زخمیوں سمیت سات ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ بلال کالونی پولیس کا سیکٹر بی فائیو عید گاہ گراؤنڈ کے قریب مقابلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا جبکہ ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ہلاک ملزم چار جنوری کو 18 سالہ نوجوان سعد کو ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ کر کے قتل کرنے میں ملوث تھا، ہلاک ملزم متعدد بار گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکا ہے۔ موچکو ٹاؤن کالونی کے قریب ایس آئی یو پولیس کا ملزمان سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا، کارروائی جمیل چھانگا گینگ کے بھتہ خوروں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی، فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا۔ ادھر فیروز آباد پولیس کا شہید ملت روڈ بل پارک کے قریب مقابلہ ہوا، فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ بچل پولیس کا ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا، مقابلے کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، اس دوران ملزم کا ساتھی فرار ہوگیا، عزیز بھٹی پولیس نے ڈالمیاں شانتی نگر کے قریب فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ سائٹ اے پولیس نے میٹروول قبرستان کے قریب مقابلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، ایم اے جناح روڈ جوبلی مارکیٹ کے قریب عید گاہ پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار ہوا، ملزم کی فائرنگ سے ایک راہگیر شہری بھی زخمی ہوگیا۔ ہلاک اور گرفتار زخمی ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، چھینا ہوا سامان اور موٹر سائیکلیں بھی برآمد کر لی

ترقیاتی اسکیموں کی تکمیل کیلئے کام کی رفتار تیز کی جائے، سیکرٹری زراعت

نور احمد پرکانی کی زیر صدارت اجلاس، زرعی ترقیاتی منصوبوں، پی ایس ڈی پیز اور ایس این ایز سے متعلق امور کا جائزہ

افسران آئندہ اجلاسوں میں مکمل تیاری، اعداد و شمار اور مطلوبہ دستاویزات کیساتھ شرکت کو یقینی بنائیں، اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری زراعت و کوآپریٹوز بلوچستان نور احمد پرکانی کی صدارت میں محکمہ زراعت کے مختلف شعبہ جات کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے میں زرعی ترقیاتی منصوبوں، پی ایس ڈی پیز اور ایس این ایز سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ زراعت توسیع، زراعت تحقیق، آن فارم واٹر مینجمنٹ، زراعت انجینئرنگ، ڈائریکٹوریٹ جنرل سی آر ایس، زرعی کالج کوئٹہ و پنجگور اور گرین پاکستان انیشی ایٹو بلوچستان کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مالی سال 2025-26 کی دوسری سہ ماہی کے ترقیاتی منصوبوں اور پی ایس ڈی پیز کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ مالی سال 2024-25 کے لیے مجوزہ پی ڈی پی پیز جولائی تا نومبر 2025 پر بھی غور کیا گیا جو آئندہ ڈی اے سی اجلاس میں پیش کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ مالی سال 2026-27 کے لیے ایس این ایز سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جنہیں بجٹ ترجیحی کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں زیر بحث لایا جائے گا۔ سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی نے تمام متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں، پی ایس ڈی پیز اور ایس این ایز پر عملدرآمد کو تیز کیا جائے اور آئندہ اجلاسوں میں مکمل تیاری، درست اعداد و شمار اور مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ شرکت کو یقینی بنایا جائے تاکہ زرعی شعبے کی مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی پی ایس ڈی پی اور ایس این ایز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیلنجز کے باوجود بی ایچ یوز خدمات فراہم کر رہے ہیں، پی پی ایچ آئی

بلوچستان تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا، صوبے کا جغرافیہ، نازک صورتحال اور انسانی ضروریات نظم و ضبط کا تقاضا کرتی ہیں

عارضی و وقتی انتظامی طریقہ کار سے نکل کر ایک منظم اور مضبوط انتظامی ماڈل کی جانب واضح پیش رفت کی گئی، ڈاکٹر ایم بی

کوئٹہ (آن لائن) پی پی ایچ آئی بلوچستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 58 واں غیر معمولی اجلاس گزشتہ روز ادارے کے ہیڈ آفس کوئٹہ میں بورڈ کے چیئرمین منیر احمد بادینی کی زیر صدارت ہوا۔ جس میں گزشتہ ساٹھ دنوں کے دوران گورننس امور، ادارہ جاتی کارکردگی، صحت کی خدمات کے تسلسل اور ادارہ جاتی اصلاحاتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں بورڈ نے 10 دسمبر 2025 کو منعقد ہونے والے 57 ویں جنرل اجلاس کی کارروائی کی توثیق کی، جس سے قوانین اور گورننس کے عمل کا تسلسل یقینی بنایا گیا۔ بورڈ نے پروفیسر ڈاکٹر غلام رسول کو بطور نئے رکن خوش آمدید کہا اور اس امید کا اظہار کیا کہ ان کی تعلیمی اور طبی مہارت ادارے میں تکنیکی نگرانی اور کلینیکل گورننس کو مزید مضبوط کرے گی۔ اجلاس کے دوران چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر ایم بی رابعہ دھاریجو نے اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے ابتدائی ساٹھ دنوں میں کیے گئے اقدامات پر جامع بریفنگ دی۔ بورڈ نے ان اقدامات کو سراہا اور اس بات کا نوٹس لیا کہ ادارے نے عارضی اور وقتی انتظامی طریقہ کار سے نکل کر ایک منظم، نظام پر مبنی اور ادارہ جاتی طور پر مضبوط انتظامی ماڈل کی جانب واضح پیش رفت کی ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ جغرافیائی اور انتظامی چیلنجز کے باوجود بلوچستان کے تمام 36 اضلاع میں قائم 900 سے زائد بنیادی صحت مراکز (بی ایچ یوز) میں بلاتعطل بنیادی صحت کی خدمات فراہم کی گئیں۔ ڈاکٹر ایم بی دھاریجو نے بتایا کہ ان کے دور کے ابتدائی مرحلے میں پی پی ایچ آئی بلوچستان کو کس طرح مستحکم کیا گیا، نظام کو از سر نو کیسے تعمیر کیا گیا اور سروس ڈیلیوری کو کس طرح محفوظ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا، کیونکہ اس کا جغرافیہ، نازک صورتحال اور انسانی ضروریات پیش بینی، نظم و ضبط اور ادارہ جاتی وضاحت کا تقاضا کرتی ہیں۔ اسی تناظر میں ابتدائی ساٹھ دنوں میں تین ترجیحات پر توجہ دی گئی۔ انہوں نے ان اصلاحات کو عملی، آزمودہ اور پہلے ہی نافذ شدہ قرار دیتے ہوئے بورڈ سے باضابطہ منظوری اور ادارہ جاتی تسلسل کے نفاذ کی درخواست کی۔ اس دوران بورڈ کو آگاہ کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ مینیجرز اور متعلقہ ضلعی صحت حکام کے ساتھ منظم رابطوں کے ذریعے ضلعی سطح پر بنیادی صحت کی سہولیات کو مضبوط کیا گیا۔ ان رابطوں میں سہولت کی سطح پر انسانی وسائل کی تنظیم نو، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے "ایڈاپٹ اے بی ایچ یو" نوٹیفکیشنز کا اجرا، صحت کے لیے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ فنڈز کا استعمال، سالانہ بنیادی صحت منصوبہ بندی، اور مانیٹرنگ کے ذریعے شناخت شدہ ضروری سہولیات و ادویات کی فراہمی شامل رہی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صحت مراکز کے لیے تقریباً 500 ملین روپے مختص کیے گئے، جبکہ بنیادی ڈھانچے اور خدمات کے تسلسل کے لیے پی ایس ڈی پی کے تحت اضافی فنڈز بھی حاصل کیے گئے۔ ادارہ جاتی کنٹرول اور شفافیت کو بہتر بنانے کے لیے سی ای او نے ای فائلنگ سسٹم کے نفاذ کی رپورٹ دی، جس سے فیصلوں کی ٹریس ایبلٹی، وقت کی پابندی اور انتظامی تاخیر میں کمی ممکن ہوئی۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر وپبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 16 جنوری 2026ء

ریلویز میں انقلابی اصلاحات، جامع روڈ میپ اور دوٹوک اقدامات کی ضرورت

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ریلویز میں ادارہ جاتی اور انتظامی کارکردگی کو مزید موثر بنانے کے لئے انقلابی اقدامات کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ پاکستان ریلویز بامعنی مشاورت کے بعد عملی اقدامات پر مشتمل روڈ میپ آئندہ ہفتے پیش کرے۔ وہ گزشتہ روز پاکستان ریلویز میں جاری اصلاحات اور ترقی کے حوالے سے نجی شعبے کے ماہرین کے ساتھ مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں وفاقی وزراء، وزیراعظم کے معاونین، نیشنل کوآرڈی نیٹر ایس آئی ایف سی اور متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹریز اور حکام کے علاوہ نجی شعبے کے ماہرین نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے وزارت ریلویز کے وسائل کے کمرشل استعمال کے لئے جامع حکمت عملی جلد از جلد مرتب کرنے کی خصوصی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ معیشت کی مجموعی ترقی، صنعت وتجارت اور دیگر شعبہ جات کی بہتری میں نجی شعبے کے ماہرین سے مشاورت حکومت کے معاشی اصلاحات کا حصہ ہے۔ پاکستان ریلویز قلیل وسائل کے باوجود نہایت تندہی اور محنت سے موثر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلویز میں ادارہ جاتی اور انتظامی کارکردگی کو مزید موثر کرنے کے لئے انقلابی اقدامات دہائیوں سے ناگزیر تھے، پاکستان ریلویز میں جاری اصلاحات اور اس کو مزید منافع بخش بنانے سے یہ ادارہ ملکی صنعت وتجارت کے فروغ اور سرمایہ کاروں کی سہولت کے لئے کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ پاکستان ریلویز، جو کہ ملک کے تمام بڑے شہروں اور علاقوں کے درمیان مواصلات کا ایک اہم ذریعہ ہے، طویل عرصے سے انتظامی اور مالی مشکلات کا شکار رہی ہے۔ بدقسمتی سے مختلف حکومتوں کی جانب سے اس ادارے کے استحکام اور بہتری کے لئے خاطر خواہ اقدامات نہ کئے گئے، جس کے نتیجے میں اس کی کارکردگی میں کمی آئی اور عوام کو مناسب سفری سہولتیں فراہم نہیں ہو سکیں تاہم موجودہ حکومت اس حوالے سے اپنی ذمہ داریوں اور فرائض سے نہ صرف واقف وآگاہ ہے بلکہ ان کی بجا آوری بھی یقینی بنائی جا رہی ہے گزشتہ روز نجی شعبے کے ماہرین کے ساتھ منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جو نہ صرف اس ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی امید دلاتا ہے بلکہ یہ ملک کی معیشت کو بھی مستحکم کرنے کے لئے ایک اہم قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان ریلویز کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے ایک بامعنی مشاورت کے ذریعے روڈ میپ مرتب کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس روڈ میپ کا مقصد ریلویز کے ادارہ جاتی اور انتظامی ڈھانچے کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنا اور اس کی معاشی کارکردگی کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ اس ہدایت کے تحت حکومت نے واضح طور پر اعلان کیا ہے کہ پاکستان ریلویز کی موجودہ حالت کو بہتر بنانے کے لئے فوری اور دوررس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ یہ روڈ میپ نہ صرف پاکستان ریلویز کی ترقی کے لئے ایک بنیاد فراہم کرے گا، بلکہ اس کے ذریعے عوامی سہولت، تجارتی تعلقات اور علاقائی ترقی کے حوالے سے اہم پیشرفت ممکن ہوگی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان ریلویز کی معیاری کارکردگی، ملک کی اقتصادی ترقی اور صنعتی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ پاکستان ریلویز کی معیاری کارکردگی کو مستحکم کرنے کے لئے حکومتی فنڈز کا تو اہم کردار ہے ہی، تاہم اس کے ساتھ ساتھ نجی شعبے کی شمولیت بھی ضروری ہے۔ وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا ہے کہ پاکستان ریلویز کے منظم انتظام اور کمرشل استعمال کے لئے نجی شعبے کی مشاورت اور سرمایہ کاری کا بھرپور جائزہ لیا جائے۔ نجی سرمایہ کاری کا نہ صرف ادارہ کی مالی حالت کو بہتر بنانے میں کردار ہوگا، بلکہ اس سے ریلویز کے ڈھانچے کی جدت اور عوامی سہولت میں بھی اضافہ ہوگا۔ یہ اقدام اس لئے بھی اہمیت رکھتا ہے کہ پاکستان ریلویز کے وسائل کا کمرشل استعمال ملک کی اقتصادی ترقی میں ایک اہم عنصر بن سکتا ہے۔ اگر ان وسائل کو صحیح طریقے سے استعمال کیا جائے، تو نہ صرف ملک میں تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی بلکہ ملک کا ریلوے نظام بھی عالمی معیار کے مطابق ترقی کر سکے گا۔ یہاں ہم ہمارے صوبے (بلوچستان) کا ذکر ضروری سمجھتے ہیں ریلویز کے حوالے سے سب سے زیادہ توجہ بلوچستان کو ملنی چاہئے کیونکہ یہاں ریلوے کی سہولتوں کی کمی اور ترقیاتی کاموں کی عدم موجودگی نے عوامی مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ ایک وقت تھا جب کوئٹہ سے اندرون ملک کی طرف روزانہ آٹھ سے دس ٹرینیں چلتی تھیں، مگر آج صرف دو ٹرینیں، جعفر ایکسپریس اور بولان میل چل رہی ہیں بلوچستان ایک طویل عرصے سے نظر انداز کیا گیا ہے اور عوام کو مناسب سفری سہولتیں فراہم نہیں کی جا سکیں۔ بلوچستان کے عوام کے لئے یہ ضروری ہے کہ انہیں ریلوے کے ذریعے سفری سہولتیں فراہم کی جائیں پاکستان ریلویز میں جاری اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں میں بلوچستان کو خصوصی ترجیح ملنی چاہئے نئی ٹرینوں کا اجراء نہایت ضروری ہے تاکہ بلوچستان کے شہریوں کو بہتر سفری سہولتیں مل سکیں اور ملک کے دیگر علاقوں کے ساتھ ان کا رابطہ مزید مضبوط ہو سکے۔ پاکستان ریلویز کو دور جدید کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنا نہایت ضروری ہے۔ موجودہ دور میں جہاں ایک طرف لوگوں کی سفری ضروریات میں اضافہ ہو رہا ہے، وہاں دوسری طرف بین الاقوامی سطح پر بھی ریلوے کے نظام میں جدید ٹیکنالوجی اور جدید سسٹمز کی ضرورت بڑھ گئی ہے ریلویز کو بین الاقوامی سطح پر ایک عالمی معیار کا کمرشل مواصلاتی نظام بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے جدید ٹرینوں کا اجراء، انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن، اور انتظامی نظام میں اصلاح بھی ناگزیر ہو چکا ہے موجودہ نیٹ ورک میں جدت لانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور مسافرین کے لئے جدید سہولتیں فراہم کرنا نہ صرف ضروری ہے بلکہ ملک کی اقتصادی ترقی اور عوام کی فلاح کے لئے بھی لازم ہے۔ وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق، ریلوے کے جدید نیٹ ورک کی تعمیر اور اس کی کمرشل استعداد کو بڑھانے کے لئے جلد اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ پاکستان ریلویز میں ہونے والی حالیہ اصلاحات اور وزیراعظم کی جانب سے روڈ میپ کی ہدایت نہ صرف اس ادارے کی موجودہ حالت میں بہتری لانے کے لئے ایک اہم قدم ہے، بلکہ یہ ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عوامی سہولتوں کے فروغ کے لئے بھی ایک سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے اگر حکومتی اقدامات کی روشنی میں پاکستان ریلویز کو عالمی معیار کے مطابق ڈھال لیا جائے، تو یہ نہ صرف ملک کے اندر بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ایک موثر اور کامیاب نظام بن سکتا ہے۔ پس ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان ریلویز میں جدت، بہتری اور استحکام کے لئے وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھائے جائیں اور اس حوالے سے مزید کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا جائے ہمیں قوی امید ہے کہ یہ اقدامات معیشت، معاشرت او رمجموعی قومی ترقی کے لئے نتیجہ خیز اور ثمر بار ثابت ہوں گے۔

''وصل کا دن اور اس قدر مختصر''

برملا — نصرت جاوید

امیر مینائی کا ایک شعر ہے۔ اکثر بے موقع یاد آ جاتا ہے۔ یہ اس ''وصل'' کا نوحہ ہے جس کے لئے عاشق بہت اشتیاق سے دن گن رہا ہوتا ہے۔ وصل مگر کئی دنوں کے برقرار انتظار کے بعد ''اس قدر مختصر'' محسوس ہوتا ہے۔ ''وصل کا دن اور اس قدر مختصر'' والے مصرعے کا کسی سیاسی واقعہ کے حوالے سے یاد آ جانا آپ کو جائز وجوہات کی بناء پر احمقانہ محسوس ہوگا۔ میں تاہم نہایت ایمان داری سے گزشتہ کئی دنوں سے اقرار کئے چلے جا رہا ہوں کہ ان دنوں مجھ پر غالب کی بیان کردہ ''یک رہا ہوں جنوں میں...'' والی کیفیت طاری ہے۔ کہیں کی اینٹ کو کہیں کے روڑے کے ساتھ جوڑتے ہوئے نہایت ڈھٹائی سے یہ محسوس کرتا ہوں کہ میرا طرز تحریر Stream of Consciousness کے تابع ہو رہا ہے۔ خیالات کا برجستہ بہاؤ جس کی اونٹ کی طرح کوئی کل سیدھی نہیں ہو سکتی۔

''اس قدر مختصر'' والی بے بسی کا احساس مجھے پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کے رویے کی وجہ سے ہوا۔ خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ جناب سہیل آفریدی جب کراچی ایئرپورٹ پہنچے تو وہاں سندھ حکومت کے وزیر اور عمر تمام مزدوروں کے حقوق کے لئے جدوجہد کرنے والے والد کے فرزند جناب سعید غنی نے ان کے سر پر سندھی ٹوپی اور گلے میں اجرک پہنا کر ان کا استقبال کیا۔ سہیل آفریدی کو اتوار کے روز مراد علی شاہ صاحب نے ناشتے کی دعوت بھی دی۔ ایئرپورٹ سے روانہ ہوئے سہیل آفریدی کے قافلے کی راہ میں سندھ پولیس نے کوئی رکاوٹ نہ ڈالی۔ ریگولر میڈیا سے کہیں زیادہ یوٹیوب چینلز کی بدولت حق گوئی سے ہماری ذہن سازی کی تگ ودو میں مصروف آزاد منش صحافیوں نے دلفریب جذبات میں بہہ کر اصرار کیا کہ حکومت پنجاب کا رویہ سندھ حکومت کے برعکس ان کی پنجاب آمد کے دوران مخاصمانہ تھا۔ پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت نے اس کے برعکس انداز اختیار کرتے ہوئے پیغام یہ دیا ہے کہ حالات چاہے کتنے بھی دگرگوں کیوں نہ ہو جائیں پیپلز پارٹی کسی نہ کسی صورت جمہوری روایات کو برقرار رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔

کچھ امید پرستوں نے یہ توقع بھی باندھ لی کہ سہیل آفریدی کو خوش دلی سے سندھ میں خیر مقدم کرتے ہوئے پیپلز پارٹی مستقبل بعید میں تحریک انصاف کے ساتھ چند بنیادی اصولوں پر اتفاق کرنے کی گنجائش بھی نکال سکتی ہے۔ میں یوٹیوب پر امید پرستی کے بھاشن سن ہی رہا تھا تو حالات یکسر بدل گئے۔ ''وصل کا دن'' مختصر ہی ثابت ہوا۔ کیوں؟ اس سوال کا جواب دینے سے میں آزادیٔ اظہار کے احترام میں گریز اختیار کرنا مناسب سمجھوں گا۔

ویسے بھی میری سوچ تو ان دنوں اس کتاب پر اٹکی ہوئی ہے جسے محترمہ بے نظیر بھٹو کے طویل عرصے تک معاون رہے فرحت اللہ بابر صاحب نے لکھا ہے۔ پیر کی صبح چھپے کالم میں اس کا باب 13 ہی زیر بحث رہا۔ اس باب میں بابر صاحب نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی وساطت سے امریکہ کی ڈیپ سٹیٹ نے محترمہ بے نظیر بھٹو کو پیغام بھیجا تھا کہ وہ 2007ء سے قبل پاکستان لوٹنے کی کوشش نہ کریں۔ وجہ اس کی یہ بتائی گئی کہ نائن الیون کے بعد سے امریکہ نے پاکستان سے مذہبی انتہا پسندی کو جڑ سے اکھاڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ امریکی ڈیپ سٹیٹ کے خیال میں عوام میں اپنی ساکھ کھو دینے کے بعد پاکستان کی سیاسی جماعتیں اس قابل نہیں تھیں کہ مذہبی انتہا پسندی کا مقابلہ کر سکیں۔ فقط پاکستانی فوج ہی یہ فریضہ نبھا سکتی تھی اور اس ہدف کے حصول کے لئے ان دنوں کے فوجی صدر، جنرل مشرف، آمادگی کا اظہار بھی کر چکے تھے۔

محترمہ کو یہ بھی پیغام بھیجا گیا کہ فی الوقت پاکستان میں انتخاب کی گنجائش موجود نہیں ہے۔ دسمبر 2001ء میں دئے اس پیغام کے بعد مگر جنرل مشرف 10 اکتوبر 2002ء میں انتخاب کروانے کو مجبور ہوئے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو مگر اس میں شرکت کی اجازت نہ ملی۔ وہ جلاوطن ہی رہیں۔ ان کی عدم موجودگی میں پیپلز پارٹی نے براہ راست ووٹوں کے حوالے سے دیگر سیاسی جماعتوں میں سے سب سے زیادہ ووٹ لئے۔ اس کے حصے میں لیکن اس کے باوجود 81 نشستیں آئیں۔ پنجاب میں ''سیاسی انجینئرنگ'' کی بدولت جنرل مشرف کی سرپرستی میں بنائی پاکستان مسلم لیگ (ق) واحد اکثریتی جماعت کی صورت ابھری۔ واضح اکثریت مگر اسے بھی نصیب نہ ہوئی۔ پیپلز پارٹی میں سے چند ''محبان وطن'' نکالنے کے باوجود ظفر اللہ جمالی کو وزیراعظم منتخب کروانے کے لئے ''مذہبی انتہا پسندی'' کو جڑ سے اکھاڑنے کا وعدہ کرنے والے جنرل مشرف کالعدم سپاہ صحابہ کے مولانا اعظم طارق کا ووٹ لینے کو مجبور ہوئے۔

بات وہیں ختم نہ ہوئی۔ عددی حقائق کی بنیاد پر پیپلز پارٹی کے مخدوم امین فہیم کو قائد حزب اختلاف تسلیم کئے جانا تھا۔ ان دنوں کے سپیکر قومی اسمبلی چودھری امیر حسین نے مگر مذہبی جماعتوں کے اتحاد۔ متحدہ مجلس عمل۔ کے مولانا فضل الرحمن کو یہ اعزاز بخشا۔ دینی جماعتوں کے نامزد کردہ وفد سے مذاکرات ہی کے نتیجے میں جنرل مشرف نے فوجی وردی سمیت ''ملک کے منتخب صدر'' کہلوائے جانے کا اختیار بھی حاصل کرلیا۔ حالانکہ موصوف جنرل ضیاء کی طرح وہ اپریل 2001ء میں ہوئے ایک ریفرنڈم کے ذریعے صدر بنے تھے۔ پولنگ بوتھ اگرچہ ان کے ریفرنڈم کے روز چند حلقوں کے سوا ویران ہی نظر آتے رہے۔

امریکہ کا نائن الیون کے بعد پاکستان سے ''مذہبی انتہا پسندی'' کو جڑ سے اکھاڑنے کا منصوبہ تھا۔ اس ضمن میں کلیدی کردار جنرل مشرف نے ادا کرنا تھا۔ ان دنوں کے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں لیکن دینی جماعتوں کے اتحاد پر مشتمل اتحاد کی جماعتیں ہی کامیاب ہوئیں۔ ان کا انتخابی نشان ''کتاب'' تھا۔ اسے ہمارے سادہ لوح عوام کے لئے کلام پاک کی علامت بنا کر پیش کیا گیا۔ فرحت اللہ بابر صاحب کو لہٰذا جنرل مشرف کے ذریعے مذہبی انتہا پسندی کو جڑ سے اکھاڑنے کا جو پیغام دیا گیا تھا وہ قابل عمل ثابت نہ ہوا۔ نواز شریف اور محترمہ بے نظیر بھٹو کو جلاوطن رکھتے ہوئے جنرل مشرف کے ذریعے ''انتہا پسندی'' کے خاتمے کے منصوبہ پر کام شروع ہوا جو ہر حوالے سے ناکام رہا۔ نیک محمد اور بیت اللہ محسود جیسے نام نہاد دہشت گردی کی جنگ کے دوران ہی نمودار ہوئے تھے۔ ان سے نبرد آزما ہونے کے لئے ہم لوگ ''ڈرون ٹیکنالوجی'' سے آگاہ ہوئے اور اب اس ٹیکنالوجی کی جدید ترین انتہا سے بھی واقف ہو چکے ہیں۔ قصہ مختصر امریکہ کی ڈیپ سٹیٹ کے پراسرار (T) نے جو نقشہ بابر صاحب کے ذریعے محترمہ تک پہنچایا وہ ہر حوالے سے ناقابل عمل ثابت ہوا۔

امریکہ کی ڈھٹائی سے مفر لیکن ممکن نہیں۔ 2002ء کے انتخاب ہو جانے کے بعد مجھے آج بھی پیپلز پارٹی کے کئی قد آور رہنما یاد آ جاتے ہیں جو نجی محفلوں میں اصرار کرتے رہے کہ میں اپنے انگریزی کالم کے ذریعے محترمہ بے نظیر بھٹو کو قائل کرنے کی کوشش کروں کہ پیپلز پارٹی 2002ء کے انتخاب کی بدولت عوام میں سب سے مقبول جماعت ثابت ہو چکی ہے۔ اسے مخدوم امین فہیم صاحب جیسے نرم گفتار رہنما کی قیادت میں جنرل مشرف کے ساتھ ہوشیاری سے روابط بڑھانے کی ضرورت ہے۔ یہ ہو گیا تو ایک دن مشرف کا دل قاف لیگ سے بھر سکتا ہے کیونکہ اس کے نامزد کردہ مرحوم ظفر اللہ جمالی کسی بھی اعتبار سے عوام میں مقبول ہونے کا امکان رکھنے والی کرشماتی شخصیت کے مالک نہیں تھے۔

جیل میں بیٹھے آصف علی زرداری نے مگر اس سوچ کو ''مائنس بے نظیر بھٹو'' والی گیم تصور کیا۔ خود میں آ کر رنگ میں بھنگ ڈالنے کی کوشش کرتے ہوئے اپنی جماعت کو سمجھانا شروع کر دیا کہ مولانا فضل الرحمن کو پیپلز پارٹی، جماعت اسلامی اور جمعیت العلمائے اسلام کے دونوں سمیت اگر وزیراعظم منتخب نہیں کروا سکتی تو طاقتور اپوزیشن لیڈر کے طور پر مشرف کے سامنے لے آئے۔ اسلام آباد کے امریکی ہی نہیں چند برطانوی سفارت کار بھی پیپلز پارٹی اور ایم ایم اے کے مابین زرداری صاحب کے ذہن میں موجود اتحاد کروانے میں مصروف ہو گئے۔

خودکش محبت

اڑیں گے پرزے — آمنہ مفتی

لاہور کی ایک نجی یونیورسٹی میں دو الگ، الگ واقعات میں دو طلبہ نے اپنی جان لینے کی کوشش کی، ایک جان سے گیا جبکہ دوسری کو بچا لیا گیا۔ شدید رنج کی کیفیت طاری ہے۔ میں ماں ہوں، استاد ہوں اور یہی عمر گزار کے آئی ہوں۔ زندگی اتنی ارزاں کیوں محسوس ہوتی ہے؟ اس کا تجربہ بھی ہے، لیکن ان دو واقعات پہ بے حد دکھ ہوا۔

ایک سمسٹر کا ذکر ہے کہ میں نے لیکچر کو گھما پھرا کے خودکشی کا موضوع چھیڑ دیا۔ طلبہ میرے ساتھ ایسے ہی بات کر لیتے ہیں جیسے اپنی آپا یا دوست سے کرتے ہیں۔ 35 کی کلاس میں سے آٹھ خودکشی کی کوشش کر چکے تھے اور میں پہلے ہی روز بھانپ چکی تھی کہ اس کلاس میں کچھ گڑبڑ ہے۔ سمسٹر خیر سے گزر گیا۔ ان ہی بچوں کی بنائی ہوئی فلمیں دیکھنے سے تعلق رکھتی تھیں۔ اب وہ اپنی اپنی عملی زندگی میں کسی جگہ پہنچے ہوئے ہیں، مشکل وقت شاید گزر گیا۔ مگر مجھے اکثر دھیان آتا ہے کہ یہ حساس بچے زندگی میں اگر پھر کسی مشکل سے گزرے تو کیا ہوگا؟ طالب علمی کے زمانے میں ورجینیا وولف اور پھر ثروت حسین کی کہانیاں بہت متاثر کرتی تھیں۔ کتنی ہی کہانیاں ایسی تھیں جن میں ہیروئین کسی کے غم میں ہیرا چاٹ لیتی تھی، کئی کلاسیکی داستانوں میں دو چاہنے والے ظالم دنیا سے دور جانے کے لیے مل کے زہر کھا لیتے تھے۔

بغیر سوچے سمجھے خودکشی کے ساتھ ایک بے حد رومانوی تصور وابستہ ہو گیا۔ زندگی ذرا آگے کھسکی تو ایسے لوگوں سے بھی سابقہ پڑا جو واقعی ایسے حالات بنا دیتے ہیں کہ زندہ رہنے سے نفرت ہو جاتی ہے۔ ہمارے فارم پہ قریباً ہر دوسرے سال کوئی ملازم چوہے مار گولیاں کھا لیتا ہے۔ کوئی جراثیم کش زہر سے اپنی جان لیتا ہے۔ وجوہات بہت معمولی ہوتی ہیں — اکثر گھریلو جھگڑے۔ ایک عورت کو تو میں کبھی نہیں بھول سکتی جو ہمارے پاس مدد کے لیے آئی تھی۔ دوسری نوکرانیوں نے اس کے بارے میں مشکوک گفتگو کی اور جب وہ مایوس ہو کر جا رہی تھی تو مجھے اس کی آخری نگاہ نہیں بھولتی۔ چند روز بعد خبر ملی کہ اس نے اپنی دو بچیوں سمیت نہر میں کود کر جان دے دی۔ کئی دہائیوں بعد بھی وہ بے بس آنکھیں میرا پیچھا نہیں چھوڑتیں۔

خودکشی کیوں کی جاتی ہے؟ خودکشی نہیں کرنی چاہیے، جان بہت پیاری ہے، یہ تو سب ہی جانتے ہیں اور کہتے بھی ہیں۔ لیکن اس کیفیت کو سمجھنے اور اپنے کسی پیارے کو اس کیفیت میں مبتلا دیکھ کر اس سے نکالنے کا فن کم ہی لوگوں کو آتا ہے۔ نوجوانوں میں ایسے خیالات کا آنا کوئی انہونی نہیں۔ اس عمر میں انسان ابھی خود کو ہی نہیں سمجھ پاتا، ایسے میں ماں باپ کی توقعات اور دنیاداری کے بوجھ معاملات بگاڑ بھی دیتے ہیں۔ لاہور میں پیش آنے والے یہ دونوں اندوہناک واقعات ایسے ہیں کہ ان پہ جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہوگا۔ اپنے پیاروں پہ نظر رکھیں۔ ایک تسلی کا لفظ ایک محبت بھری نظر، کسی کے کسی مسئلے کا ممکنہ حل اگر آپ کے ایک جملے، ایک فون کال سے ہو سکتا ہے تو وہ کال کر لیجیے۔ ایک دستخط ایک زندگی بچا سکتا ہے، اقرار کا ایک لفظ آپ کے بیٹا یا بیٹی کو ہمیشہ آپ کی نظروں کے سامنے رکھ سکتا ہے۔ بشری کمزوریوں، انسانی تقاضوں اور سماجی ڈھانچے کو ساتھ لے کر چلیں، ہم انسان ہیں اور زندگی سے تھک بھی سکتے ہیں۔ کسی کو تھکتے دیکھیں تو سہارا دے دیجیے، کوشش کریں آپ کی وجہ سے کوئی جان سے نہ جائے۔ کوشش تو کی ہی جا سکتی ہے۔

جب توازن نہ رہے

خیالات — رسول بخش رئیس

زندگی کا اگر کوئی محور ہو سکتا ہے تو وہ توازن ہے اور اس کا دائرہ ہر انفرادی اور اجتماعی گوشے تک پھیلا ہوا ہے۔ ان سب پہلوؤں کی بات کرنا تو ممکن نہیں کہ پھر کیا نہیں اور کیا نہ کہیں۔ ایک عرصے سے ذہن میں ایک شور سا برپا ہے مگر اب وہ سب باتیں کہنے اور لکھنے کی ہمت نہیں رہی۔ ماحول وہ نہیں جو کسی زمانے میں تھا اور پھر ہمارے خوابوں کے سلسلے یکے بعد دیگرے ٹوٹ کر بکھرتے چلے گئے۔ عمر کا گھوڑا سرپٹ دوڑتا رہا اور اپنے ہی ملک میں ایسا محسوس ہونے لگا کہ ہم اجنبی بن کر رہ گئے ہیں۔ ایک عجب کیفیت ہے کہ انسان رہے تو اپنی زمین پر مگر ایسا لگے کہ وہ ہجرت کر چکا ہے۔ یہ معاملہ جسمانی نہیں شعوری نوعیت کا ہے۔ اکثر ہمارے تدریسی اور تحقیقی شعبوں کے ناقدین شکایت کرتے آئے ہیں کہ سیاسیات، تاریخ اور بشریات سے وابستہ دانشور اپنے ملک کے مسائل کو نہ سمجھ سکے اور نہ ان کا کوئی حل پیش کر سکے۔ جواب اس کا بہت پیچیدہ بھی ہے اور آسان بھی۔ آسانی یہ ہے کہ شاید آپ کی نظر اُن کی نگارشات کی طرف کبھی نہ اٹھیں کہ دیسی علوم کو آپ نے حقیر جانا۔ سب کچھ جو ہمارے بڑے اور اُن کے بعد آنے والے کہہ سکتے تھے چھپ چھپا کر کہہ بھی گئے اور لازوال تحریریں بھی چھوڑ گئے۔ اب ان کی کتابوں کو کہیں کی لائبریریاں سنبھالیں یا اپنے ملک کی دیمک چاٹ جائے۔ آپ کو کسی زمانے کی ایک مشہور فلم کا بنیادی خیال پیش کرتا ہوں جو بعض اوقات ان دوستوں کو سنا بھی دیتا ہوں جو ہماری خوشی سے یہ نتیجہ برآمد کر لینے میں دیر نہیں کرتے کہ ہمیں تو کچھ پتا ہی نہیں۔ اب تو 'خوشی' جو حالات کے جبر کے پیش نظر اختیار کیے رکھتے تھے ہمارے مزاج کا حصہ بن چکی ہے۔ ہم نے کچھ سیانوں کی باتیں دل کی گہرائی میں اتار رکھی ہیں' جو کہتے ہیں کہ جب دیکھیں کہ لوگ آپ کی بات سننے کے لیے تیار نہیں تو زبان بند رکھنے میں ہی دانائی ہے۔

فلم میں ایک امیرزادہ تھا جس کے ساتھ ایک خادم بچپن سے لے کر جوانی تک رہا۔ وہ اس کے ساتھ ہمیشہ کھیلتا اور گھر میں فرصت کے اوقات اس آدمی کے ساتھ گزارتا جو اب بزرگ ہو چکا تھا۔ دولت' طاقت اور عیش وعشرت کی کوئی کمی امیرزادے کو نہ تھی۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ زندگی میں کچھ کرنے کیلئے نہ رہ جائے تو عیش کوشی کے سب دروازے کھل جاتے ہیں۔ وہ امیرزادہ نشوں کی جنت کی ہوا ہر شام کھاتا اور زور زور سے ہنس کر اس بزرگ [illegible]

بائیں بازو کے عالم اور دانشور حمزہ علوی نے ہمارے خوابوں کے زمانے میں بات کہہ دی تھی جس میں کسی نوع کا فاضل کم از کم علمی' منطقی اور شواہدی دلائل کی بنیاد پر سنجیدگی حملوں سے زیادہ کوئی دراڑ نہیں ڈال سکا۔ ان کا مرکزی نکتہ ریاست اور معاشرے میں توازن کا بگاڑ تھا اور یہ بات کہ ریاست کی طاقت اور اس کی ترقی میں اس قدر اضافہ ہوا ہے کہ معاشرہ فقط اس کے رحم وکرم پر رہ گیا ہے۔ ان کا فلسفہ ان چند فقروں میں بیان کرنا ان کے ساتھ ناانصافی ہوگی' بہرحال ان کی سب باتوں کے ساتھ ہمیں بھی اتفاق نہیں مگر ان تمام آئینی ترامیم' باہمی ہم آہنگی کے فرمانوں اور گزشتہ انتخابات کے نتائج کو سامنے رکھیں تو جو بات علوی صاحب نے نصف صدی پہلے کہی تھی اب زیادہ طاقتور تجزیہ نظر آتا ہے۔

لوگ ایک دوسرے کو کہنیاں مار کر اندھیر نگریوں میں' جو پاکستان بالکل نہیں' آگے نکلنے کیلئے ہر ذریعہ اور وسیلہ استعمال کرتے ہیں' جس میں جائزیت یا ناجائزیت کی تمیز نہیں رہتی' اور ایسے طبقوں میں داخل جاتے ہیں جو طاقت کے گن گاتے رہتے ہیں۔ ہمارے ہاں یہ کھیل ملک کی تاریخ کے ساتویں سال ہی شروع ہو گیا تھا مگر اس کے بعد ہر دور پچھلے سے وسائل اور اختیارات کی مرکزیت کے حوالے سے کچھ زیادہ طاقتور ثابت ہوا۔ یہ صرف اپنے ملک کی بات نہیں جدید تاریخ بلکہ آپ رومی سلطنت سے لے کر عباسی خلفا تک دیکھ لیں' جو سب ایک جیسے تو نہیں تھے لیکن جب توازن اور سیاسی طاقت اور عوام یا معاشرے کا رشتہ نہ رہا تو انجام سب کیلئے خوفناک تھا۔ آج کل ایک عرصہ کے بعد انحطاط وزوال سلطنت روما' جو اردو میں ترجمہ ہے' دیکھتا ہوں اور اصل بھی سامنے پڑا ہے ایڈورڈ گبن کا۔ اور بھی ایسی بے شمار تاریخ کی کتابیں ہیں مگر گبن نے اس عہد اور ایک سلطنت کے حوالے سے جس زاویہ نگاہ اور وسعت موضوع کے لحاظ سے لکھا ہے وہ بے مثال ہے۔ کچھ رومیوں اور کچھ عباسی خلفا کے محلات' طرز زندگی' عیش وعشرت کی کہانیوں کو دیکھتا ہوں تو آج کے زمانے کے کئی ممالک کا نقشہ سامنے آ جاتا ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم حال کے بارے میں نہیں لکھ سکتے جو کبھی ہمارے بعد لکھیں گے تو ہم نہیں ہوں گے مگر اس امیرزادے کے بزرگ خادم کی طرح ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ فٹ بال کیا ہوتا ہے اور کہاں ہے اور کون اس معاشرے میں اپنی اپنی مخصوص ٹیمیں بنا کر کھیل آپس میں باہمی ہم آہنگی کو طاقتور بنانے کیلئے کھیل رہے ہیں۔ ہم نے خوشی کب سے اختیار کر رکھی ہے۔

یہ کہنا ضروری ہے کہ ایسے نظاموں میں طاقت کا کھیل تاریخ میں کبھی دائمی ثابت نہیں ہوا۔ اور آج [illegible] طاقت تمام دیہات سے لے کر بڑے شہروں تک ایسے طبقات کے ہاتھوں میں مرکوز ہو رہی ہے' جس کی جائزیت بارے میں اب کوئی سوال اٹھانا حماقت ہے۔ موقع ملنے پر ہم شہروں میں گھومتے ہیں' خوش تماشائی بنے اپنی ذات اور شناخت کو چھپائے' تو اکثر جگہوں پر نودولتیوں کی محفلیں کناروں پر دیکھ کر گزر جاتے ہیں۔

[illegible] میں عام آدمیوں کے مفادات کے ساتھ ایسا نظام مرتب ہوگا کہ سب قانون کے سامنے برابر ہوں گے۔ برابری کی بات سے یاد آیا کہ جو پرویز مشرف صاحب کے زمانے میں قومی ہم آہنگی کا سناتے تھے اب تو خود کئی گنا باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے سب کچھ بدل بیٹھے ہیں۔ جن سایوں میں سب کچھ انجام پایا ہے اس کے بارے میں [illegible]

جے ایف-17 کی فروخت پر 'مذاکرات' کی تصدیق

منظرنامہ — روحان احمد

پاکستان جے ایف-17 تھنڈر طیاروں کی فروخت کے معاہدے کے لیے متعدد ممالک کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے اور ایسے کسی بھی معاہدے میں چین کی مرضی بھی شامل ہوگی۔ پاکستان کے وزیر برائے وفاقی پیداوار رضا حیات ہراج نے ایک انٹرویو میں بی بی سی کو تصدیق کی ہے کہ مشترکہ طور پر پاکستان اور چین کی جانب سے بنائے گئے لڑاکا طیارے جے ایف-17 تھنڈر کی فروخت کے معاہدے پر متعدد ممالک سے 'مذاکرات' ہو رہے ہیں۔ 'یہ مذاکرات ہو رہے ہیں اور اس میں تھوڑا وقت لگتا ہے۔ (ان طیاروں میں) بہت سارے ممالک کی دلچسپی ہے۔' جے ایف 17 تھنڈر بلاک تھری ایک الیکٹرونک سکینڈ ایرے (اے ای ایس اے) ریڈار اور لانگ رینج بی وی آر میزائل سے لیس 4.5 جنریشن کا ملٹی رول لڑاکا طیارہ ہے جو مختلف قسم کے جنگی مشنز میں حصہ لینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خبر رساں روئٹرز نے تواتر سے سرکاری ذرائع کے حوالے سے ایسی خبریں شائع کی جن میں لیبیا، سوڈان، بنگلہ دیش، انڈونیشیا اور سعودی عرب کو کے ساتھ دفاعی معاہدوں بالخصوص جے ایف-17 تھنڈر کی فروخت کی بات چیت کا ذکر ہے۔ تاہم رضا حیات ہراج نے کسی بھی ملک کا نام لینے سے اجتناب برتا اور کہا: 'یہ محفوظ رکھے جانے والے راز ہیں، میں کسی ملک کا نام نہیں لے سکتا کہ ہمارے ان کے ساتھ مذاکرات کس سطح پر ہیں۔' 'جب یہ (جہاز) جائیں گے تو دنیا کو پتا چلے گا کہ کن کن ممالک نے خریدے ہیں۔'

جے ایف-17 تھنڈر طیارہ پاکستان اور چین نے مشترکہ طور پر بنایا ہے اور پاکستانی وزیر برائے دفاعی پیداوار رضا حیات ہراج کے مطابق 'اس طیارے کو 7 سے 10 مئی (پاکستان اور انڈیا کی جنگ) کے دوران آزمایا گیا ہے۔' خیال رہے گذشتہ برس مئی میں فوجی تنازع کے دوران پاکستانی حکام نے انڈیا کے پانچ طیارے گرانے کا دعویٰ کیا تھا۔ رضا حیات ہراج کہتے ہیں کہ اس لڑاکا طیارے کی کارکردگی کے علاوہ اس کی جہاز کی قیمت بھی ایک اہم چیز' ہے۔ انھوں نے کہا کہ دنیا بھر میں اوسطاً ایسے جہازوں کی قیمت 250 سے 350 ملین ڈالر ہوتی ہے لیکن جے ایف-17 تھنڈر طیارے کی قیمت ان طیاروں سے کم ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ جے ایف-17 تھنڈر طیارے کی قیمت کیا ہے تو ان کا کہنا تھا: 'اس کی قیمت تقریباً 40 سے 50 ملین ڈالر ہے، اس کا انحصار جہاز کی خصوصیات (جہاز کی قسم) پر ہے اور قیمت اس سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے۔' یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ جے ایف-17 تھنڈر طیاروں کی فروخت کے کسی بھی معاہدے میں چین کا کیا کردار ہوگا۔ رضا حیات ہراج کہتے ہیں کہ 'اس جہاز کا کچھ حصہ چین میں تیار ہوتا ہے اور کچھ حصہ پاکستان میں تیار ہوتا ہے۔ جب بھی اگر ہمارا کسی کے ساتھ کوئی معاہدہ ہوتا ہے تو چین کو اس میں شامل کیا جائے گا۔' جب ان سے استفسار کیا گیا کہ کیا چین بھی ایسے کسی معاہدے میں مالی طور پر اس کا حصہ دار ہوگا تو پاکستانی وزیر کا کہنا تھا کہ 'بہت سارے معاملات پر بیٹھ کر بات ہوتی ہے، چین اس میں بالکل شامل ہوتا ہے، اس کو ہونا بھی چاہیے اور یہ اس کا حق ہے۔'

یہاں یہ سوال بھی لوگوں کے ذہنوں میں ہوگا کہ کیا پاکستان میں اتنی صلاحیت موجود ہے کہ وہ بڑے معاہدے ہونے کی صورت میں وقت پر یہ جہاز تیار کر سکے؟ رضا حیات ہراج نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ 'یہ ہمارے قومی دفاع سے متعلق سوال ہے۔ یہ ہمارے راز ہیں، انھیں آپ راز ہی رہنے دیں۔' 'یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو ایک دن میں بنتی ہے۔ آپ کو ایک کمرہ بھی بنانا ہو تو اس میں وقت لگتا۔ یہ تو پھر ایک سٹیٹ آف آرٹ چیز ہے، وقت لگے گا اس میں۔' پاکستان کے دفاع اور دفاعی صلاحیتوں پر نظر رکھنے والے تجزیہ کار سمجھتے ہیں کہ پاکستان کو جے ایف-17 تھنڈر طیاروں سے متعلق معاہدے کرنے میں احتیاط برتنی ہوگی۔ آسٹریلیا کی یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی سے منسلک تجزیہ کار محمد فیصل نے بی بی سی کو بتایا کہ 'دفاعی معاہدے، خاص طور وہ جن میں طیارے بھی شامل ہوں، حتمی شکل اختیار کرنے میں برسوں لیتے ہیں۔' پاکستان کو جے ایف-17 تھنڈر سے متعلق معاہدے کرنے میں احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔' 'یہ چین کے ساتھ مل کر بنایا گیا طیارہ ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ اس کے کچھ ضروری پارٹس چین سے آتے ہیں۔ پاکستان کو ایسے معاہدے کرنے میں احتیاط برتنی چاہیے جن کو پورا کرنے میں مشکلات پیش آسکیں۔' چین میں مقیم سینٹر فور انٹرنیشنل گورننس انوویشن (سی آئی جی آئی) کے سینئر فیلو ایار تاجن کہتے ہیں کہ 'پاکستان یہ طیارے فروخت کر سکتا ہے لیکن ٹیکنالوجی چین کے کنٹرول میں ہی ہوگی۔ جے ایف-17 تھنڈر کی ایکسپورٹ چین اور پاکستان کا مشترکہ معاہدہ ہوگا، جہاں چین سینئر پارٹنر ہوگا۔' 'چین شاید پاکستان کی پروڈکشن کی صلاحیت بھی بڑھا دے لیکن یہ سب بیجنگ کے کنٹرول میں ہی ہوگا۔' ایار تاجن مزید کہتے ہیں کہ چین کو یہ ڈر بھی ہوگا کہ کہیں کسی تیسرے فریق کے ذریعے چینی ٹیکنالوجی تک مغربی ممالک خصوصاً کو رسائی نہ ملے۔ پاکستانی وزیر بھی جے ایف-17 تھنڈر کی فروخت کے متوقع معاہدوں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ 'یہ جہاز ہر ملک کے لیے برائے فروخت نہیں ہے۔ ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ یہ ہم ان ہی کو فروخت کریں جو ہمارے دوست ممالک ہیں۔' 'ایسی ڈیل کے وقت جیو پولیٹیکل صورتحال کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ یہ طیارے جس کے پاس بھی جائیں گے وہ دوستانہ ممالک ہوں گے، ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ آپ دشمن کو ہی اپنی بندوق بیچ دیں۔' بی بی سی نے انٹرویو کے دوران پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گذشتہ برس ہونے والے دفاعی معاہدے پر جب وزیر برائے دفاعی پیداوار رضا حیات ہراج سے سوال کیا تو ان کا کہنا تھا کہ اس معاہدے کی تفصیلات شیئر نہیں کی جا سکتیں۔ رضا حیات ہراج کہتے ہیں کہ سٹریٹجک اعتبار سے ترکی، چین، سعودی عرب اور آذربائیجان پاکستان کے قریبی دوستانہ ممالک ہیں اور سٹریٹجک پالیسی کے لحاظ سے ان سے تعاون کا ایک قریبی رشتہ ہے۔' کچھ عرصہ قبل خبر رساں ادارے بلومبرگ نے ذرائع کے حوالے سے خبر دی تھی کہ ترکی پاکستان میں ڈرونز بنانے میں دلچسپی لے رہا ہے۔

ڈیٹا لیک نہ ہونے کی ضمانت کون دے گا؟

چہ میگوئیاں — ترحب اصغر

پاکستان کے صوبہ پنجاب کی حکومت کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں کام کرنے والے پیرا میڈیکل سٹاف کو باڈی کیم لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مگر اس فیصلے نے مریضوں کی پرائیویسی سمیت کئی خدشات کو جنم دیا ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق اس میں نرس، وارڈ بوائے، فارمیسی یا سکیورٹی پر مامور عملہ شامل ہوگا۔ یہی نہیں بلکہ ڈاکٹرز [illegible]

ان کے خیال میں ہسپتال کے معاملات کے حل کے لیے کیمروں کے بجائے دوسرے حل تلاش کرنے چاہئیں۔ اس معاملے پر بات کرتے ہوئے [illegible]

لیے ہم نے انھیں یہی کہا ہے کہ کیمروں کا خرچہ اور ان کو لگانے کی ذمہ داری بھی ان کی ہی ہوگی۔ تاہم انھوں نے کیمروں سے بننے والی ویڈیو اور ڈاکٹرز کے دوران ڈیوٹی موبائل فون کے استعمال [illegible]

غور کرنا چاہیے تھا۔ ہم مانتے ہیں کہ سکیورٹی کے لیے گارڈز یا فارمیسی سٹاف پر کیمرے لگائے جا سکتے ہیں۔ مریضوں اور سٹاف کے درمیان تلخ کلامی کی وجہ بھی ہسپتالوں پر زیادہ بوجھ، ڈاکٹرز کی کمی اور وسائل کی قلت ہے۔ ڈاکٹر حبیب نے تجویز دی کہ 'کیمرے لگانے سے بہتر یہ ہے کہ حکومت انتظامی معاملات میں بہتری لائے۔ مریضوں کی [illegible]

[illegible] لیے آنے والے مریضوں کی بے پردگی ہوگی۔ بہت سے مریض ایسی حالت میں آتے ہیں کہ ہمیں فوری طور پر ان کی قمیض اٹھانی پڑتی ہے۔ ایسے میں نرس کے جسم پر لگا کیمرہ یہ سب ریکارڈ کرے گا تو یہ ویڈیو کون دیکھے گا؟ کہاں جائے گی؟ اور اس کا ڈیٹا کہاں محفوظ ہوگا؟ انھوں نے مزید کہا 'یہ وہ تمام سوالات ہیں جن پر حکومت کو فیصلہ کرنے سے پہلے [illegible] پرائیویسی ہمارے معاشرے میں بہت اہم ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں لاکھوں مریض آتے ہیں، وہاں بننے والی ویڈیوز کا ریکارڈ کہاں جائے گا؟ کون گارنٹی دے گا کہ یہ ڈیٹا لیک نہیں ہوگا؟ یہاں تو سیف سٹی کی ویڈیوز بھی لیک ہو جاتی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ 'کئی ہسپتالوں نے سرکاری ہسپتالوں کے ملازمین کو کمیشن پر رکھا ہوتا ہے۔'

[illegible] کیا گیا ہے جبکہ پاکستان میں یہ ڈاکٹر کے بغیر ہی ان کیمروں کو استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی جانب سے حکومت کے اس فیصلے پر خاصی تشویش کا اظہار کیا گیا اور کئی ایسے سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ جبکہ زیادہ تر میڈیکل پروفیشنلز کا یہ خیال ہے کہ حکومت کو اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔ سب سے آخر میں لگائے جائیں گے۔ جبکہ پرائیویسی والے معاملے پر ہم اس کا کوئی حل تلاش کریں گے۔ جبکہ دیگر عملے کے تجربے سے ہم مزید سیکھ کر ہم بہتری لانے کی کوشش کریں گے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ زیادہ تر عملہ جس کے لیے باڈی کیم کا استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے انھیں ویسے بھی ایک تیسری پارٹی منتخب کرتی ہے اس [illegible]

ایرانی رجیم چینج میں پاکستان کیلئے خطرات

وفاق نامہ — رشید صافی

پاکستان ایسے خطے میں واقع ہے جسے عالمی سیاست کا تزویراتی مرکز کہا جا سکتا ہے۔ پاکستان کے چار پڑوسیوں میں سے بھارت' افغانستان اور ایران کے ساتھ تجارت کیلئے زمینی راستے نہایت موزوں ہیں جبکہ چین کے ساتھ ہمالیہ کے دشوار گزار راستے تجارت میں ایک قدرتی رکاوٹ ہیں' تاہم بدقسمتی سے یہ جغرافیائی قربت اقتصادی خوشحالی میں تبدیل نہیں ہو سکی۔ بھارت کے ساتھ دیرینہ حل طلب مسئلہ کشمیر اور افغانستان میں دہائیوں پر محیط عدم استحکام نے پاکستان کی مشرقی اور مغربی سرحدوں کو تجارتی سرگرمیوں کے بجائے سکیورٹی چیلنجز کا گڑھ بنا دیا ہے۔ ایسی صورتحال میں ایران ایسا ملک ہے جس کے ساتھ تجارت کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اگرچہ ماضی میں ایران کے ساتھ باقاعدہ تجارت کا حجم کم رہا ہے لیکن حالیہ کچھ برسوں میں دونوں ممالک کی قیادت نے باہمی تجارت کو سالانہ 10 ارب ڈالر تک لے جانے کا جو عزم ظاہر کیا وہ خطے کی معاشی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایران کے ساتھ اقتصادی تعلقات کی اہمیت محض تجارتی توازن تک محدود نہیں بلکہ یہ پاکستان کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ اگر ایران پر عالمی پابندیوں کا سایہ نہ ہو تو پاکستان وہاں سے سستا تیل اور گیس حاصل کر کے اپنے اس بھاری بھرکم امپورٹ بل کو کافی حد تک کنٹرول کر سکتا ہے جو ملکی معیشت کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہا ہے۔

تجارت کیلئے سازگار ماحول اور امن بنیادی شرط ہے ایران میں پر تشدد مظاہروں کے دوران تجارت تو رہی ایک طرف الٹا یہ خطرات لاحق ہو گئے ہیں کہ اگر ایران میں بے امنی طوالت اختیار کرتی ہے تو اس کے منفی اثرات سے پاکستان بھی محفوظ نہیں رہ سکے گا کیونکہ جب کسی ایک ملک میں عدم استحکام یا انارکی پیدا ہوتی ہے تو اس کی تپش لازمی طور پر پڑوسی ملک تک پہنچتی ہے۔ پاکستان اس تپش سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے کیونکہ پچھلی چار دہائیوں سے افغانستان میں جاری اندرونی خلفشار نے پاکستان کو معاشی' سماجی اور سکیورٹی کے محاذ پر ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہم آج بھی ان افغان جنگوں کی قیمت چکا رہے ہیں جنہوں نے ہماری سرحدوں کو غیر محفوظ بنایا اور معاشرے کو انتہا پسندی کی طرف دھکیلا۔

ایران کی موجودہ صورتحال اس لحاظ سے بھی تشویشناک ہے کہ اگر وہاں استحکام قائم نہیں ہوتا تو یہ پاکستان کیلئے افغانستان سے بھی زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ اسرائیل کا خطے میں بڑھتا ہوا اثر ورسوخ اور ایران کے ساتھ اس کی شدید مخاصمت ہے۔ اگر ایران کے اندرونی حالات کا فائدہ اٹھا کر اسرائیل دوبارہ حملہ کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں وہاں ''رجیم چینج'' ہوتی ہے تو یہ تصور کرنا مشکل نہیں کہ ایران کا نیا ڈھانچہ اسرائیل اور اس کے اتحادیوں کے زیر اثر ہو گا۔ ایران کی قیادت پاکستان کے ساتھ برادرانہ اور مستحکم تعلقات کی حامی ہے' لیکن کسی بھی تبدیلی کی صورت میں پاکستان مخالف قوتوں کو ہماری مغربی سرحد پر بیٹھ کر سازشیں کرنے کا کھلا موقع مل جائے گا۔ یہ صورتحال پاکستان کو دو طرفہ محاذ پر مصروف کر کے اس کی سلامتی کو داؤ پر لگا سکتی ہے۔ عالمی سیاست کے منظرنامے پر یہ سوال بھی نہایت اہمیت اختیار کر چکا ہے کہ آخر وہ ممالک جو تیل وگیس کے ذخائر سے مالا مال ہیں' وہی عالمی قوتوں کے عتاب کا نشانہ کیوں بنتے ہیں؟ وینزویلا سے لے کر لیبیا اور اب ایران تک' وسائل پر قبضے کی تڑپ نے کئی مستحکم ریاستوں کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ ایران کی صورتحال اگرچہ افغانستان سے مختلف ہے کیونکہ وہاں ایک منظم ریاستی نظام اور ادارے موجود ہیں اور اسی نظام کے اندر رہتے ہوئے جمہوریت کا تسلسل بھی برقرار ہے جہاں باقاعدہ انتخابات منعقد ہوتے ہیں۔ اگرچہ طاقت کا حتمی منبع سپریم لیڈر کے پاس ہے' مگر ریاست کا انتظامی ڈھانچہ ایک طے شدہ سسٹم کے تحت چلتا ہے۔ ایسے مضبوط نظام کو صرف بیرونی طاقت کے بل پر ختم کرنا ناممکن ہوتا ہے اسی لیے اب اندرونی خلفشار کو ہوا دے کر تبدیلی کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ ایران میں نظام کی تبدیلی کے جو حالات نظر آ رہے ہیں' وہ اچانک پیدا نہیں ہوئے بلکہ ان کے پیچھے برسوں کی منصوبہ بندی اور بیرونی مداخلت شامل ہے جس کے نتائج اب سامنے آنا شروع ہوئے ہیں۔

ایران میں حالیہ عوامی احتجاج بظاہر مہنگائی اور معاشی تنگی کے خلاف شروع ہوا' لیکن اسے جس طرح شدت دی گئی وہ کئی شکوک وشبہات پیدا کرتی ہے۔ اگر یہ خالصتاً مہنگائی کا معاملہ ہوتا تو کسی بھی ریاست کے پاس اتنے وسائل ہوتے ہیں کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر ریلیف دے کر عوام کو مطمئن کر سکے۔ ایران نے پچھلے برسوں میں سخت ترین عالمی پابندیوں کے باوجود نہ صرف بقا کی جنگ لڑی بلکہ سائنسی اور دفاعی میدان میں ترقی کر کے دکھائی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اصل نشانہ ایران کی معیشت نہیں بلکہ اس کی وہ خاص مذہبی شناخت اور اس کے جوہری اثاثے ہیں جنہیں بیرونی قوتیں اپنے لیے ایک تزویراتی خطرہ سمجھتی ہیں۔ ایرانی عوام کی اکثریت آج بھی اپنی اس شناخت اور نظام کے ساتھ کھڑی دکھائی دیتی ہے' مگر عالمی میڈیا اور مغربی طاقتیں اسے عوامی بغاوت کا رنگ دے کر اپنے مفادات حاصل کرنا چاہتی ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ دنیا کا کوئی بھی ملک احتجاجی مظاہروں سے مبرا نہیں ہے' امریکہ اور دیگر ترقی یافتہ ممالک میں بھی اکثر پرتشدد مظاہرے ہوتے ہیں' لیکن وہاں کی ریاستیں اسے قانون کی حکمرانی کا مسئلہ قرار دے کر سختی سے نمٹتی ہیں اور کوئی دوسرا ملک ان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی جرأت نہیں کرتا۔ اس کے برعکس جب معاملہ ترقی پذیر یا وسائل سے مالا مال ممالک کا ہو تو عالمی طاقتوں کی رائے یکسر بدل جاتی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ بیان کہ ایران کے عوام آزادی کی امید کر رہے ہیں اور امریکہ ان کی مدد کیلئے تیار ہے' اس مداخلت پسندانہ سوچ کی واضح عکاسی کرتا ہے۔ ٹرمپ نے ایران کے خلاف فوجی آپریشن کا بھی عندیہ دیا ہے اور برملا کہا ہے کہ ایران کے جوہری اثاثے انہیں کسی صورت قبول نہیں ہیں۔ جواباً تہران نے بھی خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ کی جانب سے ایران پر حملہ کیا گیا تو وہ اسرائیل اور امریکہ کے فوجی اڈوں کے خلاف جوابی کارروائی کرے گا۔ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اس بات کی غماز ہے کہ اگر ایران اور امریکہ کے درمیان معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی جانب فوری طور پر کوئی پیشرفت نہیں ہوتی تو حالات سنگین رخ اختیار کر سکتے ہیں اور پاکستان اس صورتحال سے لاتعلق نہیں رہ سکتا۔ پاکستان کیلئے آنے والا وقت نہایت کٹھن ہو سکتا ہے۔ کسی بھی ملک کیلئے بیک وقت تمام سرحدوں پر مصروف عمل ہونا آسان نہیں ہوتا۔ بھارت ایسے ہی موقع کی تلاش میں ہے' سو ہمیں اپنی خارجہ پالیسی کو دور اندیشی اور قومی مفاد کی بنیاد پر استوار کرنا ہو گا۔

ریکارڈ توڑ ہنڈرڈ انڈیکس اور عام آدمی

اظہار خیال — خالد مسعود خان

میرے بہت پیارے اور دیرینہ دوست ملک رب نواز سٹاک مارکیٹ کے ماہر ہیں اور ملک کے معاشی اشاریوں سے متعلق ہر تازہ ترین معلومات سے نہ صرف خود آگاہ رہتے ہیں بلکہ اپنے دوستوں کو بھی مستفیض فرماتے رہتے ہیں۔ ہر دوسرے دن ان کا میسج دکھائی دیتا ہے کہ ملکی سٹاک ایکسچینج نے اپنا ہی بنایا ہوا گزشتہ روز کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ میں اس سلسلے میں نہایت ہی نالائق اور کھاؤ مزنگش ہوں اور کراچی سٹاک ایکسچینج کے ہنڈرڈ انڈیکس وغیرہ کے میکانزم سے بالکل ہی لاعلم ہوں۔ مجھے اس ہنڈرڈ اور ڈیڑھ ہنڈرڈ وغیرہ جیسی اصطلاحات اور ان کی تفصیل کا کوئی علم نہیں ہے' بس پڑھ لیتا ہوں اور اندازہ لگا لیتا ہوں کہ آج کل سٹاک مارکیٹ میں پیسہ لگانے والوں کے ''پو بارہ'' ہیں۔ ان کا سرمایہ روز افزوں بڑھوتری کی سمت رواں دواں ہے اور ان کے پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں ہے۔

لیکن یہ ساری معاشی نمو تو ان کے لیے ہے جنہوں نے سٹاک مارکیٹ میں پیسہ لگایا ہوا ہے' یعنی جن لوگوں کے پاس روٹی کھانے' گاڑی چلانے' بجلی کا بل بھرنے اور بچوں کے سکول کی فیس ادا کرنے کے بعد پیسے بچے ہوئے تھے اور انہوں نے اپنی پس انداز شدہ رقم سٹاک مارکیٹ میں لگا دی اور اب وہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔ روز نیا ریکارڈ بنتا ہے اور اگلے ہی روز ٹوٹ جاتا ہے' تاہم فکر کی کوئی بات نہیں۔ یہ ریکارڈ کوئی اور نہیں توڑتا خود ہماری سٹاک ایکسچینج ہی اپنا سابقہ ریکارڈ توڑتی ہے اور پھر نیا بناتی ہے۔

ایک طرف سٹاک مارکیٹ راکٹ کی رفتار سے اوپر جا رہی ہے اور دوسری طرف دیگر معاشی معاملات سنبھلنے میں نہیں آ رہے۔ صورتحال یہ ہے کہ ہر چند ماہ بعد ہم آئی ایم ایف سے قرض کی اگلی قسط لینے کے لیے ایک پنجابی لفظ کے عین مطابق ''مِلتیاں'' لیتے ہیں۔ اب اس لفظ ''ملتیاں'' کا کیا مطلب ہے تو یوں سمجھ لیں یہ ایک لفظ منت' ترلے' خوشامد' التجا' بنتی' عاجزی اور آہ وزاری جیسے سالم دبستان کو ایک لفظ کے کوزے میں بند کر دیتا ہے۔ آئی ایم ایف ہم سے مطالبہ کرتا ہے کہ آپ اپنے سرکاری افسروں کے اثاثے پبلک کریں۔ سرکار جو اس معاملے کو جوتے کی نوک پر نہیں رکھ رہی تھی اور افسران کے اثاثوں کی تفصیلات پبلک کرنے کو قومی اثاثوں کے برابر خفیہ اور حساس سمجھتے ہوئے اس کے بارے میں سوچنا بھی گناہ سمجھتی تھی اب اگلی قسط کی وصولی کی خاطر آئی ایم ایف کا یہ مطالبہ بھی تسلیم کر چکی ہے۔ یہ اور بات کہ ابھی وہ اس میں اور کئی تاویلات سے اسے موخر کرنے یا ادھوری معلومات دے کر جان چھڑانے کی کوششیں کرے گی مگر بظاہر تو وہ اس بات پر راضی ہو چکی ہے کہ آئی ایم ایف کا یہ مطالبہ پورا کرتے ہوئے سرکاری افسروں کے اثاثے پبلک کرے گی۔

کسی بھی ملک کی حقیقی معاشی ترقی کا اندازہ لگانے کیلئے طے شدہ اشاریوں میں سب سے اہم اس ملک کی جی ڈی پی میں اضافہ ہے۔ اس کے علاوہ دیگر عوامل میں درآمدات اور برآمدات کے درمیان فرق یا توازن' فی کس آمدنی میں اضافہ اور خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد میں کمی' مڈل کلاس کی تعداد اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہے۔ ان عوامل سے کسی ملک کی اقتصادی اور معاشی صورتحال کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

صورتحال یہ ہے کہ سال 2024-25ء میں جی ڈی پی میں شرح نمو کا ٹارگٹ 3.6 فیصد تھا جبکہ حقیقی شرح نمو 2.7 فیصد رہی جو ٹارگٹ سے پچیس فیصد کم تھی۔ درآمدات اور برآمدات کے حوالے سے مالی سال 2024ء اور 2025ء کا باہمی موازنہ کریں تو بھی صورتحال کچھ زیادہ روشن دکھائی نہیں دیتی۔ مالی سال 2024ء میں برآمدات 30.64 ارب ڈالر تھیں جبکہ اسی عرصے میں درآمدات 54.73 ارب ڈالر' یعنی تجارتی خسارہ 24.09 تھا۔ مالی سال 2025ء میں برآمدات 4.6 فیصد کی شرح سے بڑھ کر 32.10 ارب ڈالر ہو گئیں۔ تاہم اس سال درآمدات میں اضافہ تقریباً 6.6 فیصد رہا اور درآمدات بڑھ کر 58.38 ارب ڈالر ہو گئیں۔ اس حساب سے تجارتی خسارہ جو سال 2024ء میں 24.09 ارب ڈالر تھا' بڑھ کر 26.27 ارب ڈالر ہو گیا۔ تجارتی حوالے سے دیکھیں تو مالی سال 2024ء کے مقابلے میں 2025ء نسبتاً زیادہ مالی خسارے کا سال رہا۔ ٹیکس وصولیاں ہدف سے کہیں کم رہیں اور اس سلسلے میں آئی ایم ایف دباؤ بھی ڈالتا رہا اور ان اہداف میں کمی کرنے کے باوجود وصولیوں کا ہدف پورا نہ ہو سکا۔ خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد میں بھی کوئی کمی واقع نہ ہوئی اور اس کی وجہ شاید معاشی سے زیادہ سماجی تھی۔ آبادی میں بے تحاشا اضافہ جو وسائل میں اضافے کی نسبت کہیں زیادہ ہے' اس کی بنیادی وجہ ہے تاہم بیروزگاری اور مہنگائی نے بھی اونٹ پر آخری تنکے کے مطابق اپنا کردار بھرپور طریقے سے انجام دیا۔ بین الاقوامی معیار کے مطابق 3.65 ڈالر یومیہ سے کم کمانے والا خط غربت میں آتا ہے' اس حساب سے پاکستان میں خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی شرح 44.7 فیصد ہے۔ اندازہ کریں کہ ملک کی نصف کے قریب آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہی ہے جبکہ حکمرانوں کی جائیدادیں تین چار براعظموں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ سال 2026ء کے لیے جی ڈی پی میں شرح نمو کا ہدف 4.2 فیصد رکھا گیا ہے' ابھی اس بارے میں کہنا مشکل ہے کہ آیا یہ ہدف پورا ہوگا یا نہیں لیکن یہ بات طے ہے کہ اگر حکومتی ترجیحات درست ہوں اور معاملات سیاسی طور پر مصلحت آمیز نہ ہوں تو یہ ہدف حاصل کیا جا سکتا ہے۔ آخر یہی ملک اس سے کہیں زیادہ شرح نمو کے نتائج حاصل کر چکا ہے۔ 1954ء میں پاکستان نے شرح نمو میں اضافے کا ریکارڈ قائم کیا۔ اس سال ہماری جی ڈی پی میں نمو کی شرح 10.22 فیصد تھی۔ مالی سال 2016' 2018ء اور 2021ء میں شرح نمو چھ فیصد یا اس سے زیادہ رہی۔ ان اعداد وشمار کو سامنے رکھیں تو آئندہ سال جی ڈی پی میں اضافے کی شرح کا ہدف 4.2 فیصد نہ صرف یہ کہ حاصل کیا جا سکتا ہے بلکہ اس سے بھی بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں مگر اس کے لیے سب سے پہلے درآمدات میں کمی اور برآمدات میں اضافہ کرنا ہوگا۔ یا برآمدات میں اتنا اضافہ کرنا ہوگا کہ وہ درآمدات میں اضافے کو اپنے اندر جذب کر لیں۔ مزید یہ کہ قومی آمدنی کو خسارے والے سرکاری اداروں میں ضائع کرنے کے بجائے ان سے جان چھڑائی جائے اور قومی سلامتی کے حوالے سے سٹریٹجک اہمیت کے حامل ایسے اداروں کو سرکاری بابوؤں کے بجائے پروفیشنلز کے حوالے کر کے ان کو سود مند بنایا جائے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بھیجی جانے والی رقوم پر نظریں گاڑنے کے بجائے ملکی صنعت کو فروغ دیا جائے۔ لیکن صورتحال زیادہ روشن نہیں۔ بجلی کی قیمت نے ملکی صنعت کا بیڑہ غرق کر دیا ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ اس اور سٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی اشاعت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام
پلاٹ نمبر C-41، رقبہ 180 فٹ واقع ٹرک اسٹینڈ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت ناصر خان ولد خان جان کے نام پر ہے ٹرانسفر سید محمود شاہ ولد سید اختر شاہ کے نام پر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 62655

اطلاع عام
پلاٹ نمبر SD-134، رقبہ 300 فٹ واقع بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت نقیب اللہ ولد حاجی بادان کے نام پر ہے ٹرانسفر سید نعمت اللہ ولد سید محمد عالم کے نام پر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 62655

اطلاع عام
پلاٹ نمبر B-291، رقبہ 1050 فٹ واقع بزنس سینٹر ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت زمان الحق ولد محمد حق کے نام پر ہے ٹرانسفر عصمت اللہ ولد مولا داد کے نام پر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 62655

اطلاع عام
پلاٹ نمبر C-379، رقبہ 200 گز واقع زرغون ہاؤسنگ سکیم کوئٹہ اس وقت محمد شریف ولد حاجی ملک محمد کے نام پر ہے ٹرانسفر عبدالقسیم ولد عبدالغفار کے نام پر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 62655

اطلاع عام
پلاٹ نمبر AS-401، رقبہ 300 فٹ واقع بس اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت بی بی شریفہ زوجہ محمد افضل، بی بی جمیلہ زوجہ عبدالاحد خان، بی بی شافعہ زوجہ ہدایت اللہ، نعمت اللہ، رحمت اللہ ولد حاجی ہدایت اللہ کے نام پر ہے ٹرانسفر محمد رضا ولد محمد نادر کے نام پر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 62655

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5430354619277 بنام محمد حنیف ولد عبدالظاہر کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03332528420 پر اطلاع دیں۔
نمائندہ قلعہ عبداللہ

بابا غلام رسول عمرانی کا ایک اور عوام دوست اقدام



صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول نے گزشتہ روز محکمہ لیبر کے زیر انتظام ہسپتالوں کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب میں وفاقی وزیر بیرون ملک مقیم

تحریر: عبدالرزاق منگلوئی

پاکستانی اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین۔ اسفند یار خان کاکڑ اصغر خان ترین۔ صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈز ذوالفقار خان۔ سابق وزیر کمال الدین۔ صوبائی وزیر نور محمد دمڑ۔ سیکرٹری لیبر نیاز احمد نیچاری۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر عبدالستار لکئی سمیت محکمہ محنت کے افسران، ہسپتال انتظامیہ، مزدور نمائندوں اور بڑی تعداد میں محنت کشوں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار بابا غلام رسول نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین ایم این اے بلاول بھٹو زرداری اور صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی قیادت میں مزدور طبقے کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ لیبر ہسپتالوں کی بہتری اور جدید سہولیات کی فراہمی کا مقصد محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ کو معیاری طبی سہولیات مہیا کرنا ہے، تاکہ وہ علاج معالجے کی بہتر سہولتوں سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی صحت، تحفظ اور معاشی استحکام حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اسی سلسلے میں لیبر ہسپتالوں کو جدید آلات، ادویات اور تربیت یافتہ طبی عملے سے آراستہ کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر صوبائی مشیر نے دوران ملازمت وفات پانے والے مزدوروں کے ورثاء میں مالی امداد کے چیکس بھی تقسیم کیے۔ علاوہ ازیں، شادی کرنے والے مستحق مزدوروں میں بھی حکومت کی جانب سے شادی گرانٹ کے چیکس دیے گئے، جس سے مزدور طبقے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ تقریب کے اختتام پر سردار بابا غلام رسول نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مزدوروں کو بلا امتیاز، بروقت اور معیاری علاج کی سہولت دی جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ شرکاء نے صوبائی مشیر کے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ حکومت مستقبل میں بھی مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔ اس موقع پر علاقائی عمائدین و معتبرین و معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور آنے والے تمام مہمانوں کو اپنے قبائلی روایتی کے مطابق دستار پہنانے گئے تقریب میں شریک ہونے والے وزراء کی شاندار استقبال کیا گیا اور بچوں نے پھول پیش کیے

نتھے کمار پنجوانی کا ڈیرہ مراد جمالی میں پاٹھشالہ دورہ

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے اقلیتی بچوں کی تعلیمی اور اخلاقی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

پاٹھشالہ سینٹر میں بچوں، اساتذہ اور اقلیتی رہنماؤں سے ملاقات، مسائل پر گفتگو کیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور بلوچستان نتھے کمار پنجوانی نے ڈیرہ مراد جمالی میں مذہبی تعلیم پاٹھشالہ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے اقلیتی بچوں کے تعلیمی نظام کا جائزہ لیا اور ان سے براہ راست ملاقات کی۔ اس موقع پر بابو دلیپ کمار، اودیش کمار، کمل کمار، وینیش کمار اور گوتم کمار نے پاٹھشالہ سینٹر میں زیر تعلیم بچوں کو اخلاقی تربیت اور تعلیمی شعور سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران صوبائی پارلیمانی سیکرٹری کے ہمراہ پون کمار، راہول کمار، پریت کمار سمیت دیگر اقلیتی رہنما بھی موجود تھے۔ بعد ازاں پاٹھشالہ میں لال جی منڈل کے ممبران سے ملاقات کی گئی، جس میں اقلیتی برادری کو درپیش مسائل، تعلیمی سہولیات اور ترقیاتی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر بچوں نے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری کا شاندار استقبال کرتے ہوئے پھولوں کے ہار پہنائے جبکہ بابو دلیپ کمار نے روایتی شال پیش کر کے محبت اور احترام کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نتھے کمار پنجوانی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اقلیتوں کی فلاح و بہبود اور ان کے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مذہبی تعلیم پاٹھشالہ سینٹر کے لیے لیپ ٹاپ اور پروجیکٹر کی فراہمی کا بڑا اعلان کیا۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے مزید کہا کہ اقلیتی طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کر کے انہیں قومی دھارے میں شامل کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، تاکہ وہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں

بابو نور محمد پروانہ مرحوم نے براہوئی صحافت میں تاریخ رقم کی، قیوم بیدار

نور محمد پروانہ نے براہوئی زبان و ادب کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دی

نصیر آباد (نامہ نگار) اکادمی ادبیات پاکستان کے صوبائی ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار نے کہا ہے کہ آج ڈیرہ مراد جمالی میں براہوئی اکیڈمی رجسٹرڈ کی جانب سے علامہ نور محمد پروانہ اور علامہ جوہر براہوئی کی یاد میں منعقد کی جانے والی سیمینار میں براہوئی زبان کے ان دو عظیم ادبی شخصیات کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیے جا رہے ہیں جنہوں نے براہوئی علم و ادب کے لئے تاریخی خدمات سرانجام دیکر تاریخ میں ہمیشہ کے لئے زندہ ہو گئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے براہوئی اکیڈمی رجسٹرڈ پاکستان کی جانب سے ڈیرہ مراد جمالی نصیر آباد میں مرحوم پروانہ براہوئی و مرحوم جوہر براہوئی کے یاد میں منعقدہ سیمینار کے موقع پر ڈیرہ مراد جمالی نصیر آباد کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر نصیر آباد کے معروف شاعر ادیب پروفیسر جوہر منگلوئی گل میر گل چندرانی و دیگر موجود تھے ڈاکٹر قیوم بیدار نے کہا بابو نور محمد پروانہ مرحوم براہوئی صحافت میں ایک تاریخ رقم کی ہے 1960 سے ایلم اخبار بلا تعطل چھپ کر براہوئی زبان و ادب کی آبیاری کر رہا ہے نور محمد پروانہ نے براہوئی زبان و ادب اور صحافت کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دی۔ بابو پروانہ نے نامساعد حالات میں بھی ایلم اخبار کو جاری رکھا اور بلا ناغہ شائع کرتے رہے جن کی بدولت آج براہوئی لکھنے پڑھنے والوں کا ایک وسیع حلقہ سامنے آیا ہے۔ جن میں آج اکثر و بیشتر شعراء ادبا قلمکار ایلم اخبار کی پیداوار ہیں۔ اسی طرح علامہ جوہر براہوئی مرحوم نے بھی براہوئی زبان و ادب کے لئے براہوئی پبلی کیشن فرید آباد کے نام سے اشاعت کا سلسلہ شروع کیا اور جرائد نکالے اور شعراء و ادباء کی بھرپور حوصلہ افزائی کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ اور براہوئی زبان میں حمد، نعت اور سیرت پہ ان کی خدمات بے مثال رہیں۔ اور کہا کہ علامہ جوہر براہوئی براہوئی کے علاوہ سندھی کے بھی اہم شاعر تھے اردو میں بھی لکھتے تھے۔

جہانزیب خان غریب افراد کے لیے مسیحا کی حیثیت رکھتے ہیں، اختر جان

ژوب (یو این اے) جمعیت نظریاتی کے ضلعی راہنما اختر جان غوریزی، حافظ مناف لوون، حافظ گل زمان، فاروق جان اور دیگر ساتھیوں نے حکومت بلوچستان کی جانب سے خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے سیلاب متاثرین کے لیے امدادی سامان روانہ کرنے پر ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان کی مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ جہانزیب خان ہر مشکل گھڑی میں غریب، لاچار اور بے بس افراد کے لیے مسیحا کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی خدمات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اختر جان غوریزی نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم اے واحد ایسا ادارہ ہے جو ہر وقت ضرورت مند افراد کے لیے امید کی آخری کرن ہے، اور جہانزیب خان نے محکمہ کے عملے کو 24 گھنٹے الرٹ رکھا ہوا ہے تاکہ کسی سڑک پر رکاوٹ آئے اور نہ شاہراہیں بند ہوں۔

ایکسائز آفیسر محمد آصف قلندرانی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

دالبندین (نمائندہ خصوصی) ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ چاغی میں تعینات نئے آفیسر محمد آصف قلندرانی نے باقاعدہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔ ان کی تعیناتی کے بعد سابق ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس آفیسر چاغی محمد قاسم نوتیزئی کا تبادلہ کر دیا گیا ہے۔ چارج سنبھالنے کی تقریب کے موقع پر ایکسائز اسٹاف کے دیگر افسران اور اہلکار بھی موجود تھے۔ اس موقع پر محمد آصف قلندرانی کو خوش آمدید کہا گیا اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ نئے آفیسر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، محنت اور قانون کے مطابق ادا کریں گے

میری اڈہ، پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کی والدہ کی نماز جنازہ میں سردار محمد عمر گورگیج و دیگر شریک ہیں

یونیسف کے تعاون سے طلبا کی حاضری کے حوالے سے تربیت پروگرام

بلوچستان میں پرائمری سطح پر اسکول چھوڑنے کی شرح انتہائی تشویشناک ہے

لڑکوں میں اسکول چھوڑنے کی شرح 61، لڑکیوں میں 56 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے

شیرانی (آن لائن) یونیسف اور سی پی ڈی کی اشتراک سے اساتذہ کو اے آئی کے ذریعے طلبا کی حاضری اور نگرانی کے حوالے سے دو روزہ تربیت کا اہتمام کیا گیا ماسٹر ٹرینرز اسماعیل خان اور نور محمد نے اساتذہ کو تربیت فراہم کی اس موقع پر ہیچرز ایسوسی ایٹ اکرام اللہ اور پراجیکٹ اسسٹنٹ شعیب سالار نے تربیت کے عمل کی نگرانی کی ماسٹر ٹرینرز نے بتایا کہ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان یونیسف اور گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن (GPE) کے اشتراک سے کی گئی ایک جامع تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ بلوچستان میں پرائمری سطح پر اسکول چھوڑنے کی شرح نہایت تشویشناک ہے تحقیق کے مطابق صوبے میں لڑکوں میں اسکول چھوڑنے کی شرح 59 سے 61 فیصد جبکہ لڑکیوں میں یہ شرح 56 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔ یہ تحقیق اسٹڈی آن اسکول ڈراپ آؤٹس بلوچستان کے عنوان سے کی گئی جس میں 2016 سے 2021 کے دوران بلوچستان کے 20 اضلاع کا جائزہ لیا گیا رپورٹ کے مطابق بچوں سے متعلق مسائل والدین کی عدم دلچسپی معاشرتی و با اسکولوں سے جڑے مسائل نظام کی خامیاں اور معاشی و سماجی حالات اسکول چھوڑنے کی بڑی وجوہات ہیں رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ بچوں کو مرکز بنا کر اقدامات کیے جائیں والدین کی معاونت بڑھائی جائے اسکولوں کے انفراسٹرکچر اور تدریسی معیار کو بہتر بنایا جائے اور ایک مؤثر ڈراپ آؤٹ روک تھام نظام تشکیل دیا جائے دوسری جانب موجودہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے اس وقت بلوچستان میں اساتذہ کی خصوصی تربیت کا سلسلہ جاری ہے جس میں جدید ٹیکنالوجی خصوصاً آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) کے استعمال پر توجہ دی جا رہی ہے تربیتی سیشنز کے دوران اساتذہ کو اے آئی کے ذریعے طلبا کی حاضری تعلیمی کارکردگی کی نگرانی اور جامع جائزہ رپورٹس تیار کرنے کی عملی تربیت دی جا رہی ہے

نوکنڈی، آر ڈی ایم سی اسکالرشپ تقسیم اسناد کی تقریب میں طلباء وطالبات کا گروپ فوٹو

ماہ رمضان میں عوام کو ریلیف کی فراہمی ممکن بنائی جائیگی ڈپٹی کمشنر سبی

منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں، لائیواسٹاک پولٹری خوراک انڈسٹریز اپنی ذمے داریوں کا احساس کریں

عوام کو مہنگائی سے نجات دلائی جائے سرکاری نرخ نامے پر اشیاء خوردونوش کی فروخت یقینی بنائیں گے، محمد الیاس

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کروں گا ماہ رمضان میں مہنگائی سے چھٹکارہ دیکر عوام کو ریلیف کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی سرکار نے عوام کی خدمت کے لئے جو ذمے داریاں دی ہے ان کو پوری ایمانداری کے ساتھ پوری کرتے ہوئے ماہ رمضان میں مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لائیواسٹاک پولٹری خوراک انڈسٹریز اور تمام محکمے اپنی اپنی ذمے داریوں کا احساس کریں تاکہ عوام کو مہنگائی سے نجات دلائی جائے سرکاری نرخ نامے پر اشیاء خوردونوش کی فروخت یقینی بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی کی صدارت میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ونگ کمانڈر کرنل زبیر ونگ کمانڈر عبدالمنان اسسٹنٹ کمشنر سبی سید منصور علی شاہ ایگزیکٹو انجینئر کیسکو ظفر علی پھلکڑی ایگزیکٹو انجینئر اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر رازق خان مری ڈپٹی ڈائریکٹر لائیواسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ سبی ڈاکٹر فاروق لونی اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ سبی محمد خان سیلاچی سپرنٹنڈنٹ کمشنر آفس سبی بابو عبدالصمد منگلوئی انجمن تاجران کے نمائندگان محکمہ خوراک انڈسٹری کے علاوہ میڈیا سمیت دیگر محکموں کے آفیسران موجود تھے اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حاجی محمد خان سیلاچی نے حاصل کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا کہ حالیہ موسمی صورت حال میں سبی و دیگر علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے لوگوں کی وجہ سے شہر میں رش میں اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے جس کی وجہ سے ضرورت اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ نیشنل اور صوبائی سطح پر مقرر کردہ نرخوں کے مطابق سبی میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کا باقاعدہ جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کی جا سکے اور ناجائز منافع خوری کا سدباب کیا جا سکے ڈپٹی کمشنر سبی نے تمام محکموں اور انڈسٹریز کو ہدایت کی کہ وہ تمام اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کی جانچ پڑتال کر کے تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے جبکہ محکمہ خوراک کو گندم اور آٹے کے حوالے سے رپورٹ جلد از جلد جمع کرنے کی ہدایات دی گئیں لائیو اسٹاک اور پولٹری کے حوالے سے بھی رپورٹ جمع کی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا

تحصیل کربلا میں نادرا آفس کی منظوری، عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

ظفر آغا کی خصوصی کوششوں سے نادرا آفس کی منظوری ایک بڑی کامیابی ہے

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) تحصیل کربلا میں نادرا آفس کی منظوری، عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تحصیل کربلا میں نادرا آفس کی منظوری سے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ جمعیت علماء اسلام تحصیل کربلا کے امیر مولوی منیر احمد حسنی، ناظم عمومی مولوی علاؤالدین، سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولوی عبدالقدیم، سرپرست سید قیام الدین آغا، سیکرٹری اطلاعات چیئرمین علی محمد عرف جانان، نائب امیر مولوی رفیع اللہ، ڈپٹی ناظم مولوی عبدالواسع، نائب امیر مولوی دوست محمد حقانی، مالیات حاجی اصغر، ڈپٹی مالیات سید نسیم شاہ، سالار محمد یونس، مولوی احسان اللہ حقانی، حافظ عبدالرؤف، مولوی کلیم اللہ، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر رفیع اللہ حماد و دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایم پی اے سردارزادہ ظفر آغا کی خصوصی کوششوں سے تحصیل کربلا میں نادرا آفس کی منظوری ایک بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نادرا آفس کے قیام سے تحصیل کربلا اور گردونواح کے عوام کو شناختی کارڈ، ب فارم اور دیگر اہم دستاویزات کے حصول میں سہولت میسر آئے گی اور لوگوں کو دور دراز علاقوں کا سفر نہیں کرنا پڑے گا، جس سے وقت اور اخراجات دونوں میں کمی آئے گی۔ جمعیت علماء اسلام تحصیل کربلا کے رہنماؤں نے کہا کہ یہ منصوبہ پورے حلقے کے عوام کے لیے ایک بڑی سہولت ہے اور عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے اس اہم عوامی سہولت کی فراہمی پر ایم پی اے سردارزادہ ظفر آغا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اسی طرح عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے جاری رہیں گے۔

گرین پاکستان انیشیٹو حکومت کا ایک اہم منصوبہ ہے، خالد خان

مقصد زرعی شعبے کو مضبوط بنا کر روزگار کے مواقع پیدا کرنا، معیشت مستحکم کرنا ہے

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت ضلع جعفرآباد میں زرعی زمین کی نشاندہی کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع جعفرآباد عبدالرزاق ابڑو، تحصیلدار صحبت پٹ عبداللہ اشاری، نائب تحصیلدار صحبت پٹ عبدالغنی چانڈیو، قانون گو فخرالدین عمرانی، سپرنٹنڈنٹ کنٹرول فارم امیر بخش سومرو سمیت دیگر متعلقہ افسران و ممبران نے شرکت کی اجلاس میں گرین پاکستان انیشیٹو کے مقاصد، زرعی پیداوار میں اضافے، بنجر اور قابل کاشت سرکاری و نجی اراضی کی نشاندہی اور اس کے مؤثر استعمال پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس کے دوران محکمہ زراعت اور ریونیو افسران نے ضلع میں موجود زرعی زمین، آبپاشی سہولیات اور ممکنہ ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گرین پاکستان انیشیٹو حکومت کا ایک اہم منصوبہ ہے جس کا مقصد زرعی شعبے کو مضبوط بنا کر خوراک میں خودکفالت، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور معیشت کو مستحکم کرنا ہے انہوں نے ہدایت کی کہ زرعی زمین کی شفاف اور درست نشاندہی کی جائے اور تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون سے کام کرتے ہوئے عملی اقدامات کو یقینی بنائیں

اسسٹنٹ کمشنر قلات طاہر تنجرانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کا ضلعی انتظامیہ سے رابطے کو یقینی بنانا ہے

قلات (خ ن) ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر قلات طاہر تنجرانی کے زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ڈی ایس پی ماہیوال خان ایف سی میجر طلحہ سمیت تمام محکموں کے سربراہان علاقہ معززین سیاسی سماجی رہنماؤں صحافی برادری سمیت عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں لوگوں نے کھل کر اپنے مسائل بیان کئے۔ کھلی کچہری سے اسکلکو کونسلر چیئرمین عبدالواحد پندرانی ایم سی کونسلر احمد نواز بلوچ سابقہ کونسلر بی بی نور محمد حسنی رحیم خان عبدالغفور شاہوانی عبدالمجید لکڑی ظریف خان سٹیزر صحافی شادی خان مینگل امجد سلامی محمد عارف رئیس ظہور احمد اور دیگر نے اہم مسائل اجاگر کیئے۔ کھلی کچہری میں شیخڑی کے زمینداروں کے لیئے یوریا کھاد کی فراہمی سیلاب متاثرین کی بحالی اسکلکو چشمہ چیل کی صفائی ٹیچنگ ہسپتال قلات میں صفائی ستھرائی کے فقدان مغلوئی میں نکاسی آب کی درنگی قلات شہر میں چوری ڈکیتی وارداتوں کی روک تھام کیلئے مؤثر چوکیداری کے نفاذ پرائس کنٹرول کمیٹی کی فعالی بیت المال کیئرز گرانی چلنے والے دستکاری سینٹر کی بندش بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ گیس کی عدم فراہمی ٹیچنگ ہسپتال کے بجلی کو سٹی فیڈر پر منتقلی تجاوزات کے خاتمے مختلف محکموں کے سربراہان کی دفاتر میں عدم موجودگی احمد آباد میں حیوانات ہسپتال کی بحالی قلات کے زمینداروں کے لیئے بلڈوزر مشینری کی اور دیگر اہم مسائل بیان کیئے گئے۔ کھلی کچہری سے اسسٹنٹ کمشنر طاہر تنجرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کا ضلعی انتظامیہ کے ساتھ براہ راست رابطے کو یقینی بنانا ہے اس سے عوام محکموں کے سربراہان کو براہ راست اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہیں ڈپٹی کمشنر منیر درانی کے سربراہی میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے اس سے لوگوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جارہے ہیں قلات کے علاقائی عمائدین اور عوام نے ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے کھلی کچہریوں کے تسلسل کو برقرار رکھنے کو خوش آئند اقدام قرار دیا ضلعی انتظامیہ قلات کے کارکردگی کو سراہا گیا انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں سے عوامی مسائل اور مشکلات میں نمایاں کمی ہوئی ہے ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر عوامی مسائل کے حل کے لیئے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں

ہیڈ محرران سے روپوش، مفرور اور اشتہاری ملزمان حوالے سے اجلاس

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن (ر) عاصم خان اور ایڈیشنل ایس پی نصیر آباد محمود احمد نوتیزئی کی خصوصی ہدایات و احکامات کی روشنی میں پی ڈی ایس پی لیگل نصیر آباد عبدالعزیز بھنگر نے ضلع بھر کے تمام ہیڈ محرران کو اپنی آفس میں طلب کر کے روپوش، مفرور اور اشتہاری ملزمان و دیگر اہم ریکارڈ کی درستگی، تکمیل اور بروقت اپڈیٹ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر انسپکٹر عبدالباسط جنگ پی اے ایس آئی غلام اسحاق سیال اور ہیڈ کانسٹیبل ظفر عزیز جتوئی سمیت ریڈر پی ڈی ایس پی جتوئی غلام رسول جتوئی بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس کے دوران پی ڈی ایس پی لیگل نے تمام ہیڈ محرران کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ تھانوں میں موجود عدالتی ریکارڈ، ایف آئی آرز، مفرور و اشتہاری ملزمان کی فہرستیں اور دیگر قانونی دستاویزات کی جانچ پڑتال کر کے درست بنائیں

گرینڈ الائنس کے رہنما عبدالرحمن خلجی کی رہائی کا مطالبہ

مچھ (آن لائن) گرینڈ الائنس مچھ کے ترجمان نے جاری کردہ ایک بیان میں گرینڈ الائنس مچھ کے رہنما عبدالرحمن خلجی کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ترجمان نے کہا کہ ایسے ہتھکنڈوں سے گرینڈ الائنس اپنے جائز مطالبات سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گی انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ملازمین کے خلاف طاقت کا استعمال کر رہی ہے جبکہ ماضی کے ادوار حتیٰ کہ آمریت کے زمانے میں بھی اس نوعیت کے اقدامات دیکھنے میں نہیں آئے ترجمان کا کہنا تھا کہ گرینڈ الائنس کے مطالبات مکمل طور پر جائز ہیں جنہیں حکومت نے خود مذاکرات کے دوران تسلیم کرتے ہوئے ان کے حل کی یقین دہانی کرائی تھی تاہم بعد ازاں حکومت اپنے وعدوں سے منحرف ہو گئی ترجمان نے مطالبہ کیا کہ عبدالرحمن خلجی کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور گرینڈ الائنس بلوچستان کے تمام مطالبات فی الفور تسلیم کیے جائیں

ضلع صحبت پور کے پیٹرول پمپس بند کرنا سراسر ناانصافی ہے، اظہار کھوسہ

غریب اور محنت کشوں کا روزگار پیٹرول پمپس سے وابستہ ہے، سابق صوبائی

دو وقت کی روٹی چھین لی جائے تو انسان غلط راستے اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر میر اظہار حسین خان کھوسہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع صحبت پور سمیت تحصیل فرید آباد، پانچھی پور، پنہور، سنجرانی اور میر الدین کے پیٹرول پمپس بند کر دیے گئے ہیں جو سراسر ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ جن غریب اور محنت کش لوگوں کا روزگار پیٹرول پمپس سے وابستہ ہے، اگر ان کا کاروبار بند کیا جائے گا تو وہ اپنے بچوں کا پیٹ کیسے پالیں گے؟ جب دو وقت کی روٹی چھین لی جائے تو انسان مجبوری میں غلط راستے اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے پورے صوبے اور نصیر آباد ڈویژن میں پیٹرول پمپس کھلے ہیں، مگر صرف ضلع صحبت پور کے پمپس بند کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ میر اظہار حسین خان کھوسہ نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور، کمشنر نصیر آباد ڈویژن، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لیا جائے اور غریب عوام کو مزید مشکلات میں نہ ڈالا جائے۔

قلعہ عبداللہ، صحافی محمد صدیق اچکزئی سے صحافی فضل محمد جاجک اچکزئی مزاج کاکڑ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی بار ایسوسی ایشن کا پولیس افسران کی جلد ٹرانسفر پر تشویش کا اظہار

لورالائی (یو این اے) لورالائی بار ایسوسی ایشن کے صدر محمد رسول ناصر ایڈووکیٹ، نائب صدر کامریڈ ظریف خان کاکڑ ایڈووکیٹ اور دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ محمد اشرف پولیس اکیڈمی کے تین تجربہ کار ایس ایچ اوز کو مختصر مدت میں ٹرانسفر اور تعینات کرنا سمجھ سے بالاتر اقدام ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ انسپکٹر ہمایون ناصر، سب انسپکٹر شریف موسیٰ خیل اور سب انسپکٹر اکرم کاکڑ کی قلیل مدت میں تعیناتیاں اور تبادلے عام عوام اور معزز طبقے میں بے چینی کا سبب بن رہی ہیں۔ بار ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایچ اوز کی یہ "آنکھ مچولی" بند کی جائے اور معزز افسران کی تذلیل روکنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہ مطالبات پورے نہ کیے گئے تو ڈسٹرکٹ بار لورالائی قانونی راستہ اختیار کرے گی۔

اوتھل، پہلوان محمد بخش گوٹھ میں اسکول نہ ہونے سے معصوم بچے تعلیم سے محروم

چھ کلومیٹر دور اسکول جانا کم عمر بچوں کیلئے ممکن نہیں حکومت فوری تعلیمی سہولت فراہم کرے

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں واقع 40 گھروں پر مشتمل پہلوان محمد بخش گوٹھ میں اسکول کی بنیادی سہولت نہ ہونے کے باعث معصوم بچے تعلیم جیسے زیور سے محروم ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پہلوان محمد بخش گوٹھ میں تاحال کوئی سرکاری یا نجی اسکول قائم نہیں کیا گیا، جس کی وجہ سے علاقے کے بچے تعلیم حاصل کرنے سے قاصر ہیں۔ گوٹھ کے سربراہ پہلوان محمد بخش نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے گوٹھ سے تقریباً 6 کلومیٹر کے فاصلے پر ایک اسکول موجود ہے، تاہم اتنا طویل فاصلہ طے کرنا کم عمر بچوں کے لیے نہایت مشکل ہے، جس کے باعث بیشتر بچے اسکول نہیں جا پاتے اور یوں تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کی عدم دستیابی کے باعث ہمارے علاقے کے کئی بچے مستقبل کی روشنی سے محروم ہو چکے ہیں، تاہم اب ہم بچوں کی تعلیم کے حصول کے لیے جدوجہد کریں گے تاکہ آنے والی نسلیں اس حق سے محروم نہ رہیں۔ پہلوان محمد بخش نے مزید کہا کہ ہمارے گوٹھ کے لوگوں کا ہمیشہ جام خاندان سے گہرا تعلق رہا ہے۔ وفاقی وزیر جام کمال خان عالیانی نے ہمیشہ علاقے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت کردار ادا کیا ہے، لیکن اس کے باوجود ہمارا علاقہ سڑک، پانی اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، جن کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے وفاقی وزیر جام کمال خان عالیانی، رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے مطالبہ کیا کہ پہلوان محمد بخش گوٹھ میں اسکول کے قیام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

نوکنڈی اسلامک ریلیف کے زیر اہتمام ضلع مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد

شرکاء کو ضروریات کے جائزے طریقہ کار، نتائج، آئندہ لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی

دالبندین (نمائندہ خصوصی) نوکنڈی اسلامک ریلیف کے زیر اہتمام ضلع چاغی میں ضلعی سطح کی مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد اسلامک ریلیف پاکستان کے زیر اہتمام اور ماری منرلز / ماری انرجیز کے تعاون سے ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی میں ایک اہم ضلعی سطح کی مشاورتی ورکشاپ منعقد کی گئی۔ ورکشاپ کا مقصد ضلع کی سطح پر کیے گئے جامع ضروریات کے جائزے کے نتائج کی توثیق کرنا اور بالخصوص گاؤں دور بن چاہ میں نشاندہی کی گئی ترجیحی ضروریات پر متعلقہ اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کرنا تھا۔ ورکشاپ میں ضلعی انتظامیہ، لائن ڈیپارٹمنٹس، مقامی حکومت، سول سوسائٹی، تعلیمی و فنی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں، کمیونٹی نمائندگان اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ نمایاں شرکاء میں انجم پرویز (ایجوکیشن ایڈوائزر، آر ڈی ایم سی)، ارم حسن (انسٹی ٹیوٹ کوآرڈینیٹر، ہنر فاؤنڈیشن)، رابعہ بزدار (پراجیکٹ کوآرڈینیٹر)، ڈاکٹر دین محمد (ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، نوکنڈی)، شکیل احمد (سپروائزر، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ)، محمد اشرف (پولیس ڈیپارٹمنٹ)، حاجی سید بشیر (سی ڈی سی ممبر) اور گاؤں دور بن چاہ کے معزز کمیونٹی نمائندگان شامل تھے۔

آر ڈی ایم سی کا سی ڈی سیز کے اشتراک سے اسکالرشپ ایوارڈ کی تقریب

نمایاں کارکردگی دکھانے والے 53 باصلاحیت طلباء و طالبات کو اسکالرشپ دیئے گئے

نوکنڈی (نامہ نگار) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) نے آر ڈی ایم سی کے کمیونٹی ڈویلپمنٹ کمیٹیوں (سی ڈی سیز) کے اشتراک سے نوکنڈی میں ایک باوقار اسکالرشپ ایوارڈ تقریب کا انعقاد کیا جس میں تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے اسٹوڈنٹس کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس موقع پر ضلع چاغی کے 53 باصلاحیت اسٹوڈنٹس، جن میں 19 طالبات بھی شامل ہیں نے شرکت کی۔ ان اسٹوڈنٹس کو آر ڈی ایم سی کی جانب سے مکمل طور پر مالی معاونت پر مشتمل اسکالرشپ دیئے گئے تاکہ وہ انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) سکھر میں چھ ماہ کی فاؤنڈیشن کورس کے بعد پاکستان بھر کی مختلف جامعات میں داخلہ لے سکیں۔ اس اہم موقع پر اسٹوڈنٹس کے والدین اور کمیونٹی کے لوگ بھی موجود تھے جنہوں نے اس کامیابی کو بھرپور انداز میں سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آر ڈی ایم سی کے ہیڈ آف سسٹین ایبلٹی انیشلے پرائس نے لوگوں کی فلاح و بہبود و ترقی کا محور بنانے کے متعلق کمپنی اور سی ڈی سیز کے عزائم کا اعادہ کیا اور کہا: "پائیداری دراصل لوگوں میں سرمایہ کاری کا نام ہے۔ تعلیم مضبوط اور خود مختار کمیونٹیز کی بنیاد رکھتی ہے، اور یہاں موجود ہر طالب علم نے اپنی محنت اور لگن سے یہ موقع حاصل کیا ہے۔ ان کی کامیابی ان خاندانوں اور کمیونٹیز کی حمایت کی عکاسی کرتی ہے جو اعلیٰ تعلیم کو قابل حصول سمجھتی ہیں۔"

میر افتخار خان منگلوئی سے میر اللہ داد رند کی ملاقات

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ترقی فاؤنڈیشن میر افتخار خان منگلوئی سے صدر ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ میر اللہ داد رند، صدر بختیار آباد پریس کلب (ر) اللہ یار ڈومکی ان کے آفس میں ملاقات کی۔ دوران ملاقات 2022 کے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے گھروں کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر میر افتخار خان منگلوئی نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں ضلع سبی کے 500 سیلاب متاثرہ خاندانوں کے لیے فنڈز موصول ہو چکے ہیں، جن میں سے اب تک تقریباً 300 خاندان فنڈز حاصل کر چکے ہیں اور انہوں نے اپنے کمروں کی تعمیر کا کام شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے فیز کا کام کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ متاثرہ خاندانوں کو مالی معاونت چار اقساط میں فراہم کی جا رہی ہے، جس کے تحت ایک کمرہ چار مرحلوں میں تعمیر کیا جائے گا اور ہر مرحلے پر ایک ایک لاکھ روپے کی قسط ادا کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ جلد فیز 1 کے بعد تحصیل لہڑی کا کام بھی شروع کیا جائے گا

وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر عبدالرزاق کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

تعلیمی پیش رفت، مستقبل کی منصوبہ بندی، ادارے کے اہم اقدامات کا جائزہ لیا گیا

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں تعلیمی پیش رفت، مستقبل کی منصوبہ بندی اور ادارے کے اہم اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، ڈین فیکلٹی سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ کے علاوہ مختلف شعبہ جات کے چیئرپرسنز نے شرکت کی۔ وائس چانسلر نے جامعہ کی محض چار سالہ قلیل مدت میں حاصل کی گئی کامیابیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ گوادر خطے کی ضروریات اور عالمی رجحانات کے مطابق بلیو اکانومی، ساحلی ترقیاتی مطالعات، سی پیک، میری ٹائم، میرین اور سمندری امور سے متعلق علوم پر خصوصی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ شعبہ جات گوادر اور ملحقہ ساحلی علاقوں کی پائیدار ترقی کے لیے نہایت اہم ہیں۔ وائس چانسلر نے پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کے تحت پیش کیے جانے والے مختلف اسکل ڈویلپمنٹ کورسز کے آغاز اور پیش رفت پر بھی اطمینان کا اظہار کیا اور انہیں طلبہ کی ملازمت کے مواقع اور عملی مہارتوں میں اضافے کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا۔ اجلاس میں نئے سمسٹر کی کلاسز کے آغاز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں فیکلٹی اور طلبہ کی باقاعدہ حاضری، اور تعلیمی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے بائیومیٹرک حاضری نظام کے مؤثر استعمال پر خصوصی زور دیا گیا۔ اجلاس میں شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے زیر اہتمام ایم ایس کلاسز کے آغاز، کلاس اسٹرکچر اور شیڈولنگ سے متعلق امور پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام دوسرے روایتی بزنس گالا 2026 کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور جلد از جلد منعقد کرنے کا فیصلہ ہوا، جس سے طلبہ کو کاروباری سرگرمیوں، صنعت سے روابط اور عملی تجربات حاصل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اجلاس میں جامعہ گوادر کی پہلی کانووکیشن 2026 کی پہلی سہ ماہی میں منعقد کرنے کے منصوبے پر بھی گفتگو کی گئی۔ وائس چانسلر نے متعلقہ کمیٹیوں کو ہدایت کی کہ وہ اس تاریخی تقریب کے انعقاد کے لیے باضابطہ تیاریوں کا آغاز کریں

Notice for Cancellation of Bidding Process

The procuring agency, in exercise of power conferred under rule 38I) & (III) BPPRA Rules 2014, hereby cancel the bidding process for work of "Engineering and Research and Technology Based Service (Total items) (Count 1)" due to unavoidable circumstance, for which tender were called under TSE-252609851632 and NIT published in daily newspapers under AB No.550/05-12-2025. A fresh tender shall be called in due course of time.

MANAGING DIRECTOR
LASBELA INDUSTRIAL ESTATES
DEVELOPMENT AUTHORITY

AB No.715/15-01-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ

اشتہار نیلامی جائیداد
دیوانی مقدمہ نمبر 67 بابت 2023
متفرق مقدمہ نمبر 22 بابت 2024
S.M.E بینک لمیٹڈ جناح روڈ برانچ کوئٹہ بنام M/S گل اینڈ کمپنی پروپرائٹر محمد تسیم خان ولد بازگل خان ساکنہ بنگلہ نمبر 2 نزد کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ
ایصال زر ڈگری = 57,46,974/-
بحکم جناب جج صاحب بینکنگ کورٹ کوئٹہ

ہرگاہ معاملہ مندرجہ عنوان بالا ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد ہائے جس کی تفصیل درج ذیل ہے بتاریخ 02/02/2026 کو بوقت 11:00 بجے صبح بذریعہ نیلام عام فروخت کیا جائے گا خواہشمند حضرات نیلام سے قبل اگر جگہ دیکھنا چاہیں تو وہ منیجر SME بینک لمیٹڈ جناح روڈ برانچ کوئٹہ سے رابطہ کریں نیلامی کی کاروائی زیر دستخطی کی عدالت میں ہوگی بولی منظور ہونے کی صورت میں سب سے زیادہ بولی دہندہ کو کل رقم بولی کا 25% رقم موقع پر ادا کرنا ہوگا نیلامی جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر ہوگی نیلامی صبح 11:00 سے 12:00 بجے تک ہوگی خواہشمند حضرات سے التماس ہے کہ وہ نیلامی سے ایک گھنٹہ قبل زیر دستخطی کی عدالت آئیں تفصیل جائیداد:- i۔ خسرہ نمبر 112/843-842/1248/1626/1811/ انتقال نمبر 4244-1392SqFt مربع فٹ محال چشمہ ہدہ موضع ہدہ پیچہ صدر-I تحصیل و ڈسٹرکٹ کوئٹہ ii۔ خسرہ نمبر 121/494/487 انتقال نمبر 810-2232SqFt مربع فٹ واقع محال کاریز موضع شابو پیچہ صدر I تحصیل و ڈسٹرکٹ کوئٹہ iii۔ خسرہ نمبر 121/494,477 انتقال نمبر 2233-4069SqFt مربع فٹ واقع محال کاریز موضع شابو پیچہ صدر I تحصیل و ضلع کوئٹہ

اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار اور درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی عبدالمناف ولد عبدالکریم قوم مینگل ساکنہ یہ درخواست پیش کی گئی اظہار کیا گیا کہ میری والدہ مسماۃ گران بی بی مرحومہ زوجہ عبدالکریم قوم مینگل ساکنہ یہ وفات پا چکی ہیں جن کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان میارک خان مرحوم (پیش مرگ)، عبدالمناف، محمد خان، عبدالباسط، منظور احمد پسران بی بی آمنہ، بی بی فریدہ، بی بی ساکرہ، بی بی سعیدہ، خان بی بی، بی بی ذاکرہ، بی بی صابرہ دختران عبدالکریم قوم مینگل ساکنہ یہ ہیں لہٰذا اس بارے میں اگر شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد ازاں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 15/1/2026 کو میرے مہر و عدالت سے جاری ہوا۔

62652

کوٹیشن مطلوب ہے

کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کو آفیسرز کی ٹریننگ کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے کوٹیشن مطلوب ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(1) احمد کانفرنس ہال کی تزئین و آرائش (PVC) فلور، وال پینٹنگ وال پیپر، LED 95" سامسنگ، سٹینڈنگ AC انورٹر ہیٹ اینڈ کول (4 Ton AC GREE)
(2) انوری کانفرنس ہال کی تزئین و آرائش (PVC) فلور وال پینٹنگ، لیکچر پینٹ وغیرہ لیکچر فریز 10x8 انچ سٹینڈنگ AC انورٹر ہیٹ اینڈ کول (4 Ton AC GREE)
(3) سینڈیکیٹ رومز کی تزئین و آرائش (فالس سیلنگ، میپ بورڈ، 7 فٹ والی سیڑھی، میڈیا اسکرین وغیرہ)
(4) PATS روم کی تزئین و آرائش (کارپٹ ٹائل، وال پینٹنگ، 1.5 ٹن AC انورٹر (GREE)

مزید تفصیل کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کی ویب سائٹ (www.scquetta.gov.pk) پر میسر ہے۔
آپ کی کوٹیشن دفتر ہذا میں مورخہ 26 جنوری 2025 بوقت 0900 بجے تک پہنچ جانی چاہیئے۔ ٹینڈر اسی دن 1000 بجے کھولا جائے گا۔ کوٹیشنز میں تمام ٹیکسز شامل ہونے چاہئیں اور کٹ کردہ ٹیکس جون 2026 تک سائن ہونے چاہئیں۔ ٹینڈر جاری کرنے والے اتھارٹی کو ٹینڈر منظور/مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔ بیپرا کے قانون نمبر 38 کے تحت فرم GST/NTN رجسٹرڈ ہونی چاہیے۔ ٹیکس میں معافی ہونے کی صورت میں ثبوت کوٹیشن کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔

المشتہر: لیفٹیننٹ کرنل (جنرل سٹاف آفیسر گریڈ-I ایڈمنسٹریشن)
ٹیلی فون نمبر: 081-9201194

Oil & Gas Development Company Limited
ogdc the energy

NOTICE FOR CONSULTANCY SERVICES

OGDC requires the Consultancy Services of following medical staff at its Medical Centre F-8 Markaz, Islamabad:

CATEGORY	REQUISITE QUALIFICATION AND EXPERIENCE	CONSULTANCY FEE	MAX AMOUNT (PER MONTH)	MAX AGE LIMIT
VISITING MEDICAL OFFICER (FEMALE)	03 YEAR EXPERIENCE IN ANY TERTIARY CARE SET-UP AFTER 01 YEAR HOUSE JOB.	RS.6480/= PER VISIT PER DAY (08 HOURS)	RS.155,520/=	35 YEARS

Note:
i. Maximum visits allowed will only be 06 days per week.
ii. The acquisition of consultancy services will be for a period of one year.
iii. Revocation of consultancy services from either party must be on a notice of atleast 02 months.
iv. Consultancy rates quoted above shall be exclusive of all applicable taxes.
v. The candidates will present/produce all credentials (in original) at the time of interview.
vi. Application/profile alongwith attested photocopies of all testimonials, CNIC and experience certificates etc. must reach on the following address within **15 days** from the advertisement.
vii. No TA/DA will be admissible

Manager
(Medical Services)
OGDC Medical Centre, F-8 Markaz
Opposite O.P.F College, Islamabad

ogdcl.com
No. 397/05

LARGEST TAX PAYER COMPANY OF THE NATION — WE EXPLORE PROSPERITY

معیاری سہولیات کی فراہمی محکمہ کھیل بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، سیکرٹری سپورٹس

جاری کیں کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت میں، اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی محکمہ کھیل بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر اسحاق جمالی نے درا بلوچ کی کھیلوں کے حوالے سے مثبت پالیسی کو سراہا اور کہا دن تھے جس میں ہم نے نیشنل گیمز سمیت کئی بڑے ایونٹ منعقد کیے۔ کیونکہ کھیل سے مجھے خصوصی لگاؤ ہے اس لیے جہاں بھی درا بلوچ کو میری ضرورت پڑے وہ مجھے اپنے شانہ بشانہ پائیں گے۔ سیکرٹری کھیل درا بلوچ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی مثبت تربیت، صحت مند معاشرے اور صوبے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے محکمہ کھیل کرکٹ اکیڈمی کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جا رہا ہے تاکہ صوبے کے باصلاحیت کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔ آخر میں سیکرٹری کھیل بلوچ نے اسحاق جمالی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اسحاق جمالی کی کھیلوں کے لیے خدمات کو ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا اور انہیں یاد رکھا جائے گا۔

آذربائیجان ورلڈ کپ کس مارشل آرٹس چیمپئن شپ کا ٹائٹل محمد عباس کاکڑ اپنے نام کر کے کوچ نوش علی اور فرمان کاکڑ کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈیل اسٹین کو کھیلنے کے بعد میرے اعتماد میں اضافہ ہوا، بابر اعظم

ٹاپ آرڈر بیٹر بابر اعظم نے ڈیل اسٹین کو اپنے کیریئر کا سخت ترین بالر قرار دیدیا

سڈنی (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور ٹاپ آرڈر بیٹر بابر اعظم نے ڈیل اسٹین کو اپنے کیریئر کا سخت ترین بالر قرار دیدیا۔ بابر اعظم نے سابق انگلش کپتان کیون پیٹرسن کے ساتھ گفتگو میں کہا کہ آج کے دور میں تقریباً ہر ٹیم کے پاس ایسے بالرز موجود ہیں جو 150 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد کی رفتار کے ساتھ گیند کرا سکتے ہیں۔ بابر اعظم نے اپنی جنوبی افریقہ کے پہلے ٹور کا ذکر کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اس دورے میں انہیں ڈیل اسٹین کے سامنے بیٹنگ کرنا پڑی تھی، جو نہ صرف تیز بلکہ انتہائی چیلنجنگ فاسٹ بالنگ کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹین کی بالنگ کھیلنے سے ان کے اعتماد میں اضافہ ہوا اور اس اننگز کے بعد انہیں یقین ہو گیا کہ وہ اب کسی بھی فاسٹ بالر کا سامنا کر سکتے ہیں۔ بابر نے جنوبی افریقہ کے دیگر اسٹار بالر ککیسو ربادا کی بھی تعریف کی اور کہا کہ وہ ٹیسٹ اور ون ڈے انٹرنیشنل سمیت تمام فارمیٹس کے بہترین بالرز میں شامل ہیں۔ واضح رہے کہ بابر اعظم کو ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کے تجربہ کار بیٹر کے طور پر جانا جاتا ہے۔ وہ ٹی 20 انٹرنیشنل میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بلے باز ہیں، جنہوں نے 136 میچز میں 4 ہزار 429 رنز 39.54 کی اوسط اور 128.45 کی اسٹرائیک ریٹ سے بنائے ہیں

انڈین اوپن 2026، ناقص سہولیات پر غیر ملکی کھلاڑی کی بھارت پر سخت تنقید

موجودہ حالات میں کھلاڑیوں کیلئے اپنی بہترین کارکردگی دکھانا مشکل ہو جاتا ہے، میا بلیک فلڈٹ

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت میں جاری انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2026 کے دوران سہولیات کی ناقص صورتحال پر ڈنمارک کی معروف بیڈمنٹن کھلاڑی میا بلیک فلڈٹ نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2026 کے راؤنڈ آف 32 میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میا بلیک فلڈٹ نے بھارتی انتظامات اور کھیل کے حالات کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں اس سال بھی صورتحال میں کوئی بہتری نظر نہیں آئی جو کھلاڑیوں کے لیے باعث تشویش ہے۔ کھیل کے لیے فراہم کی گئی سہولیات انتہائی ناقص ہیں جبکہ کورٹ اور مجموعی ماحول بھی صاف ستھرا نہیں۔ ڈینش کھلاڑی نے کہا کہ حالات بالکل ویسے ہی ہیں جیسے پچھلے سال تھے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انتظامیہ نے کوئی سنجیدہ اقدامات نہیں کیے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر مستقبل میں بھی بڑے بین الاقوامی ایونٹس کے دوران ایسی ہی صورتحال برقرار رہی تو یہ کھلاڑیوں کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔

ڈکار ریلی، موٹر سائیکل چیمپئن ڈینئل سینڈرز زخمی ہونے کے باوجود مقابلہ جاری رکھنے کے لیے پُرعزم

ریاض (یو این پی) ڈکار ریلی کے دفاعی موٹر سائیکل چیمپئن ڈینئل سینڈرز نے کندھے کی ہڈی ٹوٹنے کے شبے کے باوجود مقابلہ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ڈھاکہ ٹریبون کے مطابق آسٹریلوی رائیڈر ڈینئل سینڈرز کو سعودی عرب کے صحرا میں ہونے والے دسویں مرحلے کے دوران حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں وہ مجموعی برتری کھو بیٹھے۔ کے ٹی ایم سے تعلق رکھنے والے ڈینئل سینڈرز 371 کلومیٹر طویل مرحلے میں 138 کلومیٹر کے بعد ایک ریتلے ٹیلے سے اترتے ہوئے گر پڑے، جس کے بعد وہ مجموعی درجہ بندی میں پہلی پوزیشن سے چوتھے نمبر پر چلے گئے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے امریکی رائیڈر رکی بریبیک (ہونڈا) نے مجموعی برتری سنبھال لی۔ حادثے کے بعد ڈینئل سینڈرز نے کہا ایسا لگتا ہے کہ میرا کالر بون یقیناً ٹوٹ چکا ہے۔ ہم نے اب ریلی میں برتری کھو دی ہے

آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ، پاکستان ٹیم اپنی مہم کا آغاز (آج) انگلینڈ کے خلاف کرے گی

ہرارے (این این آئی) پاکستان کی ٹیم آئی سی سی مینز انڈر 19 ورلڈ کپ 2026 میں اپنی مہم کا آغاز (آج) جمعہ کو انگلینڈ کے خلاف میچ سے کرے گی، یہ میچ ہرارے کے تاکاشنگا سپورٹس کلب میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان ٹیم حالیہ شاندار کامیابیوں کے بعد بھرپور اعتماد کے ساتھ ورلڈ کپ میں حصہ لے رہی ہے، جہاں اس نے دبئی میں اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ میں بھارت کو 191 رنز سے شکست دی۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم اس سے قبل 2004 اور 2006 میں آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ جیت چکی ہے اور اس ایونٹ میں تیسرا عالمی اعزاز حاصل کرنے کی خواہاں ہے۔ انڈر 19 ورلڈ کپ 15 جنوری سے 6 فروری تک نمیبیا اور زمبابوے میں کھیلا جا رہا ہے۔ گروپ سی میں شامل پاکستان اپنا دوسرا میچ 19 جنوری کو سکاٹ لینڈ کے خلاف جبکہ آخری گروپ میچ 22 جنوری کو میزبان زمبابوے کے خلاف کھیلے گا

محمد رضوان کو واپس بلانے پر کپتان اور کوچ نے معافی مانگ لی

بابائے مل کلب رحمانزئی نے بادینی سپورٹس کو 1-2 گول سے شکست دیدی

شہید ریاض جان فٹ بال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ایک میچ بابائے مل فٹ بال کلب رحمانزئی مل اور بادینی سپورٹس رحمانزئی مل کے مابین کھیلا گیا میچ کا آغاز بڑی تیزی سے شروع ہوا میچ کے اختتام تک بابائے مل کلب دو گول کے ساتھ آگے رہا جبکہ بادینی سپورٹس صرف ایک گول کرنے میں کامیاب ہو سکے اس طرح یہ مقابلے میں دو گول سے جیت لیا میچ میں مین ریفری حافظ عابد کاکڑ اسسٹنٹ ریفریز نادر سی آر، کبیر بلوچ فورتھ آفیشل زاہد بادینی جبکہ اناؤنسر ڈی ایس بادینی تھے اس میچ کے مہمان خاص نوجوان سماجی رہنما پرنس کبیر بادینی تھے جنہوں نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔

ٹی 20 ورلڈ کپ، انگلینڈ کے عادل رشید اور ریحان احمد بھارتی ویزوں کے منتظر

دونوں کرکٹرز رواں ہفتے کے آخر میں اسکواڈ کے دیگر اراکین کے ہمراہ سری لنکا روانہ نہیں ہوں گے، برطانوی میڈیا

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت کیلئے انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے عادل رشید اور ریحان احمد بھارتی ویزوں کے منتظر ہیں۔ برطانوی میڈیا کے مطابق عادل رشید اور ریحان احمد بھارتی آفیشلز کی جانب سے اجازت نامے کے منتظر ہیں، دونوں کرکٹرز رواں ہفتے کے آخر میں اسکواڈ کے دیگر اراکین کے ہمراہ سری لنکا روانہ نہیں ہوں گے۔ انگلینڈ نے پہلے مرحلے میں سری لنکا میں وائٹ بال سیریز کھیلنا ہے، وائٹ بال سیریز کا آغاز 22 جنوری سے ہوگا جس کے بعد انگلینڈ نے بھارت میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میچز کھیلنے ہیں۔ انگلینڈ کا پہلا میچ 8 فروری کو نیپال کے خلاف ممبئی میں شیڈول ہے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ نے ویزوں کے لیے تمام کارروائی آئی سی سی کی جانب سے آنے والے باضابطہ دعوت نامے کے فوری بعد مکمل کی۔ عادل رشید اور ریحان احمد فرنچائز کرکٹ میں مصروف تھے، کرکٹرز نے ویزوں کے لیے بیرون ملک رہتے ہوئے درخواستیں دیں

گوادر، محکمہ سیاحت کے زیر اہتمام گوادر کے سمندر میں بوٹ ریسنگ کا مقابلہ منعقد کیا جا رہا ہے

ٹی 20 ورلڈ کپ آئی سی سی کے اضافی ٹکٹ پورٹل میں پاکستان پھر نظر انداز

انڈر 19 ورلڈ کپ میں یو ایس اے کے بیٹر انڈیا کیخلاف شاٹ لگا رہے ہیں

پاک آسٹریلیا ٹی 20 سیریز: ٹکٹوں کی آن لائن فروخت (آج) سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی میچز پر مشتمل سیریز کے ٹکٹوں کی آن لائن فروخت (آج) جمعہ 16 جنوری سے شروع ہوگی۔ آن لائن ٹکٹس حاصل کرنے کے لیے شائقین pcb.tcs.com.pk پر کلک کریں یا پھر فزیکل ٹکٹیں 19 جنوری بروز پیر سے دستیاب ہوں گی۔ ٹکٹیں ملک بھر کے ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز پر دستیاب ہوں گی۔ سیریز کے تینوں ٹی ٹوئنٹی میچز 29، 31 جنوری اور یکم فروری کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے۔ میچز شام 6 بجے شروع ہوں گے

سعودی کلب کی میسی کو حیران کن طور پر بلینک چیک کی پیشکش کا انکشاف

ریاض (این این آئی) سعودی کلب الاتحاد کے صدر انمار الحائلی نے حیران کن انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ عالمی شہرت یافتہ فٹبال اسٹار لیونل میسی کو بلینک چیک کی پیشکش کی ہے اس سے قبل انہوں نے ارجنٹائن فٹبالر کو 1.4 ارب ڈالر کی پیشکش بھی کی تھی، جسے میسی مسترد کر چکے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق لیونل میسی نے حال ہی میں انٹر میامی کے ساتھ 3 سالہ نیا معاہدہ کیا ہے، جس کے تحت وہ 2028 تک پنک جرسی میں کھیلتے رہیں گے، تاہم اس کے باوجود سعودی کلبز کی دلچسپی کم نہیں ہوئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق الاتحاد کے صدر انمار الحائلی نے انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر کے لیے ایک غیر معمولی معاہدہ تیار کر رکھا

ورلڈ کپ میں عدم شرکت پر بنگلا دیش بورڈ کو مالی نقصان نہیں ہوگا، نجم الحسین

خراب پرفارمنس کے باوجود کھلاڑیوں پر کروڑوں ٹکہ خرچ کرتے ہیں، سربراہ فنانس کمیٹی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) فنانس کمیٹی کے سربراہ نجم الحسین نے کہا ہے کہ ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے پر کوئی مالی نقصان نہیں ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو میں نجم الحسین نے کہا کہ ورلڈ کپ میں عدم شرکت پر بی سی بی کا کوئی مالی نقصان نہیں ہوگا، کھلاڑیوں کو نقصان ہوگا کہ انہیں میچ فیس کی مد میں رقم نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ میں شرکت نہ کرنے پر کھلاڑیوں کا مالی ازالہ نہیں کریں گے، خراب پرفارمنس کے باوجود کھلاڑیوں پر کروڑوں ٹکہ خرچ کرتے ہیں۔ بی سی بی فنانس کمیٹی کے سربراہ نے کہا کہ ہم نے کبھی کھلاڑیوں کو نہیں کہا کہ پیسے واپس کرو، جب بورڈ نہیں ہوگا تو کھلاڑی کیسے رہیں گے؟۔ انہوں نے کہا کہ 2027ء تک ہمارا ریونیو متاثر نہیں ہوگا کیونکہ 2022ء میں آئی سی سی فنانس کمیٹی میں یہ فیصلہ ہوا تھا۔ نجم الحسین نے کہا کہ مستقبل کے ورلڈ کپ اور دو طرفہ سیریز سمیت دیگر انٹرنیشنل ایونٹس میں یہ بات اہم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ہمیں ایف ٹی پی کے تحت ہمارے پاس آئیں گی یا نہیں؟ یہ اہم سوال ہے، ورلڈ کپ میں بورڈ کو کچھ نہیں ملتا اس میں ہمارا کوئی نقصان نہیں۔

بنگلا دیشی کرکٹرز نے بائیکاٹ کی وارننگ جاری کردی

اگر بی سی بی کے ڈائریکٹر ایم نظم الاسلام نے استعفیٰ نہ دیا تو کھیل کے تمام فارمیٹس کا بائیکاٹ کریں گے

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کے کرکٹرز نے بی سی بی کے اعلیٰ عہدیدار کے بیان کے بعد بائیکاٹ کی وارننگ جاری کردی، یہ تنازع اس وقت شروع ہوا جب بی سی بی کے ڈائریکٹر نظم الاسلام نے سابق اوپنر تمیم اقبال کو انڈین ایجنٹ قرار دیتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا۔ بنگلا دیش کے کرکٹرز نے وارننگ دی کہ اگر بی سی بی کے ڈائریکٹر ایم نظم الاسلام نے استعفیٰ نہ دیا تو وہ کھیل کے تمام فارمیٹس کا بائیکاٹ کریں گے۔ نظم الاسلام نے تمیم اقبال کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے سوشل میڈیا پر لکھا کہ اس بار بنگلا دیش کے عوام نے اپنی آنکھوں سے ایک اور انڈین ایجنٹ کو دیکھا ہے۔ تمیم اقبال نے کہا تھا کہ بنگلا دیش کو ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کیلئے بھارت نہ جانے کے فیصلے پر احتیاط سے غور کرنا چاہیے جس کے بعد نظم الاسلام کی جانب سے تمیم اقبال کو انڈین ایجنٹ کہا گیا۔ کرکٹرز کی تنظیم کرکٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن آف بنگلا دیش کے صدر محمد میتھن نے ایک ورچوئل پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ اگر بورڈ ڈائریکٹر استعفیٰ نہیں دیتے تو تمام میچز کو معطل کر دیا جائے گا۔ دوسری جانب بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے اس متنازع بیان سے اپنا تعلق منقطع کرتے ہوئے کہا کہ ایسے بیانات بورڈ کی پالیسی یا اقدار کی نمائندگی نہیں کرتے اور مناسب ذرائع سے جاری بیانات کو ہی بورڈ کی آفیشل پوزیشن سمجھا جانا چاہیے۔ بی سی بی نے متنازع ریمارکس سے خود کو الگ کر لیا ہے اور کہا ہے کہ ان کے بیان سے بورڈ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ دوسری جانب بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے اس متنازع بیان سے اپنا تعلق منقطع کرتے ہوئے کہا کہ ایسے بیانات بورڈ کی پالیسی یا اقدار کی نمائندگی نہیں کرتے اور مناسب ذرائع سے جاری بیانات کو ہی بورڈ کی آفیشل پوزیشن سمجھا جانا چاہیے۔ بی سی بی نے متنازع ریمارکس سے خود کو الگ کر لیا ہے اور کہا ہے کہ ان کے بیان سے بورڈ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے فنانس کمیٹی کے سربراہ کو عہدے سے برطرف کردیا

نظم الاسلام کو ہٹانے کا فیصلہ بی سی بی کے آئین کے مطابق کیا گیا ہے، اب بی سی بی کے صدر فنانس کمیٹی کے قائم مقام چیئرمین ہوں گے

بہتری کیلئے پروفیشنلزم اور جذبے کے ساتھ کھیل جاری رکھیں گے اور کھلاڑی بنگلا دیش پریمیئر لیگ میں حصہ لے کر اس کے تسلسل کو یقینی بنائیں گے بی سی بی

ڈھاکا (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے فنانس کمیٹی کے سربراہ نظم الاسلام کو عہدے سے برطرف کردیا ہے۔ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کی فنانس کمیٹی کے سربراہ نظم الاسلام کو سابق کپتان تمیم اقبال کے خلاف متنازع بیان دینے پر عہدے سے برطرف کیا گیا ہے۔ بی سی بی کا کہنا ہے کہ فیصلہ کرکٹ بورڈ کے مفاد میں کیا گیا ہے۔ بی سی بی کا کہنا ہے کہ نظم الاسلام کو ہٹانے کا فیصلہ بی سی بی کے آئین کے مطابق کیا گیا ہے، اب بی سی بی کے صدر فنانس کمیٹی کے قائم مقام چیئرمین ہوں گے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ بی سی بی پرامید ہے کہ بنگلا دیش کرکٹ کی بہتری کیلئے پروفیشنلزم اور جذبے کے ساتھ کھیل جاری رکھیں گے اور کھلاڑی بنگلا دیش پریمیئر لیگ میں حصہ لے کر اس کے تسلسل کو یقینی بنائیں گے۔ واضح رہے کہ بنگلا دیشی کھلاڑیوں نے نظم الاسلام کے استعفے کا مطالبہ کیا تھا اور احتجاجاً بی پی ایل کے میچز کا بائیکاٹ کیا۔

بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر نصیر آباد میں مکمل ہڑتال، تمام سرکاری دفاتر بند

ڈی آر اے سرکاری ملازمین کا آئینی اور قانونی حق ہے، جس سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے، عبداللہ بلوچ

ملازمین حقوق کے حصول کیلئے متحد ہیں، مطالبات تسلیم نہ ہونے کی صورت میں تحریک کو سخت کیا جائے گا، مقررین

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد نامہ نگار بلوچستان گرینڈ الائنس کی صوبائی کال پر نصیر آباد بھر میں مکمل ہڑتال رہی جس کے باعث تمام سرکاری دفاتر، ڈپٹی کمشنر آفس، محکمہ تعلیم، محکمہ آبپاشی، تعمیرات، ریونیو محکمہ صحت سمیت دیگر سرکاری ادارے بند رہے جبکہ سول ہسپتال میں صرف ایمرجنسی سروسز بحال رہیں اس موقع پر بلوچستان گرینڈ الائنس نصیر آباد کے صدر عبداللہ بلوچ اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈی آر اے (ڈسپیرٹی ریڈکشن الاؤنس) سرکاری ملازمین کا آئینی اور قانونی حق ہے جس سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے اس موقع پر گرینڈ الائنس نصیر آباد کے رہنماؤں بابو حسین بخش جونیجو برکت علی سامت خادم حسین ڈومکی برکت علی گولہ مجاہد حسین بھنگر سید سجاد حسین شاہ غلام سرور سمیت دیگر رہنماؤں بھی موجود ہیں انہوں نے کہا کہ ملازمین اپنے حقوق کے حصول کے لیے متحد اور منظم ہیں اور حکومت کی جانب سے مطالبات تسلیم نہ کیے جانے کی صورت میں احتجاجی تحریک کو مزید سخت کیا جائے گا، عبداللہ بلوچ نے واضح کیا کہ ملازمین اپنے موقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے اور مطالبات کی منظوری تک جدوجہد جاری رہے گی۔ دوران اثنا گرینڈ الائنس ملازمین کی ہڑتال کے سلسلے میں نصیر آباد کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا گیا جہاں اہلکار اور دیگر ملازم تنظیموں کے عہدیداران نے ہڑتال کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے مکمل لاک ڈاؤن کو یقینی بنایا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ قیادت کی کال پر ہر قربانی دینے سے دریغ نہیں کیا جائے گا

بختیار آباد، افتخار خان منگلزئی سے نمائندہ مشرق ملاقات کر رہے ہیں

اوتھل میں ڈی ورمنگ مہم 20 سے 22 جنوری تک جاری رہے گی

5 تا 15 سال بچوں کو گھر اور اسکولوں میں ادویات کی فراہمی فراہم کرینگے

اوتھل (یو این اے) بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے محفوظ بنانے کیلئے ڈی ورمنگ مہم 20 سے 22 جنوری تک جاری رہے گا ضلع لسبیلہ اور ضلع حب میں 5 سے 15 سال تک کے بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچانے کیلئے دوروزہ ڈی ورمنگ مہم کا آغاز 20 جنوری سے کیا جائے گا یہ مہم 22 جنوری تک جاری رہے گی، جس کے دوران تربیت یافتہ ٹیمیں گھر گھر اور اسکولوں میں جا کر گھر اور اسکولوں میں جا کر بچوں کو ادویات فراہم کریں گے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ، چیئرمین لسبیلہ سردار عبدالرشید بھوتانی۔ ڈی ایچ او لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ نے کانفرنس ہال اوتھل میں منعقدہ آگاہی و میڈیا سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی سیمینار حکومت بلوچستان اور پاکستان ڈی ورمنگ انیشی ایٹو کے تعاون سے ڈی ورمنگ مہم کے باضابطہ آغاز کے موقع پر منعقد کیا گیا سیمینار میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی۔ سوشل ویلفیئر آفیسر عبدالصمد رونجھو۔ وانگ کے خلیل احمد رونجھو اور پاکستان ڈی ورمنگ انیشی ایٹو کے سینئر پروگرام ورکنگ ٹیکنیکل منیجر ارسلان احمد، لیڈی ہیلتھ ورکرز، ڈاکٹرز، میڈیا نمائندگان اور دیگر معززین نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا ڈی ورمنگ مہم بچوں کے صحت مند مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ پیٹ کے کیڑے بچوں کی جسمانی نشوونما تعلیمی کارکردگی اور مجموعی صحت کو بری طرح متاثر کرتے ہیں، جن سے بچا کیلئے باقاعدہ ڈی ورمنگ ایک محفوظ اور معتبر طریقہ ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے کہا کہ بچوں کی صحت حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور لسبیلہ میں ڈی ورمنگ مہم اس عزم کا عملی ثبوت ہے پاکستان ڈی ورمنگ انیشی ایٹو کے سینئر پروگرام کے ٹیکنیکل منیجر ارسلان نے عالمی اور قومی سطح پر ڈی ورمنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ باقاعدہ ڈی ورمنگ سے بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے ریجنل منیجر ارسلان احمد نے بتایا کہ یہ مہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے اشتراک سے لسبیلہ اور حب دونوں اضلاع میں نافذ کی جا رہی ہے ہیڈ سٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ ڈی ورمنگ مہم کی کامیابی میں میڈیا کا کردار نہایت اہم ہے جو عوام تک درست اور بروقت معلومات پہنچا سکتا ہے تقریب کے دوران ڈی ورمنگ سے متعلق آگاہی ویڈیوز اور میڈیا مواد بھی پیش کیا گیا

کمزور طبقے کی بحالی کے بغیر معاشرتی ترقی ممکن نہیں ہے، کفایت اللہ آغا

بے سہارا اور نادار طبقات کی مدد کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، چیئرمین کا بیان

کوئٹہ (پ ر) دکھی انسانیت کی خدمت ان کی تنظیم کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور بے سہارا، نادار اور معاشرے کے نظر انداز طبقات کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ سوسائٹی کے چیئرمین سید حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ سوسائٹی منشیات کے عادی افراد کے علاج، بحالی اور سماجی اصلاح کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، تاکہ متاثرہ افراد کو دوبارہ باعزت اور صحت مند زندگی کی طرف لایا جا سکے۔ منشیات ایک سماجی ناسور ہے جس نے کئی خاندانوں کو متاثر کیا ہے، اس لیے اس کے خاتمے کے لیے اجتماعی کاوشیں ناگزیر ہیں۔ ادارہ نہ صرف منشیات کے عادی افراد کے علاج و معالجے پر توجہ دے رہا ہے بلکہ بے سہارا افراد، غریب خاندانوں اور مشکلات کا شکار لوگوں کی مدد کو بھی اپنا اخلاقی اور سماجی فرض سمجھتا ہے۔ معاشرے کے کمزور طبقات کی بحالی کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔

ڈپٹی کمشنر استا محمد کی نگرانی میں فوڈ گودام کی عمارت کی نیلامی مکمل ہو گئی

گرلز کالج کی تعمیر کی راہ ہموار، نیلامی میں ملک بھر سے بولی دہندگان نے حصہ لیا

اوستہ محمد (ن ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی نگرانی میں فوڈ گودام کی عمارت کی نیلامی مکمل کر لی گئی جس کے نتیجے میں گورنمنٹ گرلز کالج استا محمد کی تعمیر کی راہ ہموار ہو گئی نیلامی میں ملک بھر سے بولی دہندگان نے حصہ لیا، جبکہ شبیر ٹریڈرز (میاں چنوں پنجاب) نے 1 کروڑ 61 لاکھ روپے کی کامیاب بولی دی جس پر 28 فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا عمل شفاف کھلا اور مکمل مسابقتی ماحول میں انجام دیا گیا فوڈ گودام جو سالہا سال سے غیر فعال اور ناقابل استعمال حالت میں موجود تھا اس کی زمین 2018 میں گورنمنٹ گرلز کالج کے لیے مختص کر دی گئی تھی۔ تاہم متعلقہ مقام ٹھیکیدار کے حوالے نہ کیے جانے کے باعث منصوبہ گزشتہ سات سال سے تعطل کا شکار رہا اور ہر مالی سال میں مختص فنڈز خرچ نہ ہونے کے باعث واپس ہوتے رہے، جس سے تعمیراتی لاگت بڑھتی گئی شہریوں کی جانب سے یہ معاملہ مسلسل کھلی کچہریوں اور اجلاسوں میں اٹھایا جاتا رہا۔ اس وقت کالج پرانی سیشن کورٹ کی محض چار کمروں والی عمارت میں کلاسز جاری رکھے ہوئے ہے جو تقریباً 1200 طالبات کے لیے ناکافی ہے۔ مستقل عمارت نہ ہونے کے باعث کالج بی ایس پروگرامز کے لیے الحاق حاصل کرنے سے بھی محروم رہا جس سے مقامی طالبات کی تعلیم متاثر ہوئی نیلامی کی تکمیل کے بعد گودام کی عمارت خالی کرائی جائے گی اور کالج کی تعمیر کے لیے مقررہ مقام باقاعدہ طور پر ٹھیکیدار کے حوالے کر دیا جائے گا

ملک مجیب مہترزئی کا تعزیت کرنے والے افراد سے اظہار تشکر

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قوم کاکڑ مہترزئی کے مشہور قبائلی شخصیت اور گورنمنٹ کنٹریکٹر ملک مجیب مہترزئی نے اپنے ان تمام عزیز واقارب دوستوں سرکاری افسران اور ٹھیکیدار برادری اور دیگر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ ان تمام نے میری والدہ محترمہ کی وفات پر میرے گھر کان مہترزئی اور شہباز ٹاؤن کوئٹہ آ کر میرے والدہ کے وفات پر فاتحہ خوانی کی اور ہمارے ساتھ غم میں شریک ہوئے ہم ان تمام سے مشترکہ طور پر اظہار تشکر کرتے ہیں

ربانی کاکڑ کی والدہ کے انتقال پر تعزیت

لورالائی (آن لائن) وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی لورالائی حاجی نذیر احمد اتمانخیل نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ پاک انکو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر و جمیل عطا فرمائے

ڈی سی زیارت نے چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

زیارت (آن لائن) عبدالقدوس اچکزئی BCS (B19) نے ڈپٹی کمشنر زیارت کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کردی ہے۔

منشیات کے عادی مریض، مجرم نہیں ہیں، نادر شاہ تارن

عادی افراد کو علاج، بحالی اور ہمدردی فراہم کرنا سماجی اور قومی ضرورت ہے، بیان

چکلاک (پ ر) منشیات کا استعمال نہ صرف نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے بلکہ اس کے منفی اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں منشیات کے عادی افراد کے لیے علاج و بحالی کے مراکز نہایت محدود ہیں، جس کی وجہ سے ہزاروں متاثرہ افراد اور ان کے خاندان شدید ذہنی، معاشی اور سماجی مسائل کا شکار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار آغوش ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر کے نائب صدر اور سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان بلوچستان چیپٹر کے جنرل سیکرٹری نادر شاہ تارن نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں منشیات کا بڑھتا ہوا استعمال ایک سنگین سماجی، صحت اور اخلاقی بحران کی صورت اختیار کر چکا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے فوری، مؤثر اور مربوط علاج و بحالی کے اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ منشیات کے عادی افراد کو مجرم نہیں بلکہ مریض سمجھ کر ان کے علاج و معالجے اور بحالی کو قومی ترجیح بنایا جائے۔ منشیات کے عادی افراد کو معاشرے سے کاٹ دینا مسئلے کا حل نہیں بلکہ انہیں علاج، ہمدردی اور بحالی کے مواقع فراہم کرنا ہی دیرپا حل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اسکولوں، کالجوں اور جامعات میں آگاہی مہمات شروع کی جائیں تاکہ نوجوانوں کو منشیات کے تباہ کن اثرات سے بروقت آگاہ کیا جا سکے۔ سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان بلوچستان چیپٹر منشیات کے خاتمے، علاج و بحالی اور آگاہی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے، مگر اس جنگ کو جیتنے کے لیے حکومتی سرپرستی، مؤثر پالیسی سازی اور وسائل کی فراہمی ناگزیر ہے۔

سیلاب سے متاثرہ مکانات کی تعمیر متاثرین کی مدد کسی نعمت سے کم نہیں، کمشنر سبی

چار لاکھ سے زائد رقم سے ایک کمرے کی تعمیر فیز ون کے بعد فیز ٹو میں جدید ترین سولر سسٹم جبکہ فیز تھری میں باتھ روم کی تعمیر یقینی بنائی جائے گی

ایسے منصوبے دیرپا اور عوامی خدمت کا عملی مظاہرہ ہے، جس کی تکمیل سے سیلاب سے متاثرہ ہونے والے خاندانوں کا معیار زندگی بہتر ہو سکے گا

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے کہا ہے کہ سبی کے علاقہ سات مرحلہ میں سیلاب کے باعث تباہ ہونے والے مکانات کی از سر نو تعمیر سے متاثرین کی بھرپور مدد کسی نعمت سے کم نہیں چار لاکھ سے زائد رقم سے ایک کمرے کی تعمیر فیز ون کے بعد فیز ٹو میں جدید ترین سولر سسٹم جبکہ فیز تھری میں باتھ روم کی تعمیر یقینی بنائی جائے گی ایسے منصوبے دیرپا اور عوامی خدمت کا عملی مظاہرہ ہے جس کی تکمیل سے سیلاب سے متاثرہ ہونے والے خاندانوں کا معیار زندگی بہتر ہو سکے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی سات مرحلہ میں ترقی فاؤنڈیشن سبی وایچ آر یو کے جانب سے سیلاب متاثرین کے بحالی کا کام کا جائزہ لینے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ترقی فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر افتخار منگلزئی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر دیکھی رحم دل خان مری، انجینئر آفاق احمد، سوشل موبلائزر وسیم گل و محترمہ صبا مہک پی ایس کمشنر سبی ڈویژن زیشان طاہر ایس ایچ او غلام علی ابڑو سبی پریس کلب کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی، آفس سیکرٹری میر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے قبل ازیں ترقی فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر افتخار منگلزئی نے تفصیلی آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ پہلے مرحلے میں ضلع سبی میں 500 لوگوں کے فنڈز آ چکے ہیں جس میں سے اب تک 300 کے قریب لوگ فنڈز حاصل کر چکے ہیں اور اپنے کمروں کی تعمیرات کا کام شروع کر چکے ہیں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر افتخار منگلزئی نے پروجیکٹ کے حوالے سے تفصیلاً بریفنگ دیتے ہوئے کمشنر سبی ڈویژن کو بتایا کہ پہلے فیز کا کام کامیابی کے ساتھ شروع ہو چکا ہے یہ تمام رقم متاثرہ خاندانوں کو چار اقساط میں ادا کی جائیں گی جو کہ اس طرح مرحلہ وار ہیں ایک کمرہ چار مرحلوں میں تعمیر کیا جائے گا

سابق صوبائی عبدالخالق ہزارہ سے ایس نصیب آغا ملاقات کر رہے ہیں

امن وامان کی بگڑتی صورتحال انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

ذمہ دار ادارے جرائم کے سدباب ناکام دکھائی دے رہے ہیں، حق دو تحریک

گوادر (این این آئی) گوادر میں بڑھتے ہوئے قتل و غارت، بدامنی، ڈکیتی اور چوری چکاری کے واقعات انتہائی تشویشناک اور امن و امان کے ذمہ دار اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، تفصیلات کے مطابق گوادر میں بڑھتے ہوئے قتل و غارت، بدامنی، ڈکیتی اور چوری چکاری کے واقعات پر حق دو تحریک بلوچستان کے مرکزی آفس سے جاری بیان میں شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ شہر میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر ضلعی انتظامیہ، محکمہ پولیس اور سیکورٹی اداروں کی کارکردگی سنگین سوالات کو جنم دے رہی ہے۔ عوام جان و مال کے عدم تحفظ کا شکار ہیں، جبکہ ذمہ دار ادارے جرائم کے سدباب میں بری طرح ناکام دکھائی دے رہے ہیں۔ حق دو تحریک بلوچستان نے اپنے بیان میں کہا کہ پولیس اور سیکورٹی فورسز سیاسی و سماجی سرگرمیوں کو روکنے اور پرامن عوام کو دبانے میں تو سرگرم نظر آتی ہیں،

میر طارق مگسی سے ایکسین ایریگیشن جھل مگسی کی ملاقات

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر نوابزادہ میر طارق خان مگسی سے ایکسین ایریگیشن جھل مگسی محمد یار مگسی کی ملاقات تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جھل مگسی کے علاقہ سیف آباد میں صوبائی وزیر نوابزادہ میر طارق خان مگسی سے ایکسین ایریگیشن جھل مگسی محمد یار مگسی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع جھل مگسی میں محکمہ ایریگیشن کے تحت جاری ترقیاتی و آبپاشی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایکسین ایریگیشن محمد یار مگسی نے صوبائی وزیر کو جاری اسکیمات، نہری نظام کی بہتری، پانی کی منصفانہ تقسیم اور زرعی زمینوں کو درپیش مسائل سے تفصیلاً آگاہ کیا۔ انہوں نے منصوبوں کی پیش رفت، درپیش چیلنجز اور آئندہ لائحہ عمل پر بھی بریفنگ دی اس موقع پر صوبائی وزیر نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے محکمہ ایریگیشن کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ زرعی معیشت کی مضبوطی کے لیے آبپاشی نظام کی بہتری کی جانب گامزن کیا جا رہا ہے۔

دالبندین، گرینڈ الائنس کا احتجاج تمام سرکاری دفاتر، تعلیمی ادارے بند

ایمرجنسی سروسز بندش سے مستثنیٰ، احتجاج کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین گرینڈ الائنس کے تیسرے مرحلے کے احتجاج کے سلسلے میں ضلع چاغی کے ہیڈ کوارٹر دالبندین میں احتجاج کے باعث ڈی سی کمپلیکس، خزانہ آفس سمیت تمام سرکاری دفاتر مکمل طور پر بند کر دیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ پورے ضلع چاغی میں تمام تعلیمی ادارے، اسکولز اور دفاتر بند ہیں، جبکہ ایمرجنسی سروسز کو اس بندش سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ احتجاج کے نتیجے میں سرکاری اور نجی اسپتالوں میں ایمرجنسی کے علاوہ تمام معمول کی سرگرمیاں معطل ہیں جن عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، تاہم احتجاج پرامن انداز میں جاری ہے۔ اس احتجاج کی نگرانی گرینڈ الائنس ضلع چاغی کے ضلعی صدر نذیر احمد بجارزئی کے علاوہ عطاء اللہ سیاپاد، حاجی اسد اللہ غالب، وقار ریکی اور دیگر رہنما کر رہے ہیں، جو صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور احتجاج کو منظم انداز میں آگے بڑھا رہے ہیں۔ گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا۔

بعدالت جناب تحصیلدار سٹی / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد عمر ولد محمد حسین قوم اچکزئی ساکن کوئٹہ نے ایک درخواست جناب ڈپٹی کمشنر صاحب کوئٹہ کی خدمت میں پیش کی ہے کہ بحوالہ انتقال نمبر 149 وارڈ نمبر 10 حلقہ اربن 3 تحصیل سٹی کوئٹہ میں مسمیان نذر محمد، جہانزیب، ہمایون خان، عبدالقیوم، علاؤ الدین کے نام درج کئے گئے ہیں جو کہ غلط ہے جو کہ اصل نام نذر محمد کے بجائے نظر محمد، جہانزیب کے بجائے جہانزیب اچکزئی، ہمایون خان کے بجائے ہمایون اچکزئی، عبدالقیوم کے بجائے قیوم نظر علاؤ الدین کے بجائے دین محمد ہیں جس کی درستگی مقصود ہے اس بابت کسی شخص یا ادارے کو عذر و اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر اعتراض جمع کرائیں بعد میں کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

62652

بعدالت تحصیلدار / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی عبدالمناف ولد عبدالکریم قوم مینگل ساکنہ یہ درخواست پیش کی گئی اظہار کیا گیا کہ میرا بھائی مبارک خان مرحوم ولد عبدالکریم قوم مینگل ساکنہ یہ وفات پا چکا ہے جن کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان بی بی فوزیہ بیوہ گران بی بی والدہ، عبدالمناف بھائی، جمعہ خان بھائی، عبدالباسط بھائی، منور احمد بھائی پسران، بی بی فریدہ بہن، بی بی ساکنہ بہن، بی بی سعیدہ بہن، خان بی بی بہن، بی بی ذاکرہ بہن، بی بی صابرہ بہن دختران عبدالکریم قوم مینگل ساکنہ ہیں لہٰذا اس بارے میں اگر شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد ازاں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 15/1/2026 کو میرے مہر و عدالت سے جاری ہوا۔

62652

بعدالت نائب تحصیلدار پنجپائی / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم ضلع کوئٹہ

صحیح نام ولدیت ملغرار کے بجائے امام بخش

ہرگاہ کہ عبداللہ ولد امام بخش ساکن سب تحصیل پنجپائی ضلع کوئٹہ نے ایک عدد درخواست جناب ڈپٹی کمشنر صاحب ضلع کوئٹہ کی خدمت میں گزاری ہے میرے والد کا نام ریونیو ریکارڈ محال موضع میا خانزئی حپہ شرار و سب تحصیل پنجپائی میں ملغرار درج کیا گیا ہے جو کہ غلط ہے جبکہ میرے والد کا اصل نام امام بخش ہے لہٰذا اس بابت اگر کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر زیر دستخطی کو پیش کریں بصورت دیگر میعاد پوری ہونے پر کسی قسم عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 15/1/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

62652

بعدالت تحصیلدار / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی محمد وارث ولد رئیس شاہمیر خان قوم پہوڑ ساکن سریاب روڈ کوئٹہ درخواست پیش کی گئی اظہار کیا گیا کہ میری بیٹی مسماۃ گل جان صاحبہ دختر محمد وارث قوم پہوڑ ساکن سریاب روڈ کوئٹہ وفات پا چکی ہے جن کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان محمد وارث ولد رئیس شاہمیر خان قوم پہوڑ ساکن سریاب روڈ کوئٹہ مرحومہ کا والد جائز وارث ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اگر شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد ازاں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 15/1/2026 کو میرے مہر و عدالت سے جاری ہوا۔

62652

بقیہ 1 وزیر اعلیٰ

کے سنگین مسائل موجود ہیں اور خواتین لکڑیوں پر روٹی پکانے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ اور دیگر سرد علاقوں میں عوام شدید سردی میں ٹھٹھر رہے ہیں جبکہ گیس دستیاب نہیں یہ صورتحال ہرگز برداشت نہیں کی جاسکتی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پی پی ایل اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام کو دو ٹوک الفاظ میں ہدایت دی کہ بلوچستان میں گیس بحران کو ہر صورت حل کیا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل سے مکمل طور پر آگاہ ہے اس معاملے میں گیس کمپنیوں کا کسی قسم کا حیلہ بہانہ یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی لہٰذا متعلقہ حکام عوام کی مشکلات کے فوری ازالے کے لیے موثر اقدامات اٹھائیں۔

بقیہ 2 ترجمان دفتر خارجہ

امن و استحکام چاہتے ہیں، امریکی امیگرنٹ ویزا کی پروسیسنگ سے متعلق امریکی حکام سے رابطہ ہے، امید ہے کہ امیگرنٹ ویزا کی معمول کی آن لائن پروسیسنگ جلد بحال ہو جائے گی، بھارتی آرمی چیف کے دہشت گردی سے متعلق الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہیں، پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف قربانیاں عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایران کے مسئلے کا پرامن حل چاہتے ہیں، پاکستان امن کیلئے کردار ادا کرتا رہے گا، ایران کے امن و استحکام کی حمایت کرتے ہیں، امید ہے ایران اپنے بحران پر جلد قابو پالے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران خطے کا اہم ملک ہے، پاکستان پر امن خوشحال ایران دیکھنا چاہتا ہے، ہم پر اعتماد ہیں کہ ایران اپنی عقلمندی، فراست، قدیم تہذیب وجذبے سے حالات پر قابو پالے گا۔ پاکستان نے ماضی میں ایران کے جوہری مذاکرات میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ پاکستان ماضی کی طرح اب بھی ایران کے خلاف اپنی سرزمین اور فضائی حدود استعمال نہ ہونے دینے کے موقف پر قائم ہے اور آج بھی ہمارا موقف یہی رہے گا۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک اور عالمی برادری کا اہم رکن ہے لہٰذا پاکستان ایران کو ایک دوست اور برادر ملک کے طور پر پرامن اور خوشحال دیکھنا چاہتا ہے، پاکستان اور ایران کے عوام کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی اور مذہبی روابط ہیں، پرامن اور مستحکم ایران پاکستان کے مفاد میں ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ایران میں حالیہ احتجاجات عام شہریوں کو درپیش معاشی مشکلات کے باعث سامنے آئے ہیں مگر امید ہے ایرانی حکومت کے اعلان کردہ معاشی امدادی اقدامات عوامی مشکلات کم کریں گے، ایران ایک مضبوط اور باحوصلہ قوم ہے، جس نے ماضی میں متعدد چیلنجز کا سامنا کیا ہے لہٰذا پاکستان کو ایرانی عوام اور قیادت کی دانشمندی پر مکمل اعتماد اور یقین ہے کہ ایرانی قوم ان چیلنجز پر قابو پا کر مزید مضبوط ہو کر ابھرے گی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ پاکستان نے ایران سے متعلق جاری ٹریول ایڈوائزری کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستانی شہری ایران کے سفر کے دوران انتہائی احتیاط اور حفاظتی تدابیر اختیار کریں جب کہ ایران میں پاکستانی شہریوں کی معاونت کے لیے تہران میں پاکستانی سفارتخانہ متحرک ہے، پاکستانی سفیر اور ان کی ٹیم شہریوں کی سلامتی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا کے ساتھ ہموار تجارتی تعلقات کا خواہشمند ہے۔ ایران کے ساتھ پاکستان کی تجارت عالمی قوانین کے مطابق ہے۔ پاکستان تجارتی تعلقات کے حوالے سے ایران اور امریکا دونوں سے رابطے میں ہے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان اور دیگر ممالک کے درمیان تجارت قوانین کے تحت ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے امریکی ویزوں پر پابندیوں سے متعلق رپورٹس دیکھی ہیں، اس معاملے پر امریکی حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں، امریکا اپنی ویزا پالیسی پر نظر ثانی کر رہا ہے، امید ہے امریکہ جلد پاکستان کے لیے ویزے بحال کرے گا، امیگریشن پالیسیوں کے حوالے سے ہم یو ایس انتظامیہ کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ امریکا کے ایران کے ساتھ تجارت کرنے والے ممالک پر 25 فیصد ٹیرف کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ یہ ایک جاری صورتحال ہے، جائزہ لے رہے ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا کہ پاک ایران تجارت عالمی تجارتی قوانین کے تحت ہو رہی ہے، پاکستان کے امریکہ کے ساتھ اچھے تجارتی تعلقات ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں دفتر خارجہ کے ترجمان نے واضح کیا کہ پاکستان بھارتی آرمی چیف کے بیانات کو مسترد کرتا ہے، بھارتی آرمی چیف کے الزامات بے بنیاد اور سیاسی مقاصد کے لئے گھڑی گئی من گھڑت کہانی ہیں، پاکستان کی دہشتگردی کے خلاف قربانیاں عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہیں، پاکستان کے خلاف بھارتی الزامات خود بھارت کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جبکہ بھارت میں اقلیتوں کے خلاف ظلم و جبر اور نفرت انگیز بیانیہ پوری دنیا کے سامنے عیاں ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان نے بھارت کو اشتعال انگیز بیانات سے باز رہنے کا مشورہ دیا ہے اور بھارت میں بڑھتا ہوا انتہا پسندانہ اور مذہبی بنیادوں پر تشدد خطے کے لیے خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ غیر ذمہ دارانہ الزامات خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ افغانستان سمیت خطے میں بھارت کے حمایت یافتہ دہشتگرد نیٹ ورکس کی نشاندہی کی گئی ہے، بھارت کی جانب سے ماورائے عدالت قتل اور ریاستی سرپرستی میں دہشتگردی کی مثالیں ریکارڈ پر ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بھارتی نیوی کے حاضر سروس افسر کلبھوشن یادیو کی گرفتاری ہمارے سامنے ہے۔ افغانستان سمیت خطے میں بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورکس کی نشاندہی کی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان میں طلبہ کی واپسی کے معاملے پر کابل میں پاکستانی سفارت خانہ کام کر رہا ہے، ہم اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں۔ ایران میں پھنسے ہوئے طلبہ کی بڑی تعداد گوادر پہنچ چکی ہے۔ پاکستانی حکومت ایران سے واپس لوٹنے والے طلبہ کی سہولت کاری کر رہی ہے۔ ایران میں پاکستانی سفارت خانے نے بھی لوٹنے والے طلبہ کی معاونت کی۔ ترجمان کے مطابق اندازاً بدھ کے روز 54 طلبہ جب کہ اس سے قبل 2 درجن کے قریب طلبہ ایران سے واپس پہنچ چکے ہیں۔ جلد واپس آنے والے طلبہ کی تعداد سے متعلق مزید معلومات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 3 خارجی ہلاک

سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو موثر طور پر نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کرم میں دوسری کارروائی کے دوران 5 خوارج کو ہلاک کیا گیا۔

بقیہ 4 سہیل آفریدی

پی ٹی آئی جلد رہا ہوں گے، ہم بلال محسود کی فیملی کے ساتھ مرتے دم تک کھڑے رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک روزہ دورہ کراچی میں سہراب گوٹھ پر ریلی کے دوران جاں بحق پی ٹی آئی کے کارکن بلال محسود کے اہل خانہ سے تعزیت کے بعد اپنے خطاب میں کیا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ کراچی کے صدر راجہ اظہر سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ کے پی کراچی آمد کے بعد ایئر پورٹ سے سہراب گوٹھ قافلے کی شکل میں پہنچے۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے رہنما کارکنان، پختون کمیونٹی کے مشران اور دیگر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ تحریک انصاف پاکستان کی واحد تحریک اور قومی جماعت ہے، سہراب گوٹھ میں بلال محسود شہید ہوا ہے، پی ٹی آئی کا ہر ورکر ہمارا قیمتی اثاثہ ہے۔

بقیہ 5 پولیس اسٹیشن

پر سوار 30 سے 40 دہشت گرد گزشتہ خاران کے مرکزی بازار میں داخل ہوئے اور پولیس اسٹیشن اور سرکاری املاک پر حملہ کیا سٹی تھانے کے ریکارڈ اور گاڑیوں کو آگ لگا دی جبکہ شہر میں شدید فائرنگ کرتے ہوئے ایک بینک لوٹنے کی کوشش کی تاہم سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کے ارادے سے بازار میں فائرنگ کے تبادلے میں چار دہشت گردوں کو ہلاک کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں میں رات گئے تک جھڑپ جاری تھی

بقیہ 6 محسن نقوی اسرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید میجر انور کاکڑ کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر انور کاکڑ نے وطن کے دفاع میں اپنی قیمتی جان قربان کر کے شہادت کا اعلیٰ ترین رتبہ حاصل کیا انہوں نے کہا کہ شہدا قوم کا فخر ہیں اور قوم اپنے ہیروز کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور شہید کی والدہ کے بلند حوصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی باہمت مائیں قوم کی اصل طاقت اور سرمایہ افتخار ہیں میر سرفراز بگٹی نے اعلان کیا کہ شہید میجر انور کاکڑ کے بھائی خدا نیداد خان کو سرکاری ملازمت فراہم کی جائے گی جبکہ ایک سرکاری اسکول کو شہید میجر انور کاکڑ کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی عظیم قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جا سکے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس موقع پر شہید کی والدہ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آپ پاکستان کے بہادر بیٹے کی باہمت والدہ ہیں اور پوری قوم کو آپ پر فخر ہے آپ جیسے بلند حوصلہ والدین کا جذبہ ہی قوم کی اصل قوت ہے۔ انہوں نے شہید کے کمسن بیٹوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلاسہ دیا اور پیار کیا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید میجر انور کاکڑ کی عظیم قربانی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے دونوں رہنماؤں نے شہید میجر انور کاکڑ کے اہل خانہ کے لیے صبر و استقامت اور درجات کی بلندی کی دعا بھی کی اس موقع پر صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان بھی موجود تھے۔

بقیہ 7 شپنگ چارجز

ریٹس کے مطابق شپنگ چارجز نافذ کر دیے۔ ایف بی آر کے مطابق جہاز رانی کی صنعت کے لئے سرکاری بینک کی شرح مبادلہ کے مطابق نافذ کردہ شپنگ چارجز کے نتیجے میں بین الاقوامی شپنگ لائنز کی جانب سے من مانی اور حد سے زیادہ بلنگ کی پریکٹس کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ آل پاکستان شپنگ ایسوسی ایشن نے تحریری طور پر باضابطہ تصدیق کی ہے کہ اس کی تمام اراکین شپنگ لائنز اب اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ضوابط کے مطابق اپنے متعلقہ مجاز کمرشل بینکوں کی جانب سے فراہم کردہ شرح مبادلہ کی بنیاد پر ہی شپنگ فیس وصول کر رہی ہیں۔

بقیہ 8 گیس

ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ علی پرویز ملک نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ گھریلو شعبے کو صنعت سے اضافی گیس منتقل کرنے کے آپشن پر غور کر رہے ہیں، پیٹرولیم ڈویژن میں روزانہ صبح 10 بجے گیس صورتحال کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔

بقیہ 9 گورنر

ہزاروں نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کی روشنی پہنچانے اور جدید تعلیم کے ذریعے معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے پر وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے۔ یہ پاکستان کی واحد یونیورسٹی جہاں 59 فیصد طالبات مستفید ہو رہی ہیں۔ یہ بات بہت خوش آئند ہے کہ تربت یونیورسٹی نے مختصر عرصے میں قومی سطح پر ایک قابل فخر نام اور مقام پیدا کیا ہے۔ صوبہ کی تمام سرکاری یونیورسٹیاں وہ بنیادیں ہیں جن پر ایک جدید اور تکنیکی اعتبار سے مضبوط معاشرہ آسانی سے تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف تربت کے تیسرے کانووکیشن کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وزیر منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، ممبر قومی اسمبلی پھلین بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری حاجی برکت رند، وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، وائس چانسلر مکران یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سعادت بلوچ، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، تربت یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران اور انتظامی افسران، ماہرین تعلیم، علاقائی معتبرین کے علاوہ یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ یونیورسٹی آف تربت کے تیسرے کانووکیشن میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے 765 گریجویٹس اور 24 ایم فل میں اسناد تقسیم کیں اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو گولڈ میڈلز پہنائے گئے۔ شرکا سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم یہاں محض ایک رسمی تقریب کیلئے جمع نہیں ہیں بلکہ یہ وہ سنگ میل ہے جو کیڈٹ کالج، پختہ عزم اور تعلیم کیلئے ہمارے فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ کانووکیشن صرف ڈگریاں تقسیم کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے نوجوانوں کے خوابوں کی تکمیل اور عملی زندگی میں قدم رکھنے کا ایک اہم موقع ہے۔ انہوں نے کہا اس یونیورسٹی کی ترقی اس بات کا ثبوت ہے کہ جغرافیائی فاصلے بھی ہنر اور ذہانت کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔

بقیہ 10 سپرنٹنڈنٹ

ساجد بیگ کو سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل تعینات کر دیا گیا راولپنڈی محکمہ جیل خانہ جات نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 11 فرد جرم عائد

جس سلسلے میں چوہدری پرویز الٰہی سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے پرویز الٰہی و دیگر پر فرد جرم عائد کی جس پر ملزمان نے صحت جرم سے انکار کر دیا۔ بعد ازاں عدالت نے ریفرنس کے گواہوں کو 29 جنوری کو طلب کر لیا۔ واضح رہے کہ نیب نے 2 نئے ملزمان آنے کے بعد ضمنی ریفرنس دائر کیا تھا

بقیہ 12 پی ایم ڈی سی

اور رجسٹریشن کے امتحان کو عالمی "پرومیٹرک" سے منسلک کرنے کا مطالبہ کیا، اعلان کیا کہ کونسل نے پالیسی نہ بدلی تو سڑکوں پر آ کر احتجاج کریں گے۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے تنظیم کے صدر ڈاکٹر طاہر خان سکندری نے کہا کہ لائسنسنگ کے لئے نیشنل رجسٹریشن امتحان میں 7 ہزار 300 امیدواروں نے حصہ لیا جبکہ صرف 200 کو کامیاب قرار دیا گیا، یہ کہاں کا قانون ہے؟ ہم نے احتجاج کی کال دی تو پی ایم ڈی سی نے راتوں رات تمام پرانے امتحانات کے نتائج ویب سائٹ پر اسکورز کے ساتھ اپ لوڈ کر دیے۔

بقیہ 13 الرٹ جاری

طاقتور سلسلہ صوبے میں داخل ہو رہا ہے جس کے باعث کوئٹہ، زیارت، ژوب، قلات، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین اور ژوب کے پہاڑی علاقوں میں درمیانی سے شدید برفباری کا امکان ہے۔ برفباری کے باعث ان علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے گرنے اور شاہراہوں پر آمد و رفت متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔

پی ٹی آئی دور میں بھی ابھی نندن کو ہاتھ جوڑ کر واپس کیا گیا، خواجہ آصف

عمران خان کو اقتدار میں لانے والے چاہتے ہیں کہ یہ دوبارہ اقتدار میں آئے، وہ چاہتے ہیں کہ یہ مملکت خداداد ان کی تابع ہو جائے

باہر بیٹھے نام نہاد پاکستانی امن کے دشمن ہیں، یہ پاکستان کو معاشی استحکام اور محفوظ مستقبل سے دور دیکھنا چاہتے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اقتدار میں لانے والے چاہتے ہیں کہ یہ دوبارہ اقتدار میں آئے، وہ چاہتے ہیں کہ یہ مملکت خداداد ان کی تابع ہو جائے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا ... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سیدال خان ناصر کی بھاوج کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

قلعہ سیف اللہ اور سنجاوی سے چوری شدہ 2 ٹرک برآمد

... خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے بڑی کامیابی حاصل کر لی۔ پولیس نے ضلع قلعہ سیف اللہ اور سنجاوی سے زبردستی چھینے گئے دو ٹرک TKU-783 اور TKK-87 کامیابی برآمد جو مالکان کے حوالے کئے جائیں گے پولیس کی بروقت کارروائی پر عوامی حلقوں نے اطمینان کا اظہار اور کوششوں کو سراہا۔

عبدالرزاق دوتانی کی برسی کے موقع پر قرارداد یں منظور

جاری جدوجہد کو منظم اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا' پشتونخوا نیپ

... ملی مبارز ارواشاد عبدالرزاق خان دوتانی کی 38 ویں برسی کے موقع پر لورالائی، سنجاوی اور پشین کے ... کی 38 ویں برسی پر ان کی سیاسی، جمہوری جدوجہد، ملی خدمات ... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی' انتظامیہ کے آپریشن جاری' پوست کی کاشت تلف

منشیات کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی' اے سی ندیم اکرم

لورالائی (آن لائن) حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ اور ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے تحصیل (تودہ چینا اور کچ) جاتی) میں پوست کی کاشت کے خلاف آپریشن کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے تک بھرپور کارروائی کی جائے گی اور آگے جا کر اس آپریشن میں مزید تیزی ... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان و بحرین کے تعلقات احترام و اعتماد پر مبنی ہیں' علی حسن زہری

پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ سے معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا' ترجمان آصف علی زرداری

برادرانہ تعلقات کو مضبوط' معاشی شراکت داری میں تبدیل کیا جائیگا' صوبائی وزیر

منامہ، بحرین/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر صوبائی نائب صدر بلوچستان، ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری صدر مملکت پاکستان آصف علی زرداری کے ہمراہ مملکت بحرین کے سرکاری دورے پر ہیں اس اعلیٰ سطحی دورے کا مقصد پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور باہمی تعاون کو نئی جہت دینا ہے۔ دورے کے دوران صدر پاکستان اور بحرین کی ... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: منیر احمد بادینی پی پی ایچ آئی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کا مکمل سد باب کیا جائے، سیاسی رہنما

لاپتہ افراد کے مسئلے کو سنجیدگی کے ساتھ آئینی بنیادوں پر حل کر کے ان کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب کو ذہنی کرب اور تکلیف سے چھٹکارا دلایا جائے

ماما قدیر بلوچ کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں پر نہیں ہو سکتا، لشکری رئیسانی، ڈاکٹر اسحاق، ساجد ترین و دیگر کا تعزیتی ریفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے سیاسی رہنماؤں سابق وفاقی وزراء، سینیٹرز و دیگر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لاپتہ افراد کے مسئلے کو سنجیدگی کے ساتھ آئینی بنیادوں پر حل کر کے ان کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب کو ذہنی کرب اور تکلیف سے چھٹکارا دلایا جائے ... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

صدر پاکستان آصف علی زرداری کو بحرین اکنامک ڈیولپمنٹ بورڈ کی جانب سے بریفنگ دی جا رہی ہے

پاک فوج کے جوان بلاول تصیم کی نماز جنازہ فوجی اعزاز کے ساتھ تدفین

نماز جنازہ میں پاک فوج کے افسران، ایف سی ونگ 114 کمانڈر نے شرکت کی

چھتر (این این آئی) پاک فوج کے جوان بلاول تصیم کی نماز جنازہ پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ادا ' آبائی گاؤں میں تدفین' تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے نواحی علاقے گوٹھ میر حسن کے رہائشی پاک فوج کے جوان بلاول تصیم ولد حسن علی تصیم کی نماز جنازہ پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی مرحوم کی نماز جنازہ میں پاک فوج کے افسران، ایف سی ونگ ... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت واقعہ میں زخمی افراد کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں' نور محمد دمڑ

غفلت کی کوئی گنجائش نہیں' ٹراما سینٹر کوئٹہ میں زخمیوں کی عیادت کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) زیارت کے علاقے کلی منہ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کے زخمیوں کی عیادت کیلئے صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین فوڈ اتھارٹی بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ سول ہسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر پہنچے اس موقع پر انہوں نے زیر علاج زخمیوں کی خیریت دریافت کی اور ان سے فرداً فرداً ملاقات کی صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

چمن ہاؤسنگ اسکیم میں ڈکیتی' گھر کے سربراہ کی فائرنگ سے ڈکیت زخمی

2 ساتھی فرار ہونے میں کامیاب' زخمی ڈاکو گرفتار' پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چمن ہاؤسنگ اسکیم گھر میں ڈکیتی کی کوشش ناکام سربراہ کی فائرنگ سے ایک ڈکیت کو زخمی حالت میں پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا دو ساتھی فرار ہو گئے پولیس کے مطابق چمن ہاؤسنگ اسکیم میں رہائشی پذیر غلام مصطفیٰ کے گھر میں گزشتہ شب تین مسلح افراد ڈکیتی کی نیت سے داخل ہوئے گھر کے سربراہ کو دیکھتے ہی فائرنگ کر دی تاہم سربراہ ... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نوابزادہ میر لشکری خان رئیسانی ماما قدیر بلوچ کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل جامعہ تربت میں سینیٹ ہال کا افتتاح کر رہے ہیں

آٹا بحران اور قیمتوں میں اضافہ تشویشناک ہے' قاری مہر اللہ

حکمرانوں نے مہنگائی میں اضافہ کر کے عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں' رہنما جمعیت (ن)

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کو چیئر مولانا قاری مہر اللہ نے کہا کہ ملک میں وافر مقدار گندم ہونے کی باوجود آٹے کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہے آج بھی گندم پر ذخیرہ اندوزوں کا راج ہے مافیا کے باعث عوام پر شدید مہنگائی مسلط ہے انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی پالیسیوں سے عوام کو ریلیف میسر کرنے کی کوئی امید نہیں ... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں ادویات اور طبی آلات کی برآمدات میں اضافہ

اسلام آباد ... ادویات اور طبی آلات کی برآمدات میں 34 فیصد اضافہ ...

سوراب' بھتہ خوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار' رقم برآمد

ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا' پولیس

قلات (نامہ نگار) ضلع شہید سکندر آباد سوراب میں عوامی شکایت کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے سوراب پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے بھتہ خوری میں ملوث تین ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے نقد رقم اور دو عدد گاڑیاں بھی برآمد کر لی گئیں تفصیلات کے مطابق یہ کارروائی ایس پی سوراب اختر اچکزئی کی خصوصی ہدایات ... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ میں ہسپتالوں اور نظام تعلیم کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں' بلاول بھٹو

صوبے میں تخفیف غربت پروگرام شروع کیا، سندھ حکومت کی کوششوں سے ریونیو کلیکشن میں بھی بہتری آئی ہے

سندھ میں این آئی سی وی ڈی طرز کے 11 اسپتال قائم کیے صوبے میں کینسر کا مہنگا ترین علاج مفت کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ اسپتالوں کا قیام ہو یا تعلیمی نظام میں بہتری، سندھ حکومت ہر شعبے میں بہتری کے لیے کام کر رہی ہے، صوبائی حکومت کی کوششوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت کی صحت کے شعبے میں بہتری پر خصوصی توجہ مرکوز، پورے سندھ میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں، سندھ میں عالمی معیار کی صحت ... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کے حوالے سے بڑھتی کشیدگی تشویشناک ہے' محمد عبدالقادر

ایران میں ریاستی اداروں کی بروقت حکمت عملی کے نتیجے میں حالیہ بدامنی و فسادات پر قابو پالیا گیا' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ایران میں ریاستی اداروں کی بروقت اور موثر حکمت عملی کے نتیجے میں حالیہ بدامنی اور فسادات پر قابو پالیا گیا ہے اور مجموعی صورتحال بتدریج معمول کی طرف لوٹ رہی ہے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مربوط کارروائیوں، انتظامی اقدامات نے ملک بھر میں پھیلی ہوئی کشیدگی کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا متاثرہ علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں کی بحالی، ٹرانسپورٹ کی ... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

تین بجلی کمپنیوں کی نجکاری کا فیصلہ، ٹرانزیکشن کمیٹی کا اجلاس آج طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے تین بجلی کمپنیوں کی نجکاری کا فیصلہ کرتے ہوئے ٹرانزیکشن کمیٹی کا اجلاس آج (جمعہ کو) طلب کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں تین بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کو نجی شعبے کی شراکت داری کے تحت چلانے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ اس حوالے سے نجی شعبے کی شراکت داری سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے ٹرانزیکشن کمیٹی کا اجلاس آج طلب کر لیا گیا ہے۔ اجلاس کی صدارت ڈی جی نجکاری کمیشن کریں گے، جبکہ آئیسکو، فیسکو اور گیپکو کے چیف ایگزیکٹوز اجلاس میں شریک ہوں گے۔ اس کے علاوہ نجکاری کمیشن کے لیگل اور فنانشل کنسلٹنٹس کے ساتھ ساتھ ڈسکوز کے ٹرانزیکشن منیجرز بھی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

ایئر پورٹس سے ڈی پورٹ ہونے والے 4 ہزار افراد کی انکوائریز مکمل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے نے ایئرپورٹس سے ڈی پورٹ ہونے والے 4 ہزار سے زائد افراد کی انکوائریز مکمل کر لیں۔ رپورٹ کے مطابق انکوائریز کے دوران بیرون ملک بھجوانے کے لیے جعلی اور غلط سفری دستاویزات کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے۔ متعدد مسافروں کو دھوکہ دینے والے ایجنٹس اور سہولت کاروں کی نشاندہی کر لی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ غلط دستاویزات پر بیرون ملک بھجوانے کی کوشش کرنے والے ایجنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا

شدید موسمی صورتحال، این ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شدید موسمی صورتحال کے بارے میں این ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا۔ این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمر جنسیز آپریشن سینٹر نے گلگت بلتستان، بالائی خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر میں ممکنہ شدید سردی کی لہر کا الرٹ جاری کیا ہے۔ آئندہ دنوں میں جنوری کے آخر تک رات اور صبح کے اوقات میں شدید سرد موسم کی توقع ہے، بالائی علاقوں میں درمیانے سے شدید درجے کی برفباری کا امکان ہے

محکمہ لیبر اینڈ مین پاور کی جانب سے 4 ہسپتال محکمہ صحت کے حوالے

ہسپتالوں کی حوالگی کی تقریب پشین میں منعقد جس کے مہمان خاص وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین تھے

کوئٹہ (خ ن) لیبر اینڈ مین پاور ڈیپارٹمنٹ نے جدید مشینری سے لیس چار اسٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتال محکمہ صحت حکومت بلوچستان کے حوالے کر دیے لیبر اینڈ مین پاور ڈیپارٹمنٹ نے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ایک اہم اقدام کے تحت جدید طبی سہولیات سے آراستہ اسٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتال حکومت بلوچستان کے محکمہ صحت کے حوالے کر دیے۔ ہسپتالوں کی حوالگی کی تقریب پشین میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر چوہدری ... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ایکنک نے 117 ارب روپے سے زائد مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیدی

توانائی، بنیادی ڈھانچے اور ٹرانسپورٹ کے مختلف منصوبوں کی منظوری، موثر منصوبہ بندی کی جائے، اسحاق ڈار

صحت سہولت پروگرام میں رواں سال جولائی تک توسیع، منصوبوں کی پائیداری کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ایکنک کے اجلاس میں 117 ارب روپے سے زائد مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دے دی گئی، صحت سہولت پروگرام میں بھی توسیع کر دی گئی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ایکنک کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں 117 ارب روپے سے زائد مالیت کے اہم ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں صحت سہولت پروگرام کی مدت میں 23 جولائی 2026 تک توسیع کی منظوری دی گئی، جبکہ توانائی، بنیادی ڈھانچے اور ٹرانسپورٹ کے مختلف منصوبوں ... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان خواتین کو ہراساں کرنے کیخلاف سرچ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قائم مقام چیئرمین سینیٹ کی بھاوج کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری

تعزیت کرنے والوں میں وزراء، اراکین اسمبلی، سابق گورنرز' سیاسی و سماجی شخصیات شامل

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کے بڑے بھائی امان اللہ خان ناصر کی اہلیہ کے انتقال پر ملک بھر میں تعزیت اور فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے مرحومہ کے انتقال پر سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات کی بڑی تعداد نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی کوئٹہ میں قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر اور ان کے بڑے بھائی امان اللہ خان ناصر سے تعزیت کیلئے سابق گورنر ... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی کرپشن کی گرفتار ڈی ایچ او واشک کو حوالے کرنے کی استدعا

پولیس سے ملزم سابق ڈی ایچ او محمد اکبر رڈ کا کیس محکمہ کو منتقل کرنے کی اپیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت کی ہدایت پر نیو سریاب پولیس کی جانب سے کارروائی کرتے ہوئے ضلع واشک کی سرکاری گاڑی میں موجود سرکاری ادویات کو چرانے اور بیچنے کیلئے غیر قانونی طور پر کوئٹہ منتقل کرنے کے الزام میں معطل ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اکبر رڈ کو گرفتار کر لیا تھا جس پر محکمہ انسداد رشوت ستانی نے فیصلہ لیتے ہوئے محکمہ پولیس اور عدالت سے استدعا کی ہے کہ ملزم سابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر محمد اکبر رڈ کا کیس محکمہ ہذا کو منتقل کیا جائے۔

کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل میں 3000 قیدیوں کی سکریننگ' 10 کے ایچ آئی وی ٹیسٹ پازیٹو

غیر سرکاری تنظیم و صوبائی محکمہ ٹی بی کنٹرول کے زیر اہتمام کیمپ لگا کر مریضوں کا ٹیسٹ کیا گیا' سپرنٹنڈنٹ جیل سید حمید اللہ

جیل میں ٹی بی کے مریض بھی موجود' خطرناک بیماریوں میں مبتلا قیدیوں کو الگ بیرکس میں رکھنے کے انتظامات ہیں میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ سید حمید اللہ نے کہا ہے کہ کوئٹہ جیل میں قید 1200 قیدیوں کی سکریننگ کی گئی جس میں 10 قیدیوں کے ایچ آئی وی ٹیسٹ پازیٹو آئے ہیں ہماری کوشش ہے کہ نئے آنے والے قیدیوں کو پہلے الگ بیرک میں رکھ کر بعد میں ان کے میڈیکل ٹیسٹ کی رپورٹ آنے کے بعد دیگر بیرکس میں منتقل کیا جائے اگر کوئی قیدی کسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہے تو اسے الگ رکھنے کے انتظامات یقینی بنائے جاتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جیل سپرنٹنڈنٹ ... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور نصر اللہ زیرے امان اللہ ناصر کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

حکومت کی جانب سے ہزارہ ٹاؤن پولیس اسٹیشن کا قیام' نوٹیفکیشن جاری

ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت کی ہدایت پر ایس ایچ او بھی تعینات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزارہ ٹاؤن پولیس اسٹیشن قائم حکومت بلوچستان نے ہزارہ ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں امن و امان کی موثر صورتحال یقینی بنانے کیلئے ہزارہ ٹاؤن پولیس اسٹیشن کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جبکہ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت کی ہدایات پر پولیس اسٹیشن کیلئے اسٹیشن ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی پولیس کے ترجمان کے مطابق ہزارہ ٹاؤن پولیس اسٹیشن کو بروری پولیس اسٹیشن سے ... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

مزدور ملکی معیشت کا پہیہ چلاتے ہیں' بابا غلام رسول عمرانی

محکمے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہمارا عزم ہے' صوبائی وزیر لیبر اینڈ مین پاور

پشین، مسلم باغ، چمالانگ' دالبندین میں لیبر ہسپتالوں کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ مزدور ہماری معیشت کا پہیہ چلاتے ہیں، ان کی خوشحالی ہی صوبے کی خوشحالی ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ محکمہ لیبر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے تاکہ بلوچستان کے مزدور کو بھی یکساں سہولیات میسر ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

مدارس کے کیخلاف سرکاری سازشیں ناکام ہوں گی' مولانا عبدالرحمان رفیق

نوجوان اپنے اکابر و اسلاف کو آئیڈیل بنا کر مغربی تہذیب سے خود کو محفوظ رکھیں

دینی مدارس سے علم، تقویٰ کی شمعیں روشن ہوتی ہیں' دستار فضیلت سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق نے مختلف دینی مدارس کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ جلسہ دستار بندی کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدارس کے نظام کے خلاف سرکاری سازشیں ناکام ہوں گی۔ جمعیت کے ہوتے ہوئے کسی کو یہ اجازت نہیں ہوگی کہ شعائر اسلام کے خلاف اپنے عزائم کی ... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ملازمین کی گرفتاریوں سے حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں' مولانا ہدایت الرحمن

گرینڈ الائنس کے مطالبات کی حمایت کرتے ہیں صوبائی کابینہ بھی ان کے سر پر دست شفقت رکھے' ایم پی اے

مطالبات کا باریک بینی سے جائزہ لے کر انہیں تسلیم کیا جائے' گوادر میں گرینڈ الائنس کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) گرینڈ الائنس کے نمائندہ وفد نے گوادر میں امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان سے ملاقات، گرینڈ الائنس کے مطالبات پیش کئے اس موقع پر ایم پی اے نے کہا کہ ملازمین کے تمام مطالبات جائز ہیں وزیر اعلیٰ سے بات کریں گے ملازمین کے پرامن جدوجہد کی مکمل حمایت کرتے ہیں امیر جماعت اسلامی کی احتجاجی دھرنے میں شرکت کرنے کی یقین دہانی' گوادر گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کے ایک نمائندہ وفد نے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان سے ... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلا دیش کیساتھ تعلیمی میدان میں معاہدہ طے پا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے پہلے مرحلے میں 500 بنگلا دیشی طلبا کو قومی جامعات میں داخلہ دینے کا اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان تعلیمی میدان میں اہم معاہدہ طے پا گیا جس کے تحت پہلے مرحلے میں 500 بنگلا دیشی طلبا کو پاکستانی جامعات میں داخلے فراہم کیے جائیں گے۔ ذرائع ہائر ایجوکیشن کمیشن کے مطابق ان 500 بنگلا دیشی طلبا کو پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم مختلف یونیورسٹیوں میں داخلے دیے جائیں گے

کوئٹہ: صوبائی وزیر نور محمد دمڑ ٹراما سنٹر میں زیارت واقعہ کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

راکٹ حملوں سے بچوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنا قابل قبول نہیں' شعیب نوشیروانی

تشدد کسی مسئلے کا حل نہیں' طاقت کے ذریعے دل جیتے جا سکتے نہ ہی دیرپا امن قائم ہو سکتا ہے' صوبائی وزیر خزانہ

خاران کا واقعہ افسوسناک' حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں امن و امان کے قیام کیلئے کوششیں جاری رکھے گی' مذمتی بیان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ خاران میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور اس واقعہ میں زخمی ہونے والے بچوں اور دیگر معصوم افراد کیلئے دلی ہمدردی اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں عوامی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا، راکٹ حملوں میں معصوم جانوں کو خطرے میں ڈالنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں انہوں نے کہا کہ تشدد اور خوف و ہراس کسی مسئلے کا حل نہیں۔ طاقت کے استعمال سے نہ تو دل جیتے جا سکتے ہیں اور نہ ہی دیرپا امن قائم ہو سکتا ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی: اے سی بوری ندیم اکرم مینٹر میں پوست کی فصل اپنے نگرانی میں تلف کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا ربانی خان کاکڑ سے اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ماں جیسی عظیم نعمت کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا، والدہ کا بچھڑ جانا ایک ایسا صدمہ ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ ربانی خان کاکڑ اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں میر سرفراز بگٹی نے مرحومہ کی مغفرت، درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کیلئے دعا کی

حاجی علی مدد جتک کی کراچی میں حاجی امان اللہ نوتیزئی سمیت دیگر قبائلی شخصیات کی عیادت

کراچی (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے ممتاز سیاسی و قبائلی رہنماؤں میر ساجد دشتی، میر اسرار دشتی اور میر یوسف جنگوزئی سابق صوبائی وزیر حاجی امان اللہ نوتیزئی کی نجی ہسپتال کراچی میں عیادت کی اس موقع پر حاجی علی مدد جتک نے زیر علاج مریض کی خیریت دریافت کی، ان کی جلد صحتیابی کے لئے دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

وزیر خزانہ اور ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولر ما ایمگا بزر کی ملاقات

ورلڈ بینک نے پاکستان میں موجودہ سرمایہ کاری کو سی پی ایف اہداف سے کم قرار دیدیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ورلڈ بینک نے پاکستان میں موجودہ سرمایہ کاری کو سی پی ایف اہداف سے کم قرار دے دیتے ہوئے نتائج پر مبنی طریقہ کار کی تجویز دیدی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولر ما ایمگا بزر کی ملاقات ہوئی، ورلڈ بینک کے نمائندے نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کی موجودہ سطح ... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ، اہلکار کی بحالی کیخلاف ایف سی کی درخواست خارج

بے گناہی ثابت کرنے کے لیے موقع نہ دینا ناانصافی کے مترادف ہے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے اہلکار کی بحالی کے خلاف ایف سی کی درخواست خارج کر دی۔ جمعرات کو سپریم کورٹ میں فرنٹیئر کور کے اہلکار کی بحالی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کے دوران عدالت عظمیٰ نے ایف سی خیبر پختونخوا کی درخواست خارج کر دی۔ مقدمے کی سماعت جسٹس عائشہ ملک کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کی۔ سماعت کے دوران ایف سی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ کی روشنی ... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے علی مدد جتک اور ساجد دشتی کراچی میں سابق صوبائی وزیر امان اللہ نوتیزئی کی عیادت کر رہے ہیں

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں بڑی کمی

نیویارک (م ڈ) تیل کی قیمتوں میں جمعرات کو کئی ماہ کی بلند ترین سطح سے کمی دیکھنے میں آئی جبکہ سونا بھی اپنی تاریخی بلند ترین سطح سے نیچے آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق برینٹ کروڈ فیوچرز 3.4 فیصد کمی کے بعد 64.25 ڈالر فی بیرل جبکہ امریکی ٹیکس کروڈ 3.4 فیصد گر کر 59.89 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ گزشتہ سیشن میں یہ بالترتیب 66.82 اور 62.36 ڈالر تک پہنچ گئے تھے۔

مزدور ہڑتال کی کال پر عملدرآمد و حقوق کا دفاع کریں' رمضان اچکزئی

آئینی و قانونی حق کا استعمال کرتے ہوئے وفاق کو ہڑتال کا نوٹس دے دیا' واپڈا ہائیڈرو یونین

عہدیدار و کارکن دفاتر میں اپنے حقوق کی حفاظت و نجکاری کیخلاف مزدوروں کو آگاہی دیں' مرکزی جوائنٹ صدر و چیئرمین

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جوائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی نے ملک بھر اور صوبہ بلوچستان کی پاور ڈویژن کمپنیوں کے انجینئرز اور کارکنوں کو مطلع کیا ہے کہ سی بی اے یونین نے اپنے آئینی اور قانونی حق کا استعمال کرتے ہوئے وفاقی وزیر و وفاقی سیکرٹری پاور ڈویژن کو آئی آر اے - 2012ء کے سیکشن (3)35 کے تحت ہڑتال کا نوٹس دے دیا ہے انہوں نے کہا کہ ہڑتال کے اس نوٹس سے پہلے یونین نے آئی آر اے کے سیکشن 20 کے تحت ایجنڈا، سیکشن 34 کے تحت ... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے یمن بحران کے حل کیلئے فوری اور متحدہ عالمی کوششیں ناگزیر قرار دیدیں

پاکستان نے یمن کے عوام کو بھوک، بیماری اور بے دخلی سے بچانے کی اپیل کر دی' پاکستانی مندوب عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ یمن بحران کے حل کے لئے فوری امداد اور متحدہ عالمی کوششیں ضروری ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے اقوام متحدہ میں موقف اختیار کیا کہ سیاسی اور انسانی پہلوؤں پر فوری توجہ لازمی ہے، پاکستان نے یمن کے عوام کو بھوک، بیماری اور بے دخلی سے بچانے کی اپیل کر دی۔ پاکستانی مندوب عاصم افتخار کا کہنا ہے کہ فوجی حل نہیں، صرف سفارت کاری اور امن ... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

نفرت انگیز، جنگ آمیز یا گمراہ کن مواد کی اشاعت، ترسیل سے گریز کریں، پی ٹی اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سوشل میڈیا صارفین کو خبردار کر دیا۔ پی ٹی اے کی جانب سے سوشل میڈیا صارفین کو کہا گیا کہ نفرت انگیز، جنگ آمیز یا گمراہ کن مواد کی اشاعت، ترسیل سے گریز کریں۔ پی ٹی اے نے کہا کہ سوشل میڈیا صارفین سے درخواست ہے کہ گمراہ کن مواد فوری ہٹا دیں اور ایسے بیانیوں، مہم کا حصہ بننے سے بھی اجتناب کریں۔

ریلویز کے ترقیاتی منصوبوں کو بجٹ دیا جائیگا، شہباز شریف

وزیراعظم نے ماہرین سے ریلویز کیلئے عملی اقدامات کا روڈ میپ مانگ لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ماہرین سے ریلویز کیلئے عملی اقدامات کا روڈ میپ مانگ لیا۔ شہباز شریف نے ریلوے کی کارکردگی مزید موثر بنانے کیلئے ماہرین سے مشاورتی اجلاس میں کہا کہ ریلوے کے منافع بخش استعمال کیلئے پرائیویٹ پارٹنرشپ کے امکانات کا جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری ریلوے نظام ... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا ایران کشیدگی کم کرنے کیلئے عرب ممالک کے رابطے

عرب ممالک کی ثالثی نے دونوں ممالک کو پرامن مذاکرات کیلئے موقع فراہم کیا

دبئی (م ڈ) امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ کشیدگی سفارتی رابطوں کے ذریعے کم ہو گئی ہے۔ عرب میڈیا اور حکام کے مطابق امریکی حکام مذاکرات کو وقت دے رہے ہیں اور رابطے اب بھی جاری ہیں تاکہ صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے اور بات چیت کس سمت میں جاتی ہے، اس کا تعین کیا جا سکے۔ عرب عہدیداروں نے بتایا کہ قطر، سعودی عرب اور عمان نے اس معاملے میں سفارتی قیادت فراہم کی، جس سے امریکا اور ایران کے درمیان براہ راست بات ... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ: مولانا عبدالواسع ملک مجیب مہترزئی کی والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گرین لینڈ پر ڈنمارک اور امریکا کے مذاکرات ناکام

ڈنمارک نے نیٹو اتحادیوں کیساتھ گرین لینڈ میں فوجی تعیناتی شروع کر دی

کوپن ہیگن (م ڈ) امریکا کی جانب سے گرین لینڈ خریدنے کی بار بار خواہش کے اظہار کے بعد امریکا، ڈنمارک اور گرین لینڈ کے درمیان ہونے والا اعلیٰ سطح سہ فریقی اجلاس بغیر کسی پیش رفت کے ختم ہو گیا، جس کے فوراً بعد ڈنمارک نے نیٹو اتحادیوں کے ساتھ مل کر گرین لینڈ میں فوجی تعیناتی شروع کر دی۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق ڈنمارک کی ... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں بازیاب پاکستانی خاتون کا معاملہ الجھ گیا

تنہا وطن لوٹنے سے انکار کر دیا، پاکستانی سفارتخانے کو مکمل رسائی دی گئی

تہران، اسلام آباد (آئی این پی) ایران میں بازیاب پاکستانی خاتون نے تنہا وطن لوٹنے سے انکار کر دیا، تاہم مبینہ طور پر سفری دستاویز کے بغیر ایران کا سفر کرنے کے سبب خاتون کا معاملہ مزید الجھ گیا ہے۔ نجی ٹی وی رپورٹ کے مطابق ایران میں بازیاب خاتون نے تحریری اور ویڈیو پیغام جاری کیا ہے۔ چار ماہ کی حاملہ خاتون کا کہنا ہے کہ اس کی حالت ایسی ... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے عالم اسلام کا متحد ہونا ناگزیر ہے' جمعیت نظریاتی

قوتیں مسلمانوں سے انکی معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام' ترقی و خوشحالی چھین رہی ہیں' مولانا عبدالقادر لونی

پاک' ایران اور افغانستان معاشی تعاون و سفارتی تعلقات استوار رکھنے سے معاشی بدحالی پر قابو پایا جا سکتا ہے' قائم مقام امیر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ موجودہ درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے عالم اسلام کا متحد ہونا ناگزیر ہے استعماری اور سامراجی قوتیں عالم اسلام سے انکی معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی چھین رہی ہیں اور دنیا میں مسلمان کو محکوم اور مغلوب بنا کر غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کیا جا رہا ہے عالمی استعمار کے ظلم و جبر سے دنیا میں دو ارب مسلمانوں کو سیاسی، معاشی استحصال کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے اجتماعی مسائل، مسلم اقوام و ممالک کی خود مختاری اور باوقار حیثیت ... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مسائل کے حل کی بجائے اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہے' جمعیت

نجی ہوٹل میں طے ڈھائی ڈھائی سالہ اقتدار کے غیر جمہوری فارمولے نے صوبے کو شدید سیاسی، انتظامی و معاشی بحرانوں میں دھکیل دیا

بیساکھیوں پر کھڑی حکومتیں کوئی جرات مندانہ فیصلہ نہ ہی صوبے کو درپیش سنگین چیلنجز سے نمٹنے کی اہلیت رکھتی ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ جے یو آئی کا یہ دیرینہ اور اصولی موقف رہا ہے کہ بلوچستان میں ہمیشہ عوامی رائے کے برعکس حکومتیں تشکیل دی جاتی رہی ہیں کبھی مرکزی فارمولے جیسے غیر آئینی بندوبست کے ذریعے، کبھی نام نہاد نئی سیاسی جماعتوں کو مصنوعی طور پر منظر عام پر لا کر فلوط حکومتیں بنائی گئیں، اور اب ایک نجی ہوٹل میں طے پانے والے ڈھائی ڈھائی سالہ اقتدار کے غیر جمہوری فارمولے نے صوبے کو شدید سیاسی، انتظامی اور معاشی بحرانوں میں دھکیل دیا ہے۔ موجودہ ... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر